خالص ہو کر	اور	نہ	ہو تو	مشرکوں سے	اور	نہ	پکار	اللہ کے سوا

اس دین پر قائم کر دو اور مشرکوں میں سے نہ ہو۔ اور اللہ کو چھوڑ کر اسے نہ پکارنا

مَا لَا یَنْفَعُكَ وَ لَا یَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا

مَالَا	یَنْفَعُكَ	وَ	لَا	یَضُرُّكَ	فَاِنْ	فَعَلْتَ	فَاِنَّكَ	اِذًا
اس کو جو نہ	نفع دے تجھے	اور	نہ	نقصان دے	پھر اگر	تو نے کیا	تو بیشک تو	وقت اس ہوگا

جو نہ تجھے نفع دیتا ہے اور نہ تجھے نقصان دیتا ہے اگر تم نے ایسا کیا تو تم

مِّنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَ اِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ

مِنَ الظّٰلِمِیْنَ	وَ	اِنْ	یَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا	كَاشِفَ	لَهٗۤ
ظالموں سے	اور	اگر	پہنچائے تجھے	اللہ	تکلیف	تو نہیں ہے کوئی	ٹالنے والا	اس کا

ظالموں میں ہو جاؤ گے۔ اور اگر اللہ آپ کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں

اِلَّا هُوَ ۚ وَ اِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ یُصِیْبُ بِهٖ

اِلَّا	هُوَ	وَ	اِنْ	یُّرِدْكَ	بِخَیْرٍ	فَلَا	رَآدَّ	لِفَضْلِهٖ	یُصِیْبُ	بِهٖ
مگر	وہی	اور	اگر	ارادہ کرے تجھ سے	بھلائی کا	تو نہیں ہے	روکنے والا	اس کے فضل کو	پہنچاتا ہے	وہ فضل

اور اگر وہ آپ کیلئے خیر کا ارادہ کرے تو اس کے فضل کو کوئی رد کرنے والا نہیں وہ اپنا فضل پہنچاتا ہے

مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ

مَنْ	یَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ	قُلْ
جسے	چاہے	اپنے بندوں سے	اور	وہ ہے	بخشنے والا	مہربان	فرمادو

اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اور وہی بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ (اے حبیب ﷺ!)

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ

یٰۤاَیُّهَا	النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكُمْ	فَمَنِ
اے	لوگو	بیشک	آیا تمہارے پاس	حق	تمہارے رب سے	پھر جس نے

آپ ﷺ فرما دیں اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق آ گیا تو جس نے ہدایت پائی

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ

اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ
ہدایت پائی	تو سوا اسکے نہیں	ہدایت پاتا ہے	اپنی جان کے لیے	اور	جو	گمراہ ہوا تو	سوا اسکے نہیں	گمراہ ہوتا ہے

اس نے اپنے ہی فائدہ بھی) اسی کیلئے ہدایت پائی اور جو گمراہ ہوا تو وہ اپنی ہی ہلاکت کیلئے

عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

عَلَيْهَا	وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	وَ	اتَّبِعْ	مَا	يُوْحٰٓى
اپنے اوپر	اور	نہیں	میں	تم پر	حاکم اعلیٰ	اور	پیروی کر	اس چیز کی جو	وحی کی جاتی ہے

گمراہ ہوا اور میں تم پر نگران نہیں ہوں۔ اور اے حبیب ﷺ اس کی

اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ ع

اِلَيْكَ	وَ	اصْبِرْ	حَتّٰى	يَحْكُمَ	اللّٰهُ	وَ	هُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
تمہاری طرف	اور	صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کرے	اللہ	اور	وہ ہے	بہترین	فیصلہ کرنے والا

اتباع کرو جو آپ پر وحی ہوتی ہے اور صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ حکم فرمائے اور وہ سب سے بہتر حکم فرمانے والا ہے۔

آیاتہا ۱۲۳ — ۱۱ سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ ۵۲ — رکوعاتہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اُحْكِمَتْ	اٰيٰتُهٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ	مِنْ لَّدُنْ
ال ر	یہ کتاب ہے	حکمت بھری ہیں	اسکی آیتیں	پھر	تفصیل ہیں	پاس سے

یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں حکمت بھری ہیں اور مفصل بیان کی گئیں ہیں حکمت والے

حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿١﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ

حَكِيْمٍ	خَبِيْرٍ	اَلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا	اللّٰهَ
حکمت والے	خبر والے سے	یہ کہ نہ	بندگی کرو تم	مگر	اللہ کی

خبردار کی طرف سے۔ کہ بندگی نہ کرو مگر اللہ کی بے شک میں

اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ ﴿٢﴾ وَّ اَنِ

اِنَّنِيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ	وَّ	بَشِيْرٌ	وَّ	اَنِ
بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے ہوں	ڈرانے والا	اور	خوشخبری دینے والا	اور	یہ کہ

تمہارے لئے اس کی طرف سے ڈر اور خوشخبری سنانے والا ہوں۔ اور یہ کہ

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ

اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا	اِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُمْ
بخشش مانگو	اپنے رب سے	پھر	توبہ کرو	اس کی طرف	فائدہ دے گا تم کو

اپنے رب سے بخشش مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو

مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ

مَّتَاعًا	حَسَنًا	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّ	يُؤْتِ	كُلَّ	ذِيْ فَضْلٍ
فائدہ	اچھا	طرف	مدت	مقرر کے	اور	دے گا	ہر ایک	فضیلت والے کو

وہ تمہیں ایک مقررہ مدت تک عمدہ سازوسامان دے گا اور ہر زیادہ کرنے والے کو اپنی

فَضْلَهٗ ؕ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

فَضْلَهٗ	وَ	اِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ
اس کا فضل	اور	اگر	منہ پھیرو	تو بیشک میں	ڈرتا ہوں میں	تم پر

طرف سے زیادہ دے گا لیکن اگر تم نے منہ موڑ لیا تو میں تم پر

عَذَابَ یَوۡمٍ کَبِیۡرٍ ﴿۳﴾ اِلَی اللّٰہِ مَرۡجِعُکُمۡ ۚ وَ ھُوَ

عَذَابَ	یَوۡمٍ	کَبِیۡرٍ	اِلَی	اللّٰہِ	مَرۡجِعُکُمۡ	وَ	ھُوَ
عذاب	دن	بڑے سے	طرف	اللہ کی ہے	تمہارا پھرنا	اور	وہ

ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اللہ کی طرف ہی تمہاری واپسی ہو گی

عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۴﴾ اَلَاۤ اِنَّھُمۡ یَثۡنُوۡنَ

عَلٰی	کُلِّ	شَیۡءٍ	قَدِیۡرٌ	اَلَاۤ	اِنَّھُمۡ	یَثۡنُوۡنَ
اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	خبردار	بیشک وہ	دوہرے کرتے ہیں

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ سن لو وہ اپنے سینوں کو لپیٹتے ہیں

صُدُوۡرَھُمۡ لِیَسۡتَخۡفُوۡا مِنۡہُ ؕ اَلَا حِیۡنَ

صُدُوۡرَھُمۡ	لِیَسۡتَخۡفُوۡا	مِنۡہُ	اَلَا	حِیۡنَ
اپنے سینے	تاکہ چھپے رہیں	اس سے	خبردار	جب وہ

کہ اللہ سے چھپائیں خبردار جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھ لیتے ہیں

یَسۡتَغۡشُوۡنَ ثِیَابَھُمۡ ۙ یَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَمَا

یَسۡتَغۡشُوۡنَ	ثِیَابَھُمۡ	یَعۡلَمُ	مَا یُسِرُّوۡنَ	وَمَا
لپیٹتے ہیں	اپنے کپڑے	تو وہ جانتا ہے	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو

اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں

یُعۡلِنُوۡنَ ۚ اِنَّہٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۵﴾

یُعۡلِنُوۡنَ	اِنَّہٗ	عَلِیۡمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ
ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	جاننے والا ہے	دلوں کی باتیں

بے شک وہ سینوں کی باتیں خوب جانتا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

وَ	مَا	مِنْ دَآبَّةٍ	فِي الْأَرْضِ	إِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	رِزْقُهَا	وَ	يَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا
اور	نہیں	کوئی چلنے والا	زمین میں	مگر	اللہ پر ہے	اس کی روزی	اور	جانتا ہے	اس کا ٹھکانا

اور زمین پر کوئی چلنے والا نہیں لیکن اللہ پر اس کا رزق ہے اور وہ جانتا ہے اس کے ٹھہرنے کی جگہ کو

وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (٦) وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَ	مُسْتَوْدَعَهَا	كُلٌّ	فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اور	اس کا سپرد ہونا	سب کچھ	روشن کتاب میں ہے	اور	وہ	ذات ہے	جس نے بنایا	آسمانوں

اور اس کے سپرد کیے جانے کی جگہ کو سب کچھ روشن کتاب میں ہے۔ اور وہی ہے جس نے آسمان

وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ

وَ	الْأَرْضَ	فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ	وَّ	كَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُوَكُمْ	أَيُّكُمْ
اور	زمین کو	چھ دنوں میں	اور	تھا	اس کا عرش	پانی پر	تاکہ آزمائے تم کو	کون تم میں سے

اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور اس کا عرش پانی کے اوپر تھا کہ تمہیں آزمائے تم میں کس کا

أَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ

أَحْسَنُ	عَمَلًا	وَ	لَئِنْ	قُلْتَ	إِنَّكُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْ بَعْدِ	الْمَوْتِ
اچھا ہے	عمل میں	اور	اگر	آپ فرمائیں	بیشک تم	اٹھائے جاؤ گے	بعد	مرنے کے

کام اچھا ہے اور اگر آپ فرمائیں کہ بے شک تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے

لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (٧) وَلَئِنْ أَخَّرْنَا

لَيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	إِنْ	هٰذَآ	إِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	لَئِنْ	أَخَّرْنَا
تو کہیں گے	وہ جو	کافر ہیں	نہیں	یہ	مگر	جادو	کھلا ہوا	اور	اگر	ہم ہٹادیں

تو کافر ضرور کہیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہی ہے۔ اور اگر ہم ان سے عذاب

عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ

عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِلٰٓى	اُمَّةٍ	مَّعْدُوْدَةٍ	لَّيَقُوْلُنَّ	مَا يَحْبِسُهٗ	اَلَا	يَوْمَ
ان سے	عذاب	ایک	مدت	مقررہ تک	تو کہیں گے	کس نے روکا اس کو	سن لو	جس دن

کچھ مدت تک ہٹا دیں تو ضرور کہیں گے کس چیز نے روکا ہے سن لو جس دن ان پر آئے گا

يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

يَاْتِيْهِمْ	لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَ	حَاقَ	بِهِمْ	مَّا كَانُوْا	بِهٖ
آئے گا انکے پاس	نہ	پھیرا جائے گا	ان سے	اور	گھیرے گا	ان کو	وہ جو تھے	اس کی

ان سے پھیرا نہ جائے گا اور انہیں گھیر لے گا وہی عذاب جس کی

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸﴾ ع وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ

يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَ	لَئِنْ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً	ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ
ہنسی اڑاتے	اور	اگر	چکھائیں ہم	انسان کو	اپنی طرف سے	رحمت	پھر	چھین لیں ہم وہ	اس سے

ہنسی اُڑاتے تھے۔ اور اگر ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت کا مزا چکھائیں پھر اسے اس سے چھین لیں

اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ﴿۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

اِنَّهٗ	لَيَئُوْسٌ	كَفُوْرٌ	وَ	لَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	نَعْمَآءَ	بَعْدَ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ
بیشک وہ	ناامید ہے	ناشکرا	اور	اگر	چکھائیں ہم	نعمت	بعد	تکلیف کے	جو پہنچی ہے اسے

بے شک وہ مایوس اور ناشکرا بن جاتا ہے۔ اور اگر ہم اسے تکلیف کے بعد راحت کا مزا چکھا دیں

لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ﴿۱۰﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ

لَيَقُوْلَنَّ	ذَهَبَ	السَّيِّاٰتُ	عَنِّيْ	اِنَّهٗ	لَفَرِحٌ	فَخُوْرٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ
تو کہے گا	دور ہو گئیں	برائیاں	مجھ سے	بیشک وہ ہے	خوش ہونے والا	بڑائی مارنیوالا	مگر	وہ لوگ جنہوں نے

تو وہ ضرور کہہ دے گا تکلیفیں مجھ سے جاتی رہیں' بے شک وہ اترانے والا شیخی مارنے والا ہے۔ مگر جنہوں نے

صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾

صَبَرُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ
صبر کیا	اور	عمل کیے	اچھے	یہ لوگ ہیں کہ	ان کیلئے	بخشش ہے	اور	ثواب	بڑا

صبر کیا اور نیک کام کیے انہی کیلئے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَاۗىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ

فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌ	بَعْضَ	مَا يُوْحٰٓى	اِلَيْكَ	وَ	ضَاۗىِٕقٌ	بِهٖ	صَدْرُكَ	اَنْ
پھر شاید آپ	چھوڑنے والے ہیں	بعض	اس کا جو وحی کیا گیا	آپ کی طرف	اور	تنگ ہے	اس سے	تمہارا دل	یہ کہ

تو کیا آپ اس میں سے کچھ چھوڑ دیں گے جو آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے اور آپ کا سینہ اس بات سے تنگ ہوگا کہ کافر کہیں کہ

يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَاۗءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۭ

يَّقُوْلُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	كَنْزٌ	اَوْ جَاۗءَ	مَعَهٗ	مَلَكٌ	اِنَّمَآ	اَنْتَ	نَذِيْرٌ
کہیں	کیوں نہیں	اتارا گیا	اس پر	خزانہ	یا آیا	انکے ساتھ	فرشتہ	سوائے اس کے نہیں کہ	آپ ہیں	ڈرانے والے

ان پر کوئی خزانہ کیوں نہ اُتارا گیا یا ان کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ آیا؟ آپ تو صرف

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ

وَ	اللّٰهُ	عَلٰي	كُلِّ	شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِعَشْرِ
اور	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	محافظ ہے	کیا	کہتے ہیں	بنالیا ہے اس کو	فرمادو	تو لے آؤ	دس

ڈر سنانے والے ہیں اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے دل سے بنا لیا فرما دیجئے

سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

سُوَرٍ	مِّثْلِهٖ	مُفْتَرَيٰتٍ	وَّ	ادْعُوْا	مَنِ	اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ
سورتیں	اس جیسی	بنائی ہوئی	اور	بلاؤ	جس کو	طاقت رکھو تم	سوائے	اللہ کے	اگر

کہ تم ایسی بنائی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا جو مدد کے لیے مل سکیں سب کو

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِلَّمْ	يَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ	بِعِلْمِ	اللّٰهِ
ہو تم	سچے	پھر نہ	جواب دیں	تم کو	تو جان لو	یقیناً وہ	اتارا گیا ہے	علم	الٰہی سے

بالا گر تم سچے ہو۔ اے مسلمانوں اگر وہ تمہیں اس بات کا جواب نہ دے سکیں تو سمجھ لو کہ وہ اللہ کے حکم ہی سے نازل ہوا ہے

وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ

وَ	اَنْ	لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	مَنْ	كَانَ	يُرِيْدُ	الْحَيٰوةَ
اور	یہ کہ	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	پھر کیا	تم	ماننے والے ہو	جو	ہے	چاہتا	زندگی

اور اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو کیا اب تم مسلمان ہو جاؤ گے۔ جو کوئی دنیا کی زندگی اور اس کی

الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَ هُمْ فِيْهَا

الدُّنْيَا	وَ	زِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ	اَعْمَالَهُمْ	فِيْهَا	وَ	هُمْ	فِيْهَا
دنیا کی	اور	اس کی زینت	پورا دینگے ہم	ان کو	ان کے عمل	اس میں	اور	وہ	اس میں

زینت چاہتا ہے انہیں ہم یہیں ان کے بدلے پورے کر دیتے ہیں اور انہیں اس میں

لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ

لَا	يُبْخَسُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَيْسَ	لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	النَّارُ
نہ	خسارہ دیے جائیں گے	یہ لوگ	وہ ہیں کہ	نہیں	ان کے لیے	آخرت میں	مگر	آگ

کم نہیں کیا جاتا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کیلئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں ہو گا

وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى

وَ	حَبِطَ	مَا	صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَ	بٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى
اور	اکارت ہوا	جو	بنایا انہوں نے	اس میں	اور	باطل ہے	جو	تھے وہ	عمل کرتے	کیا جو شخص کہ	ہے	اوپر

اور جو کچھ انہوں نے یہاں بنایا ضائع ہوا اور جو کیا وہ بیکار گیا۔ تو کیا جو اپنے رب کی

بَیِّنَۃٍ مِّنْ رَّبِّہٖ وَیَتْلُوْہُ شَاھِدٌ مِّنْہُ وَمِنْ قَبْلِہٖ کِتٰبُ مُوْسٰٓی اِمَامًا

بَیِّنَۃٍ	مِّنْ رَّبِّہٖ	وَ	یَتْلُوْہُ	شَاھِدٌ	مِّنْہُ	وَ	مِنْ قَبْلِہٖ	کِتٰبُ	مُوْسٰٓی	اِمَامًا
دلیل کے	اپنے رب سے	اور	اسکے ساتھ ہو	گواہ	اس سے	اور	اس سے پہلے	کتاب	موسیٰ کی	پیشوا

طرف سے روشن دلیل پر ہو اور اس کے ساتھ اللہ کی طرف سے ایک گواہ بھی آ گیا ہو اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب

وَّرَحْمَۃً ؕ اُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ ؕ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِہٖ مِنَ الْاَحْزَابِ

وَ	رَحْمَۃً	اُولٰٓئِکَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِہٖ	وَ	مَنْ	یَّکْفُرْ	بِہٖ	مِنَ الْاَحْزَابِ
اور	رحمت	یہ لوگ	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور	جو	کفر کرے	اسکے ساتھ	گروہوں میں سے

آ چکی ہو جو رہنما اور رحمت ہے وہ لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں اور سب گروہوں میں سے جس نے اس کے ساتھ کفر کیا تو جہنم

فَالنَّارُ مَوْعِدُہٗ ۚ فَلَا تَکُ فِیْ مِرْیَۃٍ مِّنْہُ ۗ اِنَّہُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ

فَالنَّارُ	مَوْعِدُہٗ	فَلَا تَکُ	فِیْ مِرْیَۃٍ	مِّنْہُ	اِنَّہُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّکَ
تو آگ	وعدہ ہے اس کیلئے	پھر نہ ہو تو	شک میں	اس سے	بیشک وہ	حق ہے	تیرے رب سے

کی آگ ہی اس کے وعدے کی جگہ ہے تو تمہیں چاہیے کہ تو اس کے متعلق کسی شک میں نہ ہو بے شک وہ تمہارے رب

وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ

وَلٰکِنَّ	اَکْثَرَ	النَّاسِ	لَا یُؤْمِنُوْنَ	وَ	مَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰی	عَلَی اللّٰہِ
اور لیکن	اکثر	آدمی	ایمان نہیں لاتے	اور	کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اللہ پر

کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے۔ اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے جھوٹ بول کر اللہ

کَذِبًا ؕ اُولٰٓئِکَ یُعْرَضُوْنَ عَلٰی رَبِّھِمْ وَیَقُوْلُ الْاَشْھَادُ ھٰٓؤُلَآءِ

کَذِبًا	اُولٰٓئِکَ	یُعْرَضُوْنَ	عَلٰی	رَبِّھِمْ	وَیَقُوْلُ	الْاَشْھَادُ	ھٰٓؤُلَآءِ
جھوٹ	یہ لوگ	پیش کیے جائینگے	اوپر	اپنے رب کے	اور کہیں گے	گواہ	یہ لوگ

پر بہتان باندھا وہ لوگ اپنے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے یہی ہیں

الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٨﴾ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلٰى رَبِّهِمْ	اَلَا	لَعْنَةُ	اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	الَّذِيْنَ
وہ ہیں جنہوں نے	جھوٹ بولا	اپنے رب پر	خبردار	لعنت ہے	اللہ کی	اوپر	ظالموں کے	وہ جو

وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا خبردار! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ جو اللہ کی

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۗ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَ	هُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ
روکتے ہیں	راہ سے	اللہ کی	اور چاہتے ہیں	اس میں کجی	اور	وہ لوگ	آخرت کا	وہ

راہ سے روکتے ہیں اور اس میں ٹیڑھا پن تلاش کرتے ہیں اور وہی

كٰفِرُوْنَ ﴿١٩﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ

كٰفِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ يَكُوْنُوْا	مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا	كَانَ	لَهُمْ
انکار کرنیوالے ہیں	یہ لوگ	نہیں ہیں	تھکانے والے	زمین میں	اور	نہیں	ہے	ان کیلئے

آخرت کے منکر ہیں۔ وہ عاجز کرنے والے نہیں زمین میں اور نہ اللہ کے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۗ مَا كَانُوْا

وقف لازم

مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ اَوْلِيَآءَ	يُضٰعَفُ	لَهُمُ	الْعَذَابُ	مَا كَانُوْا
سوائے	اللہ کے	کوئی حمایتی	دگنا کیا جائے گا	ان کے لیے	عذاب	نہیں تھے

سوا ان کے کوئی حمایتی ہیں انہیں عذاب پر عذاب ہو گا

يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٠﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

يَسْتَطِيْعُوْنَ	السَّمْعَ	وَ	مَا	كَانُوْا	يُبْصِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
طاقت رکھتے وہ	سننے کی	اور	نہیں	تھے وہ	دیکھتے	یہ لوگ	وہ ہیں جنہوں نے

وہ نہ سن سکتے تھے اور نہ دیکھتے تھے۔ یہی وہ لوگ ہیں

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ

خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	يَفْتَرُوْنَ	لَاجَرَمَ	اَنَّهُمْ
خسارہ دیا	اپنی جانوں کو	اور	بھول گیا	ان سے	جو	تھے وہ	جھوٹ باندھتے	ضرور ہے کہ	بیشک وہ

جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور جو باتیں وہ گھڑتے تھے ان سے جاتی رہیں۔ بلاشک وشبہ آخرت

فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

فِى الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
آخرت میں	وہی ہیں	خسارہ پانے والے	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے

میں سب سے زیادہ نقصان پانے والے یہی لوگ ہوں گے۔ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے

الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ

الصّٰلِحٰتِ	وَاَخْبَتُوْٓا	اِلٰى رَبِّهِمْ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمْ
اچھے	اور جھکے	اپنے رب کی طرف	یہی لوگ	جنتی ہیں	وہ

اور انہوں نے اپنے رب کی طرف عاجزی کی وہ جنتی ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	مَثَلُ	الْفَرِيْقَيْنِ	كَالْاَعْمٰى	وَ	الْاَصَمِّ	وَالْبَصِيْرِ
اس میں	ہمیشہ رہیں گے	مثال	دونوں فریق کی	جیسے اندھا	اور	بہرا	اور دیکھنے والا

ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ ان دونوں گروہوں کی مثال ایسی ہے جیسے اندھا اور بہرا ہو اور دیکھنے

وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

وَ	السَّمِيْعِ	هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا
اور	سننے والا	کیا	برابر ہیں	مثال میں	پھر کیوں نہیں	تم نصیحت حاصل کرتے	اور	بیشک	بھیجا ہم نے

اور سننے والا کیا ان دونوں کا حال برابر ہوسکتا ہے؟ تو تم کیوں نصیحت قبول نہیں کرتے؟ اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی

نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖۤ ۫ اِنِّیۡ لَکُمۡ نَذِیۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿ۙ۲۵﴾ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰہَ ؕ

نُوۡحًا	اِلٰی قَوۡمِہٖۤ	اِنِّیۡ	لَکُمۡ	نَذِیۡرٌ	مُّبِیۡنٌ	اَنۡ	لَّا تَعۡبُدُوۡۤا	اِلَّا	اللّٰہَ
نوح کو	اسکی قوم کی طرف	بیشک میں	تمہارے لیے	ڈرانے والا ہوں	ظاہر	یہ کہ	نہ عبادت کروتم	مگر	اللہ کی

قوم کی طرف بھیجا کہ میں تمہارے لئے کھلا ڈر سنانے والا ہوں۔ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

اِنِّیۡۤ اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ عَذَابَ یَوۡمٍ اَلِیۡمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا

اِنِّیۡۤ	اَخَافُ	عَلَیۡکُمۡ	عَذَابَ	یَوۡمٍ اَلِیۡمٍ	فَقَالَ	الۡمَلَاُ	الَّذِیۡنَ	کَفَرُوۡا
بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب سے	مصیبت والے دن سے	پھر کہا	سرداروں نے	وہ جو	کافر تھے

بے شک میں تم پر ایک مصیبت والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ تو ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا ہم تو تجھے صرف

مِنۡ قَوۡمِہٖ مَا نَرٰىکَ اِلَّا بَشَرًا مِّثۡلَنَا وَ مَا نَرٰىکَ اتَّبَعَکَ اِلَّا الَّذِیۡنَ

مِنۡ قَوۡمِہٖ	مَا	نَرٰىکَ	اِلَّا بَشَرًا	مِّثۡلَنَا	وَ	مَا	نَرٰىکَ	اتَّبَعَکَ	اِلَّا	الَّذِیۡنَ
اسکی قوم سے	نہیں	دیکھتے ہم تجھے	مگر آدمی	ہماری طرح کا	اور	نہیں	دیکھتے تجھ کو	کہ پیروی کی ہو تیری	مگر	ان لوگوں نے کہ

اپنی طرح کا ایک بشر دیکھتے ہیں اور ہم تجھے دیکھتے ہیں کہ تیری پیروی صرف وہ لوگ کر رہے ہیں جو ظاہری نگاہ

هُمۡ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاۡیِ ۚ وَ مَا نَرٰی لَکُمۡ عَلَیۡنَا مِنۡ فَضۡلٍۭ بَلۡ

هُمۡ	اَرَاذِلُنَا	بَادِیَ	الرَّاۡیِ	وَ	مَا	نَرٰی	لَکُمۡ	عَلَیۡنَا	مِنۡ فَضۡلٍۭ	بَلۡ
وہ	ہمارے کمینے ہیں	ظاہر	دیکھتے میں	اور	نہیں	دیکھتے ہم	تم کو ہے	ہم پر	کوئی بزرگی	بلکہ

میں ہم میں سب سے نچلے درجے کے ہیں اور ہم اپنے اوپر تمہاری کوئی فضیلت نہیں دیکھتے بلکہ ہم تمہیں

نَظُنُّکُمۡ کٰذِبِیۡنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ یٰقَوۡمِ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ کُنۡتُ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ

نَظُنُّکُمۡ	کٰذِبِیۡنَ	قَالَ	یٰقَوۡمِ	اَرَءَیۡتُمۡ	اِنۡ	کُنۡتُ	عَلٰی بَیِّنَۃٍ	مِّنۡ رَّبِّیۡ
خیال کرتے ہیں ہم تم کو	جھوٹے	کہا	اے میری قوم	کیا دیکھا تم نے	اگر	ہوں میں	دلیل پر	اپنے رب سے

جھوٹا خیال کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا اے میری قوم! کیا تم نے غور کیا کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک واضح

وَاٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا

وَ	اٰتٰىنِیْ	رَحْمَةً	مِّنْ عِنْدِهٖ	فَعُمِّیَتْ	عَلَیْكُمْ	اَنُلْزِمُكُمُوْهَا	وَ	اَنْتُمْ	لَهَا
اور	دی اس نے مجھے	رحمت	اپنی طرف سے	پھر اندھے ہوئے	تم اس پر	کیا ہم زبردستی لگادینگے وہ تمہیں	اور	تم ہو	اس کو

دلیل پر ہوا اور اس نے مجھے اپنی جناب سے رحمت بھی عطا کی ہو اگرچہ وہ تم سے اوجھل کر دی گئی ہو تو کیا ہم زبردستی تم پر اسے لازم

كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَیٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ

كٰرِهُوْنَ	وَ	یٰقَوْمِ	لَاۤ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَیْهِ	مَالًا	اِنْ	اَجْرِیَ	اِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ
ناپسند کرنے والے	اور	اے میری قوم	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	مال	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	اوپر	اللہ کے

کریں تم اسے ناپسند کرتے ہو؟ اے میری قوم! میں اس (تبلیغ دین) پر تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتا میرا اجر تو بس اللہ پر ہے اور

وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا

وَ	مَاۤ	اَنَا	بِطَارِدِ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	اِنَّهُمْ	مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَ	لٰكِنِّیْۤ	اَرٰىكُمْ	قَوْمًا
اور	نہیں	میں	دور کرنیوالا	ان کو	جو ایمان لائے	کہ وہ	ملنے والے ہیں	اپنے رب کو	اور	لیکن میں	دیکھتا ہوں تم کو	قوم

میں ان لوگوں کو نکالنے والا نہیں جو ایمان لائے بے شک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں

تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَیٰقَوْمِ مَنْ یَّنْصُرُنِیْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا

تَجْهَلُوْنَ	وَ	یٰقَوْمِ	مَنْ	یَّنْصُرُنِیْ	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ	طَرَدْتُّهُمْ	اَفَلَا
جاہلوں کی	اور	اے میری قوم	کون	مدد کریگا میری	اللہ سے	اگر	میں ان کو دور کردوں	کیا پھر نہیں

کہ تم جاہل قوم ہو۔ اور اے میری قوم! اللہ کے مقابلے میں میری مدد کون کر سکے گا اگر میں ان کو نکال دوں تو کیا

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَیْبَ

تَذَكَّرُوْنَ	وَ	لَاۤ	اَقُوْلُ	لَكُمْ	عِنْدِیْ	خَزَآىِٕنُ	اللّٰهِ	وَ	لَاۤ اَعْلَمُ الْغَیْبَ
نصیحت لیتے تم	اور	نہیں	کہتا میں	تم سے	کہ میرے پاس	خزانے ہیں	اللہ کے	اور	نہ یہ کہ میں غیب جان لیتا ہوں

تم غور نہیں کرتے۔ اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جان لیتا ہوں اور نہ یہ کہتا

وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّیْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ تَزْدَرِیْۤ اَعْیُنُكُمْ لَنْ

وَلَآ	اَقُوْلُ	اِنِّیْ	مَلَكٌ	وَّلَآ	اَقُوْلُ	لِلَّذِیْنَ	تَزْدَرِیْۤ	اَعْیُنُكُمْ	لَنْ
اور نہیں	کہتا میں	کہ بیشک میں	فرشتہ ہوں	اور نہیں	کہتا میں	ان کو جن کو جو	حقیر جانتی ہیں	تمہاری نگاہیں	کہ ہرگز نہیں

ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور میں انہیں نہیں کہتا جن کو تمہاری نگاہیں حقیر سمجھتی ہیں کہ ہرگز انہیں اللہ کوئی

یُّؤْتِیَهُمُ اللّٰهُ خَیْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّیْۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۳۱﴾

یُّؤْتِیَهُمُ	اللّٰهُ	خَیْرًا	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	فِیْۤ	اَنْفُسِهِمْ	اِنِّیْۤ	اِذًا	لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ
دیگا ان کو	اللہ	کوئی بھلائی	اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ ہے	انکے	دلوں میں	بیشک میں	اس وقت	ظالموں سے ہوں گا

بھلائی نہ دے گا اللہ خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے ایسا کروں تو ضرور ظالموں میں ہوں۔

قَالُوْا یٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ

قَالُوْا	یٰنُوْحُ	قَدْ جٰدَلْتَنَا	فَاَكْثَرْتَ	جِدَالَنَا	فَاْتِنَا	بِمَا	تَعِدُنَاۤ	اِنْ	كُنْتَ
بولے	اے نوح	تم نے جھگڑا کیا ہم سے	پھر زیادہ کیا تو نے	ہم سے جھگڑا	پھر لے آ	جو کچھ	تم وعدہ دیتے ہو ہم کو	اگر	ہے تو

بولے اے نوح علیہ السلام! تم ہم سے جھگڑتے رہے اور بہت ہی جھگڑتے رہے تو لے آؤ جس کا ہمیں وعدہ دے رہے ہو

مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ اِنَّمَا یَاْتِیْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَاۤ اَنْتُمْ

مِنَ الصّٰدِقِیْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	یَاْتِیْكُمْ	بِهِ	اللّٰهُ	اِنْ	شَآءَ	وَمَاۤ	اَنْتُمْ
سچوں میں سے	اس نے کہا	سوائے اسکے نہیں	لائے گا تمہارے پاس	اس کو	اللہ	اگر	چاہے	اور نہیں	تم

اگر تم سچے ہو۔ فرمایا اس کو صرف اللہ لائے گا اگر اس نے چاہا اور تم میں سے کوئی اسے

بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا یَنْفَعُكُمْ نُصْحِیْۤ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ

بِمُعْجِزِیْنَ	وَلَا	یَنْفَعُكُمْ	نُصْحِیْۤ	اِنْ	اَرَدْتُّ	اَنْ	اَنْصَحَ	لَكُمْ	اِنْ
عاجز کرنے والے	اور نہیں	نفع دے گی تم کو	میری نصیحت	اگر	چاہوں میں	یہ کہ	خیرخواہی کروں	تمہاری	اگر

عاجز کرنے والا نہیں۔ اور میری نصیحت (بھی) تمہیں نفع نہ دے گی خواہ میں تمہیں نصیحت کرنے کا ارادہ کروں اگر اللہ نے

كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۟ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ؕ اَمْ

كَانَ	اللّٰهُ	يُرِيْدُ	اَنْ	يُّغْوِيَكُمْ	هُوَ	رَبُّكُمْ	وَ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	اَمْ
ہے	اللہ	ارادہ کرتا	یہ کہ	گمراہ کرے تم کو	وہ ہے	رب تمہارا	اور	اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے تم	کیا

تمہیں گمراہ کرنے کا ارادہ فرمالیا ہو وہ تمہارا رب ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ کیا

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَ اَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ	قُلْ	اِنِ	افْتَرَيْتُهٗ	فَعَلَيَّ	اِجْرَامِيْ	وَ	اَنَا	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا
کہتے ہیں	بنالیا ہے اس کو	فرمادو	اگر	میں نے بنالیا ہے	تو مجھ پر ہے	میرا گناہ	اور	میں	بیزار ہوں	اس سے جو

وہ کہتے ہیں کہ اس نے خود اسے گھڑ لیا فرمادیجئے اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہو تو میرا گناہ مجھ پر ہوگا اور میں تمہارے

تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع وَ اُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ

تُجْرِمُوْنَ	وَ	اُوْحِيَ	اِلٰى	نُوْحٍ	اَنَّهٗ	لَنْ يُّؤْمِنَ	مِنْ قَوْمِكَ	اِلَّا	مَنْ
جو تم گناہ کرتے ہو	اور	وحی کی گئی	طرف	نوح علیہ السلام کے	کہ بیشک	ہرگز نہ ایمان لائے گا	تیری قوم میں سے	مگر	جو

گناہوں سے بری ہوں۔ اور نوح علیہ السلام کی طرف وحی کی گئی کہ آپ کی قوم میں سے ایمان نہیں لائیں گے

قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ۚ وَ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا

قَدْ اٰمَنَ	فَلَا تَبْتَىِٕسْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ	وَ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِاَعْيُنِنَا
ایمان لایا	سو نہ غم کھا تو	اس کا	جو تھے وہ کرتے	اور	بنا	کشتی	ہماری نگرانی میں

مگر وہی جو ایمان لاچکے تو آپ ان کے کاموں سے غمگین نہ ہوں۔ اور کشتی بناؤ ہمارے سامنے اور

وَ وَحْيِنَا وَ لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾

وَوَحْيِنَا	وَلَا	تُخَاطِبْنِيْ	فِي الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	اِنَّهُمْ	مُّغْرَقُوْنَ
اور ہماری وحی کے مطابق	اور نہ	بات کر مجھ سے	ان لوگوں کے متعلق جنہوں نے	ظلم کیا	کہ وہ	غرق کیے جائیں گے

ہمارے حکم سے اور ظالموں کے بارے میں ہم سے کچھ عرض نہ کرنا اور وہ ضرور غرق کیے جائیں گے۔

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ

وَ	يَصْنَعُ	الْفُلْكَ	وَ	كُلَّمَا	مَرَّ	عَلَيْهِ	مَلَأٌ	مِّنْ قَوْمِهِ	سَخِرُوا	مِنْهُ
اور	بناتا تھا وہ	کشتی	اور	جب بھی	گذرتے	اس پر	سردار	اس کی قوم میں سے	ٹھٹھا کرتے	اس سے

اور نوح علیہ السلام کشتی بناتے ہیں اور جب اس کی قوم کے سردار اس پر گزرتے اس پر ہنستے

قَالَ إِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿۳۸﴾

قَالَ	إِنْ	تَسْخَرُوا	مِنَّا	فَإِنَّا	نَسْخَرُ	مِنْكُمْ	كَمَا	تَسْخَرُونَ
فرمایا	اگر	ٹھٹھا کرتے ہو تم	ہم سے	تو ہم بھی	ٹھٹھا کریں گے	تم سے	جیسے	تم ٹھٹھا کرتے ہو

فرمایا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ایک وقت ہم تم پر ہنسیں گے جیسا تم ہنستے ہو۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۙ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

فَسَوْفَ	تَعْلَمُونَ	مَنْ	يَأْتِيهِ	عَذَابٌ	يُخْزِيهِ	وَ	يَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ
پھر جلد ہی	جانو گے تم	کون ہے کہ	آتا ہے اس پر	عذاب جو	رسوا کرے اس کو	اور	اترتا ہے	اس پر	عذاب

ہاں تم جلد ہی جان لو گے کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور کس پر ہمیشہ کا

مُقِيمٌ ﴿۳۹﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا

مُقِيمٌ	حَتَّىٰ	إِذَا	جَاءَ	أَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّورُ	قُلْنَا	احْمِلْ	فِيهَا
جو ہمیشہ ہے	یہاں تک کہ	جب	آیا	ہمارا حکم	اور جوش مارا	تنور نے	ہم نے فرمایا	سوار کر	اس میں

عذاب آتا ہے۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور نے جوش مارا تو ہم نے کہا کہ اس میں

مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ

مِنْ كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَ	أَهْلَكَ	إِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ	وَ	مَنْ
ہر جان کے	جوڑے	دو دو	اور	اپنے گھر والوں کو	مگر	جو	گذری	اس پر	بات	اور	جو

ہر قسم کا جوڑا اور اپنے گھر والے سوائے اس کے جس کے متعلق بات طے ہو چکی ہے اور ایمان والے سوار کرلو

اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ

اٰمَنَ	وَ	مَا	اٰمَنَ	مَعَهٗٓ	اِلَّا	قَلِيْلٌ	وَ	قَالَ	ارْكَبُوْا	فِيْهَا	بِسْمِ اللّٰهِ
ایمان لایا	اور	نہ	ایمان لائے	اس کے ساتھ	مگر	تھوڑے	اور	کہا	سوار ہو جاؤ	اس میں	اللہ کے نام کے ساتھ

اور اس کے ساتھ تھوڑے ہی لوگ ایمان لائے تھے۔ اور نوح علیہ السلام نے فرمایا اس کشتی میں سوار ہو جاؤ اللہ کے نام سے

مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ

مَجْرٖىهَا	وَ	مُرْسٰىهَا	اِنَّ	رَبِّيْ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	هِيَ	تَجْرِيْ	بِهِمْ
اس کا چلنا	اور	اس کا ٹھہرنا ہے	بیشک	میرا رب	بخشنے والا	مہربان ہے	اور	وہ	چلتی تھی	ان کو لے کر

اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا ہے بیشک میرا رب ضرور بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور وہ انہیں لئے جا رہی تھی پہاڑوں

فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ ۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ

فِيْ مَوْجٍ	كَالْجِبَالِ	وَنَادٰى	نُوْحُ	ابْنَهٗ	وَ	كَانَ	فِيْ مَعْزِلٍ	يّٰبُنَيَّ	ارْكَبْ
موجوں میں	پہاڑوں جیسی	اور آواز دی	نوح نے	اپنے بیٹے کو	اور	وہ تھا	کنارے پر	اے میرے بیٹے	سوار ہو جا

جیسی موجوں میں اور نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو پکارا اور وہ ان سے الگ تھا اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ

مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ

مَّعَنَا	وَ	لَا	تَكُنْ	مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ	قَالَ	سَاٰوِيْٓ	اِلٰى جَبَلٍ	يَّعْصِمُنِيْ
ہمارے ساتھ	اور	نہ	ہو	کافروں کا ساتھی	اس نے کہا	اب میں پناہ لیتا ہوں	کسی پہاڑ کی	وہ بچالے گا مجھ کو

سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ نہ ہو۔ بولا اب میں کسی پہاڑ کی پناہ لیتا ہوں وہ مجھے پانی سے بچا لے گا

مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ

مِنَ الْمَآءِ	قَالَ	لَا عَاصِمَ	الْيَوْمَ	مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ	اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ	وَ	حَالَ
پانی سے	کہا	کوئی بچانے والا نہیں	آج کے دن	اللہ کے عذاب سے	مگر	جس پر	وہ رحم کرے	اور	حائل ہوئی

کہا آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں مگر جس پر وہ رحم کرے اور اتنے میں ان دونوں کے

قرء حفص بفتح المیم و امالۃ الراء

بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ

بَيْنَهُمَا	الْمَوْجُ	فَكَانَ	مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ	وَ	قِيْلَ	يٰۤاَرْضُ	ابْلَعِيْ	مَآءَكِ
ان کے درمیان	ایک موج	پھر ہو گیا وہ	ڈوبنے والوں میں سے	اور	فرمایا گیا	اے زمین	نگل جا	اپنا پانی

درمیان موج حائل ہو گئی اور وہ ڈوبنے والوں میں ہو گیا۔ اور حکم فرمایا گیا کہ اے زمین اپنا پانی نگل لے

وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ

وَ	يٰسَمَآءُ	اَقْلِعِيْ	وَ	غِيْضَ	الْمَآءُ	وَ	قُضِيَ الْاَمْرُ	وَ	اسْتَوَتْ	عَلَى الْجُوْدِيِّ
اور اے	آسمان	تھم جا	اور	خشک ہو گیا	پانی	اور	اور کام تمام ہوا	اور	جا ٹھہری کشتی	کوہ جودی پر

اور اے آسمان تھم جا اور پانی خشک کر دیا گیا اور معاملے کا فیصلہ کر دیا گیا اور کشتی جودی (پہاڑ) پر ٹھہر گئی

وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ

وَ	قِيْلَ	بُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	نَادٰى	نُوْحٌ	رَّبَّهٗ	فَقَالَ	رَبِّ
اور	فرمایا گیا	دوری ہو	قوم	ظالم کی	اور	پکارا	نوح نے	اپنے رب کو	پھر کہا	اے میرے رب

اور فرمایا گیا کہ ظالم قوم کو دور کر دیا گیا ہے۔ اور نوح علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا

اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾

اِنَّ	ابْنِيْ	مِنْ اَهْلِيْ	وَ	اِنَّ	وَعْدَكَ	الْحَقُّ	وَ	اَنْتَ	اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ
بیشک	میرا بیٹا	میرے گھر والوں سے ہے	اور	بیشک	تیرا وعدہ	سچا ہے	اور	تو	سب بڑھ کر حکم کرنے والا ہے

میرے رب! میرا بیٹا میرے گھرانے میں سے ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تو حاکموں میں سب سے بڑا حاکم ہے۔

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْئَلْنِ

قَالَ	يٰنُوْحُ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	مِنْ اَهْلِكَ	اِنَّهٗ	عَمَلٌ	غَيْرُ صَالِحٍ	فَلَا تَسْئَلْنِ
فرمایا	اے نوح	بیشک وہ	نہیں ہے	تیرے گھر والوں سے	بیشک اسکے	عمل	اچھے نہیں ہیں	پھر تو مجھ سے وہ بات نہ مانگ

اللہ نے فرمایا اے نوح علیہ السلام! وہ تمہارے گھرانے میں سے نہیں اس کا عمل نادرست تھا پس مجھ سے وہ نہ

مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۴۶﴾

مَالَیْسَ	لَکَ	بِهٖ	عِلْمٌ	اِنِّیْۤ	اَعِظُكَ	اَنْ	تَكُوْنَ	مِنَ الْجٰهِلِیْنَ
جس کا نہیں ہے	تجھ کو	اس کا	علم	بیشک میں	نصیحت فرماتا ہوں تجھ کو	یہ کہ	ہو تو	جاہلوں سے

مانگ جس کا تمہیں علم نہیں میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ تم (نامناسب سوال کر کے) نادانوں میں نہ ہو۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّیْۤ	اَعُوْذُ بِكَ	اَنْ	اَسْـَٔلَكَ	مَالَیْسَ	لِیْ	بِهٖ
عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں	تیری پناہ چاہتا ہوں	یہ کہ	سوال کروں تجھ سے	اس کا جو نہیں ہے	مجھ کو	اس کا

نوح علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ تجھ سے وہ چیز طلب کروں جس کا مجھے علم نہیں اور اگر تو نے مجھے

عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾ قِیْلَ یٰنُوْحُ

عِلْمٌ	وَ	اِلَّا	تَغْفِرْ لِیْ	وَ	تَرْحَمْنِیْۤ	اَكُنْ	مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ	قِیْلَ	یٰنُوْحُ
علم	اور	اگر نہ	بخشے تو مجھے	اور	رحم نہ کرے	تو ہو جاؤں گا میں	خسارہ اٹھانے والوں سے	فرمایا گیا	اے نوح

نہ بخشا اور مجھ پر رحم نہ فرمایا تو میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔ اللہ نے فرمایا اے نوح علیہ السلام! کشتی سے اترو

اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَكٰتٍ عَلَیْكَ وَ عَلٰۤى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَ

اهْبِطْ	بِسَلٰمٍ	مِّنَّا	وَ	بَرَكٰتٍ	عَلَیْكَ	وَ	عَلٰۤى	اُمَمٍ	مِّمَّنْ	مَّعَكَ	وَ
اترو	سلامتی سے	ہماری طرف سے	اور	برکتیں ہیں	آپ پر	اور	اوپر	گروہوں کے	ان میں سے	جو آپ ساتھ ہیں	اور

ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو آپ پر ہیں اور ان لوگوں پر جو آپ ساتھ ہیں اور کچھ گروہ ایسے ہیں جنہیں ہم

اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ

اُمَمٌ	سَنُمَتِّعُهُمْ	ثُمَّ یَمَسُّهُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِیْمٌ	تِلْكَ	مِنْ اَنْۢبَآءِ	الْغَیْبِ
کچھ گروہ ہیں	کہ فائدہ دیں گے ہم ان کو	پھر پہنچے گا ان کو	ہماری طرف سے	عذاب	دردناک	یہ ہیں	خبریں	غیب کی

(عارضی) فائدہ پہنچائیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔ یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم

نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ

نُوْحِيْهَآ	اِلَيْكَ	مَا كُنْتَ	تَعْلَمُهَآ اَنْتَ	وَ	لَا	قَوْمُكَ	مِنْ قَبْلِ	هٰذَا
وحی کرتے ہیں ہم	آپ کی طرف	نہیں تھے آپ	جانتے اس کو	اور	نہ	تمہاری قوم	پہلے	اس سے

آپ کی طرف وحی کرتے ہیں انہیں نہ آپ جانتے تھے نہ تمہاری قوم اس سے پہلے تو صبر کرو

فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۘ قَالَ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	الْعَاقِبَةَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَ	اِلٰى	عَادٍ	اَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ
پھر صبر کرو	بیشک	انجام کار	پرہیزگاروں کے لیے ہے	اور	بھیجا	عاد کی	ان کے بھائی	ھود کو	کہا

لو بے شک اچھا انجام ہے پرہیزگاروں کا ۔ اور عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو بھیجا

ع

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۗ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	مُفْتَرُوْنَ
اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ کی	نہیں	تمہارے لیے	کوئی	معبود	اس کے سوا	نہیں	ہو تم	مگر	افترا کرنے والے

کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تم محض بہتان باندھنے والے ہو۔

يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۗ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۗ

يٰقَوْمِ	لَا	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَى	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ
اے میری قوم	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	اوپر	اس کے جس نے	مجھے پیدا کیا

اے میری قوم! میں تم سے اس کا کوئی معاوضہ نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو اس پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے تو کیا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ

اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	وَ	يٰقَوْمِ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا	اِلَيْهِ	يُرْسِلِ
کیا نہیں	تمہیں عقل	اور	اے میری قوم	بخشش مانگو	اپنے رب سے	پھر	توبہ کرو	اس کی طرف	بھیجے گا

تم سمجھو گے نہیں؟ اے میری قوم! اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر اس کی طرف رجوع کرو وہ

السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا

السَّمَآءَ	عَلَيْكُمْ	مِّدْرَارًا	وَّ	يَزِدْكُمْ	قُوَّةً	اِلٰى	قُوَّتِكُمْ	وَ	لَا	تَتَوَلَّوْا
آسمان سے	تم پر	زور کا پانی	اور	زیادہ کریگا تم کو	قوت	طرف	قوت تمہاری کے	اور	نہ	پھرو

تم پر موسلا دھار بارش برسائے گا اور تمہاری طاقت میں قوت زیادہ کرے گا اور مجرم بن کر

مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

مُجْرِمِيْنَ	قَالُوْا	يٰهُوْدُ	مَا	جِئْتَنَا	بِبَيِّنَةٍ	وَّ	مَا	نَحْنُ	بِتَارِكِيْٓ
مجرم ہوکر	بولے	اے ہود	نہیں	لائے تم ہمارے پاس	کوئی دلیل	اور	نہیں	ہم	چھوڑنے والے

منہ نہ موڑ لو۔ وہ بولے اے ہود علیہ السلام! آپ ہمارے پاس کوئی دلیل نہ لائے اور ہم تمہارے کہنے سے

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا

اٰلِهَتِنَا	عَنْ قَوْلِكَ	وَ	مَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	اِنْ	نَّقُوْلُ	اِلَّا
اپنے خداؤں کو	تمہارے کہنے سے	اور	نہیں	ہم	آپ پر	ایمان لانیوالے	نہیں	کہتے ہم	مگر

اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور نہ آپ پر ہم ایمان لانے والے ہیں۔ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے کسی معبود نے

اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ

اعْتَرٰىكَ	بَعْضُ	اٰلِهَتِنَا	بِسُوْٓءٍ	قَالَ	اِنِّىْٓ	اُشْهِدُ	اللّٰهَ	وَاشْهَدُوْٓا	اَنِّىْ
دیوانہ کردیا آپ کو	بعض	ہمارے معبودوں نے	تکلیف سے	کہا	بیشک میں	گواہ بناتا ہوں	اللہ کو	اور گواہ رہو	بیشک میں

تمہیں جنون میں مبتلا کردیا ہے فرمایا یقیناً میں اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہوں اور تم سب گواہ ہو جاؤ کہ بے شک میں ان سب سے بیزار ہوں

بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِىْ جَمِيْعًا ثُمَّ

بَرِیْٓءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	فَكِيْدُوْنِىْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ
بیزار ہوں	اس چیز سے	جو تم شرک کرتے ہو	اس کے سوا	تو میرا برا چاہو	اکٹھے ہوکر	پھر

جنہیں تم اللہ واحد کا شریک ٹھہراتے ہو۔ تم سب اللہ کے سوا مل کر میرا برا چاہو پھر

لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَآبَّةٍ

لَا تُنْظِرُوْنِ	اِنِّیْ	تَوَكَّلْتُ	عَلَى	اللّٰهِ	رَبِّیْ	وَ	رَبِّكُمْ	مَا	مِنْ دَآبَّةٍ
نہ مہلت دو مجھے	بیشک میں نے	بھروسہ کیا	اوپر	اللہ کے	جو میرا رب ہے	اور	تمہارا رب ہے	نہیں	کوئی چلنے والا

مجھے مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا جو میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے کوئی جاندار نہیں

اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ

اِلَّا	هُوَ	اٰخِذٌ	بِنَاصِيَتِهَا	اِنَّ	رَبِّیْ	عَلٰی	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	فَاِنْ
مگر	وہ ہے	پکڑنے والا	اس کی پیشانی کو	بیشک	میرا رب	اوپر	راہ	سیدھی کے ہے	پھر اگر

جس کی پیشانی اس کے قبضۂ قدرت میں نہ ہو بے شک میرا رب سیدھے راستہ پر ملتا ہے۔ لیکن اگر تم نے

تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ

تَوَلَّوْا	فَقَدْ	اَبْلَغْتُكُمْ	مَّآ	اُرْسِلْتُ	بِهٖٓ	اِلَيْكُمْ	وَ	يَسْتَخْلِفُ	رَبِّیْ
تم پھر جاؤ	تو بیشک	میں پہنچا چکا تم کو	جو کچھ	بھیجا گیا تھا میں	اس کے ساتھ	تمہاری طرف	اور	جانشین کریگا	میرا رب

منہ موڑ لیا تو میں نے تو تمہیں وہ پیغام پہنچا دیا ہے جس کے ساتھ مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا ہے اور میرا رب تمہارے

قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

قَوْمًا	غَيْرَكُمْ	وَ	لَا	تَضُرُّوْنَهٗ	شَيْـًٔا	اِنَّ	رَبِّیْ	عَلٰی	كُلِّ	شَیْءٍ
کسی اور قوم کو	تمہارے سوا	اور	نہ	بگاڑ سکو گے اس کا	کچھ بھی	بیشک	میرا رب	اوپر	ہر	چیز کے

علاوہ کسی اور قوم کو جانشین کر دے گا اور تم اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکو گے بے شک میرا رب ہر

حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

حَفِيْظٌ	وَ	لَمَّا	جَاۗءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	هُوْدًا	وَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
نگہبان ہے	اور	جب	آیا	ہمارا حکم	نجات دی ہم نے	ہود کو	اور	ان کو جو	ایمان لائے	اس کے ساتھ

چیز کا نگہبان ہے۔ اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے ہود علیہ السلام کو اور ان کو جو اس کے ساتھ

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۙ قف

بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَ	نَجَّيْنٰهُمْ	مِّنْ عَذَابٍ	غَلِيْظٍ	وَ	تِلْكَ	عَادٌ
رحمت کے	ہماری طرف سے	اور	نجات دی ہم نے ان کو	عذاب سے	سخت	اور	یہ	عاد ہیں کہ

ایمان لائے تھے بچا لیا اور انہیں سخت عذاب سے بچا لیا۔ اور یہ ہیں قوم عاد کے

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ

جَحَدُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	وَ	عَصَوْا	رُسُلَهٗ	وَاتَّبَعُوْٓا	اَمْرَ كُلِّ	جَبَّارٍ
انکار کیا انہوں نے	آیتوں کا	اپنے رب کی	اور	نافرمانی کی	اسکے رسولوں کی	اور پیروی کی	ہر ایک	سرکشی کرنیوالے

لوگ جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر ظالم ضدی جابر کے

عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا

عَنِيْدٍ	وَ	اُتْبِعُوْا	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	لَعْنَةً	وَّ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اَلَآ اِنَّ عَادًا
ضد کے حکم کی	اور	پیچھے لگائے گئے	اس دنیا میں	لعنت	اور	دن	قیامت کے	خبردار عاد نے

حکم کی پیروی۔ اور اس دنیا میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن (بھی) خبردار یقیناً عاد نے

كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ

كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّعَادٍ	قَوْمِ	هُوْدٍ	وَ	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ
کفر کیا	اپنے رب کا	خبردار	دوری ہے	عاد کو	قوم	ھود کی	اور	طرف	ثمود کی	ان کے بھائی

اپنے رب سے کفر کیا بے شک ھود علیہ السلام کی قوم عاد پر دوری ہو۔ اور ثمود کی طرف ان کے بھائی

صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ

صٰلِحًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوْا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	هُوَ
صالح کو	کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ کی	نہیں ہے تمہارے لیے	کوئی	معبود	سوائے اسکے	اس نے

صالح علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اس نے تمہیں

ع ۵

وقف لازم

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَ اسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَ	اسْتَعْمَرَكُمْ	فِيْهَا	فَاسْتَغْفِرُوْهُ	ثُمَّ	تُوْبُوْۤا
پیدا کیا تم کو	زمین سے	اور	بسایا تم کو	اس میں	تو اس سے معافی چاہو	پھر	رجوع لاؤ

زمین سے پیدا کیا اور اس میں تمہیں بسایا تو اس سے معافی چاہو پھر اس کی طرف رجوع لاؤ

اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا

اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	قَرِيْبٌ	مُّجِيْبٌ	قَالُوْا	يٰصٰلِحُ	قَدْ	كُنْتَ	فِيْنَا
اس کی طرف	بیشک	میرا رب	قریب ہے	دعا سننے والا	بولے	اے صالح	بیشک	تم تھے	ہم میں

بے شک میرا رب قریب ہے دعا سننے والا۔ بولے اے صالح علیہ السلام! اس سے پہلے تو ہمیں

مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَاۤ اَتَنْهٰنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَ اِنَّنَا لَفِيْ

مَرْجُوًّا	قَبْلَ	هٰذَاۤ	اَتَنْهٰنَاۤ	اَنْ	نَّعْبُدَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	وَ	اِنَّنَا	لَفِيْ
امید کیے گئے	پہلے	اس سے	تم روکتے ہو ہمیں	یہ کہ	عبادت کریں ہم	اسکی عبادت کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	اور	بیشک ہم	یقیناً

آپ سے بہت اُمیدیں تھیں کیا تم ہمیں اس سے منع کرتے ہو کہ اپنے باپ دادا کے معبودوں کو پوجیں اور بے شک جس بات کی

شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ

شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَاۤ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ
شک میں	اس سے	جو بلاتے ہو تم ہمیں	اسکی طرف	شک کرنے والے	کہا	اے میری قوم	کیا دیکھا تم نے	اگر	ہوں میں

طرف ہمیں بلاتے ہو اس کے بارے میں تردد آمیز شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ فرمایا اے میری قوم! کیا تم نے غور کیا کہ

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ

عَلٰى بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ	وَ	اٰتٰىنِيْ	مِنْهُ	رَحْمَةً	فَمَنْ	يَّنْصُرُنِيْ	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ
دلیل پر	اپنے رب سے	اور	دی اس نے مجھے	اپنی طرف سے	رحمت	پھر کون	مدد کریگا میری	اللہ سے	اگر

اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوا اور اس نے مجھے اپنی طرف سے خاص رحمت عطا کی ہے تو اگر میں اس کی نافرمانی کروں

عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

عَصَيْتُهٗ	فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ	غَيْرَ	تَخْسِيْرٍ	وَيٰقَوْمِ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ اللّٰهِ
میں نافرمانی کروں اسکی	پھر نہ زیادہ کروگے تم مجھے	سوائے	نقصان کے	اور اے میری قوم	یہ ہے	اللہ کا ناقہ

تو کون مجھے اللہ کے مقابلے میں مدد دے گا؟ پھر تم میرے لئے نقصان کے علاوہ کچھ زیادہ نہیں کروگے۔ اور اے میری قوم! یہ اللہ کی

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ	وَ	لَا	تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ
تمہارے لیے	نشانی	پھر چھوڑ دو اس کو	کھائے	اللہ کی زمین میں	اور	نہ	چھونا اس کو	برائی سے

اونٹنی ہے جو تمہارے لئے ایک نشانی ہے بس اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں خوب کھائے اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچانا

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ

فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	قَرِيْبٌ	فَعَقَرُوْهَا	فَقَالَ	تَمَتَّعُوْا	فِيْ دَارِكُمْ
سو پکڑے گا تم کو	عذاب	نزدیک	پھر انہوں نے اسکی کونچیں کاٹیں	تو فرمایا	فائدہ اٹھاؤ	اپنے گھروں میں

ورنہ تمہیں قریب ہے کہ عذاب پکڑ لے۔ تو انہوں نے اسے (اونٹنی کو) ہلاک کر دیا صالح علیہ السلام نے فرمایا (صرف) تین

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا

ثَلٰثَةَ	اَيَّامٍ	ذٰلِكَ	وَعْدٌ	غَيْرُ مَكْذُوْبٍ	فَلَمَّا	جَاۗءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا
تین	دن	یہ	وعدہ	جھوٹا نہیں ہے	پھر جب	آیا	ہمارا حکم	نجات دی ہم نے

دن اپنے گھروں میں فائدہ اٹھالو (پھر تم پر عذاب آئے گا) یہ (اللہ کا) وعدہ ہے جو (کبھی) جھوٹا نہ ہوگا۔ پھر جب ہمارا عذاب آیا تو

صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ

صٰلِحًا	وَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَ	مِنْ خِزْيِ	يَوْمِىِٕذٍ
صالح کو	اور	ان کو	جو ایمان لائے	اسکے ساتھ	اپنی رحمت	سے	اور	رسوائی	اس دن کی سے

ہم نے بچالیا صالح علیہ السلام کو اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے اپنی خاص رحمت سے اور (انہیں بچالیا) اس دن کی رسوائی

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿٦٦﴾ وَأَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ

إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيزُ	وَ	أَخَذَ	الَّذِينَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ
بیشک	آپ کا رب	وہ	طاقتور ہے	غالب ہے	اور	پکڑا	ان کو جنہوں نے	ظلم کیا	چنگھاڑ نے

سے بیشک آپ کا رب ہی بڑی قوت والا بڑے غلبے والا ہے۔ اور ظلم کرنے والوں کو ایک کڑک نے آ لیا سو وہ اپنے

فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٦٧﴾ كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا إِنَّ

فَأَصْبَحُوا	فِي دِيَارِهِمْ	جَاثِمِينَ	كَأَنْ	لَمْ يَغْنَوْا	فِيهَا	أَلَا	إِنَّ
تو ہو گئے	وہ اپنے گھروں میں	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	گویا کہ	نہیں بسے تھے	اس میں	سن لو	بیشک

گھروں ہی میں گھٹنوں کے بل پڑے رہ گئے۔ گویا کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے سن لو بے شک ثمود اپنے رب سے

ثَمُودَا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِثَمُودَ ﴿٦٨﴾ وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا

ع

ثَمُودَا	كَفَرُوا	رَبَّهُمْ	أَلَا	بُعْدًا	لِثَمُودَ	وَ	لَقَدْ	جَاءَتْ	رُسُلُنَا
ثمود نے	کفر کیا	اپنے رب کا	سن لو	دوری ہو	ثمود کو	اور	بیشک	آئے	ہمارے بھیجے ہوئے

منکر ہوئے خبردار ثمود کیلئے دوری ہے۔ اور ہمارے فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس خوشخبری

إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ

إِبْرَاهِيمَ	بِالْبُشْرَىٰ	قَالُوا	سَلَامًا	قَالَ	سَلَامٌ	فَمَا	لَبِثَ	أَنْ	جَاءَ	بِعِجْلٍ
ابراہیم کے پاس	خوشخبری لے کر	بولے	سلام	آپ نے بھی کہا	سلام	پھر نہ	ٹھہرا	یہ کہ	لائے	بچھڑا

لے کر آئے اور کہا ''سلامتی ہو''، آپ نے بھی کہا ''سلامتی ہو'' اور پھر دیر نہ کی بھنا

حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَأَىٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ

حَنِيذٍ	فَلَمَّا	رَأَىٰ	أَيْدِيَهُمْ	لَا	تَصِلُ	إِلَيْهِ	نَكِرَهُمْ	وَ	أَوْجَسَ	مِنْهُمْ
بھنا ہوا	پھر جب	دیکھا کہ	ان کے ہاتھ	نہیں	پہنچتے	اس کی طرف	تو غیر جانا انکو	اور	چھپایا	ان سے

ہوا بچھڑا لانے میں۔ پھر جب اس نے ان کے ہاتھوں کو دیکھا کہ اس کی طرف نہیں جاتے تو ان سے دل میں خوف زدہ ہوئے

خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ۝۷۰ وَامْرَاَتُهٗ

خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا	تَخَفْ	اِنَّآ	اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمِ	لُوْطٍ	وَامْرَاَتُهٗ
ڈر	بولے	نہ	ڈرو	بیشک ہم	بھیجے گئے ہیں	طرف	قوم	لوط کی	اور آپ کی بیوی

اور ان سے ڈر محسوس کرنے لگے وہ بولے ڈریئے مت ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ابراہیم علیہ السلام

قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

قَآئِمَةٌ	فَضَحِكَتْ	فَبَشَّرْنٰهَا	بِاِسْحٰقَ	وَ	مِنْ وَّرَآءِ	اِسْحٰقَ
کھڑی تھی	وہ ہنس پڑی	تو خوشخبری دی ہم نے اس کو	اسحق کی	اور	بعد میں	اسحق کی

کی زوجہ (حضرت سارہ) کھڑی تھیں وہ ہنس پڑیں تو ہم نے انہیں اسحاق علیہ السلام کی خوشخبری سنائی اور اسحاق علیہ السلام کے بعد

يَعْقُوْبَ ۝۷۱ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ۭ اِنَّ

يَعْقُوْبَ	قَالَتْ	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَاَلِدُ	وَ	اَنَا	عَجُوْزٌ	وَّ	هٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ
یعقوب کی	کہنے لگی	اے افسوس	کیا میں جنوں گی	اور	میں ہوں	بوڑھی	اور	یہ ہیں	میرے خاوند	بوڑھے	بیشک

یعقوب علیہ السلام کی۔ حضرت سارہ بولیں کیا میرے ہاں اولاد ہوگی حالانکہ میں بوڑھی ہوں اور یہ میرے شوہر (بھی) بوڑھے

هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۷۲ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ

هٰذَا	لَشَيْءٌ	عَجِيْبٌ	قَالُوْٓا	اَتَعْجَبِيْنَ	مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ اللّٰهِ
یہ	چیز ہے	عجیب	بولے	کیا تعجب کرتی ہے تو	اللہ کے فیصلے پر	اللہ کی رحمتیں ہیں

ہیں بے شک یہ عجیب بات ہوگی۔ فرشتے بولے کیا آپ اللہ کے فیصلے سے تعجب فرماتی ہیں تم پر ان کے گھر والو!

وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝۷۳ فَلَمَّا

وَ	بَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ	اَهْلَ الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ	فَلَمَّا
اور	اس کی برکتیں	تم پر	اے گھروالو	بیشک وہ	تعریف کیا گیا	عزت والا ہے	پھر جب

اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں بے شک وہی سب خوبیوں والا عزت والا ہے۔ پھر جب

ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ

ذَهَبَ	عَنْ اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ	وَ	جَآءَتْهُ	الْبُشْرٰى	يُجَادِلُنَا	فِيْ قَوْمِ
زائل ہوا	ابراہیم سے	خوف	اور	آئی اس کو	خوشخبری	جھگڑنے لگا	قوم

ابراہیم علیہ السلام کا خوف زائل ہوا اور انہیں خوشخبری ملی ہم سے قوم لوط کے بارے

لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ

لُوْطٍ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ	اَوَّاهٌ	مُّنِيْبٌ	يٰۤاِبْرٰهِيْمُ	اَعْرِضْ	عَنْ هٰذَا
لوط کے متعلق	بیشک	ابراہیم	یقینا بردبار ہے	دردمند ہے	رجوع کرنیوالا ہے	اے ابراہیم	منہ پھیر لے	اس سے

میں جھگڑنے لگے۔ بے شک ابراہیم علیہ السلام بردبار نرم دل اور رجوع کرنے والے تھے۔ اے ابراہیم علیہ السلام! اس بات

اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَ اِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ

اِنَّهٗ	قَدْ جَآءَ	اَمْرُ	رَبِّكَ	وَ	اِنَّهُمْ	اٰتِيْهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ
کہ بیشک وہ	آچکا ہے	حکم	تیرے رب کا	اور	یقینا وہ	آنے والا ہے ان کو	عذاب	جو نہیں ہے

کو چھوڑدو تمہارے رب کا حکم پہنچ چکا ہے اور ان پر نہ لوٹنے والا عذاب

مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

مَرْدُوْدٍ	وَ	لَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ بِهِمْ	وَ	ضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا
واپس کیا گیا	اور	جب	آئے	ہمارے بھیجے ہوئے	لوط کے پاس	تو بددل ہوا	اور	تنگ ہوگیا	ان کی وجہ سے	سینے میں

آکر رہے گا۔ اور جب ہمارے فرشتے لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو لوط علیہ السلام ان کی آمد پر غمگین ہوئے اور ان کی وجہ سے ان کا

وَقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ

وَ	قَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ	عَصِيْبٌ	وَ	جَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ	اِلَيْهِ	وَ	مِنْ قَبْلُ
اور	کہا	یہ ہے	دن	سخت	اور	آئی اسکے پاس	اسکی قوم	دوڑتی ہوئی	اسکی طرف	اور	اس سے پہلے

سینہ تنگ ہوا اور انہوں نے کہا کہ یہ دن بڑا سخت ہے۔ اور ان کے (منکر) لوگ ان کی طرف بھاگتے ہوئے آئے اور وہ پہلے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	قَالَ	يٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِيْ	هُنَّ
تھے وہ	کام کرتے	برے	کہا	اے میری قوم	یہ ہیں	میری بیٹیاں	وہ

جو	چھپائے	بات کو	اور	جو	ظاہر کرے	اس کو	اور	جو	وہ	چھپنے والا ہے	رات میں

برابر ہیں۔ تم میں وہ جس نے بات کو چھپایا اور جس نے اسے پکار کر کہا اور جو رات کو چھپنے والا ہے

وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ

وَسَارِبٌ	بِالنَّهَارِ	لَهٗ	مُعَقِّبٰتٌ	مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ	وَ	مِنۡ خَلۡفِهٖ
اور چلنے والا ہے	دن کو	اس کے لیے	نگران ہیں	اس کے آگے	اور	اس کے پیچھے

اور دن کو چلنے والا۔ انسان کیلئے بدل بدل کر آنے والے فرشتے ہیں اس کے سامنے سے

يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوۡا

يَحۡفَظُوۡنَهٗ	مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُغَيِّرُ	مَا	بِقَوۡمٍ	حَتّٰى	يُغَيِّرُوۡا
حفاظت کرتے ہیں اسکی	اللہ کے حکم سے	بیشک	اللہ	نہیں بدلتا	جو	کسی قوم پر کی	یہاں تک کہ	بدل دیں وہ

اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اللہ کے حکم سے بے شک اللہ نہیں بدلتا کسی قوم کی حالت یہاں تک

مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ

مَا بِاَنْفُسِهِمْ	وَ	اِذَاۤ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	سُوْٓءًا	فَلَا	مَرَدَّ لَهٗ	وَمَا	لَهُمْ
اپنی جانوں کا طرز عمل	اور	جب	ارادہ کرتا ہے	اللہ	کسی قوم سے	تکلیف کا	تو نہیں ہے	پھرنا اس کو	اور نہیں	واسطے ان کے

کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدل دیں اور جب اللہ کسی قوم کو تکلیف دینے کا ارادہ فرمائے تو اسے کوئی نہیں لوٹا سکتا اور ان کیلئے

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ یُنْشِئُ

مِّنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّالٍ	هُوَ	الَّذِیْ	یُرِیْكُمُ	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَّ	طَمَعًا	وَّ	یُنْشِئُ
اسکے سوا	کوئی بچانے والا	وہ اللہ	وہ ہے	جو دکھاتا ہے تم کو	بجلی	خوف	اور	امید سے	اور	اٹھاتا ہے

اللہ کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں۔ وہی ہے جو تمہیں بجلی (کی چمک) دکھاتا ہے ڈرانے اور (کبھی) امید دلانے کیلئے اور

السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ ۚ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ۚ

السَّحَابَ	الثِّقَالَ	وَ	یُسَبِّحُ	الرَّعْدُ	بِحَمْدِهٖ	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	مِنْ خِیْفَتِهٖ
بادل	بھاری	اور	تسبیح کہتا ہے	رعد	اس کی حمد کی	اور	فرشتے	اس کے ڈر سے

(ہواؤں کے ذریعہ) بھاری بادل اٹھاتا ہے۔ اور بجلی کی گرج اس کی حمد کے ساتھ اور فرشتے اس کے خوف سے

وَیُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَّشَآءُ وَهُمْ

وَ	یُرْسِلُ	الصَّوَاعِقَ	فَیُصِیْبُ	بِهَا	مَنْ	یَّشَآءُ	وَهُمْ
اور	بھیجتا ہے	کڑک	پھر پہنچاتا ہے	ساتھ اسکے	جسے	چاہے	اور وہ

اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور کڑک بھیجتا ہے تو اسے ڈالتا ہے جس پر چاہے

یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ ؕ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ

یُجَادِلُوْنَ	فِی اللّٰهِ	وَ	هُوَ	شَدِیْدُ	الْمِحَالِ	لَهٗ	دَعْوَةُ	الْحَقِّ
جھگڑتے ہیں	اللہ کے بارے میں	اور	وہ ہے	سخت	عذاب والا	اس کے لیے	دعوت ہے	حق کی

اور وہ اللہ کے بارے میں جھگڑتے رہتے ہیں اور اس کی پکڑ سخت ہے۔ اسی کا پکارنا سچا ہے اور اس کے

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ

وَ	اَلَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا	يَسْتَجِيْبُوْنَ	لَهُمْ	بِشَيْءٍ	اِلَّا	كَبَاسِطِ
اور	وہ جو	پکارتے ہیں	اس کے سوا	نہیں	جواب دیتے	ان کو	کچھ بھی	مگر	جیسے پھیلانے والا

سوا جن کو پکارتے ہیں وہ ان کی کچھ بھی نہیں سنتے مگر اس کی طرح جو پانی کے سامنے اپنی

كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ

كَفَّيْهِ	اِلَى	الْمَآءِ	لِيَبْلُغَ	فَاهُ	وَ	مَا	هُوَ	بِبَالِغِهٖ	وَ	مَا	دُعَآءُ	الْكٰفِرِيْنَ
اپنے ہاتھ	طرف	پانی کی	تاکہ پہنچے	اس کے منہ کو	اور	نہیں	وہ	پہنچنے والا اسکو	اور	نہیں	پکار	کافروں کی

ہتھیلیاں پھیلائے بیٹھا ہے کہ اس کے منہ میں پہنچ جائے اور وہ ہرگز نہ پہنچے گا اور کافروں کی ہر

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا

اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	وَ	لِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا
مگر	بھٹکتی پھرتی ہے	اور	اللہ کو	سجدہ کرتا ہے	جو	آسمانوں میں ہے	اور زمین میں	خوشی سے

دعا رائیگاں جاتی ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے خوشی اور ناخوشی سے اللہ ہی

وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدة قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

وَ	كَرْهًا	وَّظِلٰلُهُمْ	بِالْغُدُوِّ	وَ	الْاٰصَالِ	قُلْ	مَنْ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ
اور	مجبوری سے	اور ان کے سائے	صبح	اور	شام	فرماؤ	کون ہے	رب	آسمانوں

کو سجدہ کرتا ہے اور صبح و شام ان کے سائے بھی۔ فرمادیجئے آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ

وَالْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَاتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءَ
اور زمین کا	فرمادو	اللہ	فرمادو	کیا پکڑے تم نے	اس کے سوا	حمایتی

رب کون ہے؟ فرمادیجئے ''اللہ'' فرمادیجئے کیا تم نے اسے چھوڑ کر ان کو کارساز بنا رکھا ہے جو اپنے لئے بھی نفع

السجدة

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

لَا	يَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	نَفْعًا	وَّ	لَا	ضَرًّا	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْاَعْمٰى
جو	نہیں مالک	اپنی جانوں کے	نفع	اور	نہ	نقصان کے	فرمادو	کیا	برابر ہے	اندھا

اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتے؟ فرمادیجئے کیا اندھا اور دیکھنے والا برابر ہوتے ہیں یا کیا اندھیرا

وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ

وَ	الْبَصِيْرُ	اَمْ	هَلْ	تَسْتَوِي	الظُّلُمٰتُ	وَ	النُّوْرُ	اَمْ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ
اور	دیکھنے والا	یا	کیا	برابر ہیں	اندھیرے	اور	اجالے	کیا	بنائے انہوں نے	اللہ کیلئے	شریک

اور روشنی برابر ہوتے ہیں؟ یا کیا انہوں نے ایسوں کو اللہ کا شریک بنایا ہے جنہوں نے اس کی

خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ

خَلَقُوْا	كَخَلْقِهٖ	فَتَشَابَهَ	الْخَلْقُ	عَلَيْهِمْ	قُلِ	اللّٰهُ	خَالِقُ	كُلِّ
پیدا کیا انہوں نے	اس کی پیدائش جیسا	تو مشابہ ہوگئی	پیدائش	ان پر	فرمادو	اللہ ہی	پیدا کرنے والا ہے	ہر

مخلوق کی طرح کچھ بنایا ہے اور مخلوق انہیں اسی طرح کی نظر آئی ہے فرمادیجئے اللہ ہی ہر شے کا

شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ

شَيْءٍ	وَّ	هُوَ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَسَالَتْ
چیز کا	اور	وہ	اکیلا ہے	زبردست	اس نے اتارا	آسمان سے	پانی	تو بہہ نکلیں

بنانے والا ہے اور وہ اکیلا ہے اور بہت بڑی قوت والا۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اُس سے وادیاں اپنی وسعت

اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ

اَوْدِيَةٌۢ	بِقَدَرِهَا	فَاحْتَمَلَ	السَّيْلُ	زَبَدًا	رَّابِيًا	وَ	مِمَّا	يُوْقِدُوْنَ
وادیاں	اپنے اندازے سے	تو اٹھائی	سیلاب نے	جھاگ	چڑھتے والی	اور	اس سے جو	دھکاتے ہیں

کے مطابق بہہ نکلیں پھر سیلاب نے اُبھرتے جھاگ کو اُٹھا لیا اور اسی طرح کا جھاگ ان چیزوں میں اُبھر آتا ہے

عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ

عَلَيْهِ	فِي النَّارِ	ابْتِغَاءَ	حِلْيَةٍ	أَوْ	مَتَاعٍ	زَبَدٌ	مِّثْلُهُ	كَذَٰلِكَ	يَضْرِبُ
اس پر	آگ میں	چاہنے	زیور کے	یا	سامان کے	جھاگ ہے	اسکی مثل	اسی طرح	بیان کرتا ہے

جن کو زیور یا برتن بنانے کے لیے آگ میں پگھلاتے ہیں اس طرح اللہ تعالیٰ حق اور باطل

اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ

اللّٰهُ	الْحَقَّ	وَ	الْبَاطِلَ	فَأَمَّا	الزَّبَدُ	فَيَذْهَبُ	جُفَاءً	وَ	أَمَّا	مَا يَنفَعُ
اللہ	حق	اور	باطل کو	پھر جو	جھاگ ہے	اس کی مثال	خشک ہوکر	اور	جو چیز	نفع دیتی ہے

کو بیان کرتا ہے۔ پھر وہ جھاگ تو اڑ جاتا ہے لیکن جو چیز انسانوں

النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ (۱۷)

النَّاسَ	فَيَمْكُثُ	فِي الْأَرْضِ	كَذَٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْأَمْثَالَ
لوگوں کو	وہ ٹھہرتی ہے	زمین میں	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں

کو فائدہ دیتی ہے وہ زمین میں ٹھہرجاتی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتا ہے۔

لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ ۗ وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ

وقف النبی

لِلَّذِينَ	اسْتَجَابُوا	لِرَبِّهِمُ	الْحُسْنَىٰ	وَ	الَّذِينَ	لَمْ يَسْتَجِيبُوا	لَهُ	لَوْ
جنہوں نے	فرمانبرداری کی	اپنے رب کی	بھلائی ہے	اور	جنہوں نے	نافرمانی کی	اس کی	اگر

انہی لوگوں کیلئے بھلائی ہے جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور جنہوں نے اس کے حکم کو نہیں مانا اگر ان کی ملکیت میں

أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ ۚ أُولَٰئِكَ

أَنَّ	لَهُم	مَّا	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَ	مِثْلَهُ	مَعَهُ	لَافْتَدَوْا	بِهِ	أُولَٰئِكَ
ہو	ان کیلئے	جو کچھ	زمین میں ہے	سب	اور	اتنا ہی	اسکے ساتھ	تو فدیہ میں دیں	اس کو	یہ لوگ ہیں

وہ سب کچھ ہوتا جو زمین میں ہے اور اس کی مثل اس کے ساتھ (اور بھی) تو وہ سب کچھ اپنی جان چھڑانے کے بدلے میں

ع ۸ النصف

لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ

لَهُمْ	سُوْٓءُ	الْحِسَابِ	وَ	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمِهَادُ	اَفَمَنْ
ان کیلئے	برا	حساب ہے	اور	ان کا ٹھکانہ	جہنم ہے	اور برا ہے	بچھونا	کیا جو آدمی

ضرور دے دیتے انہی کا سخت حساب ہوگا اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔ تو کیا وہ جو جانتا ہے

يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ اِنَّمَا

يَّعْلَمُ	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ	كَمَنْ	هُوَ	اَعْمٰى	اِنَّمَا
جانتا ہے	کہ وہ جو	اتارا گیا ہے	آپکی طرف	آپکے رب سے	وہ حق ہے	اس جیسا ہے	کہ وہ	اندھا ہے	سوائے اسکے نہیں

جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کے پاس سے اترا حق ہے وہ اس جیسا ہو گا جو اندھا ہے

يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾ ۙ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ

يَتَذَكَّرُ	اُولُوا الْاَلْبَابِ	الَّذِيْنَ	يُوْفُوْنَ	بِعَهْدِ	اللّٰهِ	وَ	لَا	يَنْقُضُوْنَ
نصیحت لیتے ہیں	عقل والے لوگ	وہ جو	پورا کرتے ہیں	عہد	اللہ کا	اور	نہیں	توڑتے

نصیحت وہی مانتے ہیں جنہیں عقل ہے۔ وہ جو اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں اور پختہ عہد

الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾ ۙ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ

الْمِيْثَاقَ	وَالَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ	مَآ	اَمَرَ	اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ
عہد پختہ	اور وہ جو	ملاتے ہیں	اس چیز کو کہ	حکم دیا	اللہ نے	اسکے متعلق	یہ کہ	ملایا جائے

کو توڑتے نہیں۔ اور وہ جو ان (رشتوں) کو جن کے متعلق اللہ نے حکم دیا ہے کہ ملائے جائیں ملاتے ہیں

وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ ۭ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا

وَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	وَيَخَافُوْنَ	سُوْٓءَ	الْحِسَابِ	وَ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوا
اور	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	اور خوف کھاتے ہیں	برے	حساب کا	اور	وہ جنہوں نے	صبر کیا

اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب سے خوف کھاتے ہیں۔ اور وہ جنہوں نے اپنے رب کی

ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِمْ	وَ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا
واسطے چاہنے	رضامندی	اپنے رب کی	اور	قائم کی انہوں نے	نماز	اور	خرچ کیا انہوں نے	سے جو	دیا ہم نے ان کو	چھپے

توجہ حاصل کرنے کیلئے صبر کیا اور نماز قائم کی اور اس میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے

وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى

وَعَلَانِيَةً	وَ	يَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى
اور ظاہر	اور	دور کرتے ہیں	نیکی سے	برائی کو	یہ لوگ ہے	ان کے لیے	آخرت کا

چھپاکر اور اعلانیہ خرچ کیا اور بھلائی سے برائی کو دور کرتے ہیں، انہی کیلئے اس گھر کا

الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

الدَّارِ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَدْخُلُوْنَهَا	وَ	مَنْ	صَلَحَ	مِنْ اٰبَآئِهِمْ
گھر ہے	باغ	ہمیشہ کے	داخل ہوں گے ان میں	اور	جو	نیک ہوا	انکے باپ دادا سے

انجام ہو گا۔ یہ (دائمی) رہائش کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو نیک ہوں گے ان کے باپ دادا

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾

وَ	اَزْوَاجِهِمْ	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمْ	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	يَدْخُلُوْنَ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ كُلِّ بَابٍ
اور	ان کی بیویوں سے	اور	ان کی اولاد سے	اور	فرشتے	داخل ہونگے	ان پر	ہر دروازے سے

اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے فرشتے ان پر ہر دروازے سے (یہ کہتے ہوئے) داخل ہوں گے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	بِمَا	صَبَرْتُمْ	فَنِعْمَ	عُقْبَى	الدَّارِ	وَ	الَّذِيْنَ
سلام ہے	تم پر	بدلے	تمہارے صبر کے	تو اچھا ہے	آخرت کا	گھر	اور	وہ جو

تم پر سلامتی ہو اس لئے کہ تم نے صبر کیا تو کیا ہی اچھا ہے آخرت کا گھر۔ اور وہ جو اللہ کا

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ

يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ	اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مِيْثَاقِهٖ	وَ	يَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ	اللّٰهُ	بِهٖٓ
توڑتے ہیں	عہد	اللہ کا	بعد اس کے	مضبوط کرنے کے	اور	توڑتے ہیں	جو	حکم دیا ہے	اللہ نے	اسکے متعلق

عہد اس کے پکے ہونے کے بعد توڑتے اور جس کے جوڑنے کا اللہ نے فرمایا اسے

اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ

اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ
یہ کہ	ملایا جائے	اور فساد کرتے ہیں	زمین میں	یہ لوگ ہیں کہ	ان کے لیے	لعنت ہے	اور انکے لیے

منقطع کرتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کا حصہ لعنت ہی ہے اور

سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا

سُوْٓءُ	الدَّارِ	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيَقْدِرُ	وَ	فَرِحُوْا
برا	گھر ہے	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لیے	چاہے	اور تنگ کرتا ہے	اور	اترا گئے وہ

ان کے لیے برا گھر ہے۔ اللہ جس کیلئے چاہے رزق کشادہ اور تنگ کرتا ہے اور کافر دنیا کی زندگی پر خوش ہو گئے

بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿٢٦﴾ وَيَقُوْلُ

بِالْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	مَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	فِى الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	مَتَاعٌ	وَ	يَقُوْلُ
زندگی	دنیا پر	اور	نہیں ہے	زندگی	دنیا کی	آخرت کے مقابلہ میں	مگر	معمولی سامان	اور	کہتے ہیں

اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل نہیں مگر دنیا تھوڑے سے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ اور کافر کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُضِلُّ
وہ جو	کافر ہوئے	کیوں نہیں	اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	اسکے رب سے	فرما دو	بیشک	اللہ	گمراہ کرتاہے

کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری؟ فرما دیجئے اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے

مَنۡ یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ اَنَابَ ﴿ۖۚ۲۷﴾ اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ

تَطۡمَئِنُّ	وَ	اٰمَنُوۡا	اَلَّذِیۡنَ	اَنَابَ	مَنۡ	اِلَیۡهِ	یَهۡدِیۡ	وَ	یَّشَآءُ	مَنۡ
چین پاتے ہیں	اور	ایمان لائے	وہ جو	رجوع کرے	اس کو جو	اپنی طرف	ہدایت دیتا ہے	اور	چاہے	جسے

اور جس نے اللہ کی طرف رجوع کیا اسے اللہ اپنی طرف راہ دکھاتا ہے۔ وہ لوگ جو ایمان لائے اور جن کے دل اللہ کی یاد

قُلُوۡبُهُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿ؕ۲۸﴾ اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

اٰمَنُوۡا	اَلَّذِیۡنَ	الۡقُلُوۡبُ	تَطۡمَئِنُّ	اللّٰهِ	بِذِکۡرِ	اَلَا	اللّٰهِ	بِذِکۡرِ	قُلُوۡبُهُمۡ
ایمان لائے	وہ جو	دل	چین پاتے ہیں	الٰہی سے ہی	یاد	سن لو	الٰہی سے	یاد	ان کے دل

میں اطمینان پاتے ہیں یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دِل اطمینان پاتے ہیں۔ وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوۡبٰی لَهُمۡ وَحُسۡنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ کَذٰلِكَ

کَذٰلِكَ	مَاٰبٍ	حُسۡنُ	وَ	لَهُمۡ	طُوۡبٰی	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا
اسی طرح	انجام	اچھا ہے	اور	ان کے لیے	خوشی ہے	اچھے	اور عمل کیے

اور انہوں نے نیک کام کیے ان کیلئے خوشحالی اور بہترین ٹھکانا ہے۔ اسی طرح ہم نے

اَرۡسَلۡنٰكَ فِیۡۤ اُمَّةٍ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتۡلُوَا عَلَیۡهِمُ

عَلَیۡهِمُ	لِتَتۡلُوَا	اُمَمٌ	مِنۡ قَبۡلِهَاۤ	قَدۡ خَلَتۡ	فِیۡۤ اُمَّةٍ	اَرۡسَلۡنٰكَ
ان پر	تا کہ آپ پڑھیں	امتیں	اس سے پہلے	بیشک گزر چکیں	اس امت میں کہ	بھیجا ہم نے آپ کو

آپ کو ایک اُمت میں بھیجا کہ اس سے پہلے کئی اُمتیں گزر چکیں تا کہ آپ ان پر تلاوت کریں اس (کتاب)

الَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ وَهُمۡ یَکۡفُرُوۡنَ بِالرَّحۡمٰنِ ؕ قُلۡ هُوَ رَبِّیۡ

رَبِّیۡ	هُوَ	قُلۡ	بِالرَّحۡمٰنِ	یَکۡفُرُوۡنَ	هُمۡ	وَ	اِلَیۡكَ	اَوۡحَیۡنَاۤ	الَّذِیۡۤ
میرا رب	وہ	فرماؤ	رحمان کا	کفر کرتے ہیں	وہ	اور	آپ کی طرف	وحی کی ہم نے	وہ جو

کی جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی اور وہ رحمٰن کا انکار کرتے ہیں آپ فرما دیجئے وہی میرا رب ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ

لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	مَتَابِ	وَلَوْ	اَنَّ	قُرْاٰنًا	سُيِّرَتْ
نہیں کوئی معبود	مگر وہی	اسی پر	میں نے بھروسہ کیا	اور اسکی طرف	میری رجوع ہے	اور اگر	بیشک	کوئی قرآن	چلائے جائیں

اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ اور اگر کوئی ایسا قرآن آتا جس سے

بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ

بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ	بِهِ	الْاَرْضُ	اَوْ	كُلِّمَ	بِهِ	الْمَوْتٰى	بَلْ	لِّلّٰهِ
اسکے ساتھ	پہاڑ	یا	کاٹی جائے	اسکے ساتھ	زمین	یا	کلام کریں	اسکے ساتھ	مردے	بلکہ	اللہ کیلئے ہے

پہاڑ چلائے جاتے یا زمین پھٹ جاتی یا مردے باتیں کرتے جب بھی یہ کافر نہ مانتے بلکہ سب کام اللہ ہی کے

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى

الْاَمْرُ	جَمِيْعًا	اَفَلَمْ	يَايْـَٔسِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنْ	لَّوْ	يَشَآءُ	اللّٰهُ	لَهَدَى
حکم	سب	کیا نہیں	مایوس ہوئے	وہ جو	ایمان لائے	یہ کہ	اگر	چاہے	اللہ تو	ہدایت دے

اختیار میں ہیں تو کیا مسلمان اس سے نا اُمید نہ ہوئے کہ اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا

النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا

النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَ	لَا يَزَالُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ	بِمَا	صَنَعُوْا
لوگوں کو	سب کے سب کو	اور	ہمیشہ رہیں گے	وہ جو	کافر ہوئے	پہنچے گی ان کو	بدلے	انکی کمائی کے

اور کافروں کو ہمیشہ ان کے کئے پر سخت آفت آتی رہے گی یا

قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قَارِعَةٌ	اَوْ	تَحُلُّ	قَرِيْبًا	مِّنْ دَارِهِمْ	حَتّٰى	يَاْتِيَ	وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ
مصیبت	یا	اترے	قریب	ان کے گھروں کے	یہاں تک	آئے	اللہ کا فیصلہ	بیشک	اللہ

ان کے گھروں کے نزدیک اتر آئے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آئے بے شک اللہ

لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ

لَا	يُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	وَ	لَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ
نہیں	خلاف کرتا	وعدہ	اور	بیشک	ہنسی کی گئی	رسولوں سے	آپ سے پہلے	تو ڈھیل دی میں نے

وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اور بے شک آپ سے پہلے رسولوں پر بھی ہنسی کی گئی تو میں نے کافروں کو

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	عِقَابِ	اَفَمَنْ	هُوَ	قَآئِمٌ
کافروں کو	پھر	میں نے ان کو پکڑا	سو کیسا	ہوا	میرا عذاب	کیا جو	وہ	قائم ہے

کچھ دن ڈھیل دی پھر انہیں پکڑا تو میرا عذاب کیسا تھا۔ تو کیا وہ (اللہ) جو ہر

عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ قُلْ سَمُّوْهُمْ

عَلٰى	كُلِّ	نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ
اوپر	ہر	جان کے	جو کچھ	اس نے کمایا	اور	بنائے انہوں نے	اللہ کیلئے	شریک	فرماؤ	نام لو ان کا

شخص کے عمل کا نگران ونگہبان ہے مگر انہوں نے اللہ کے شریک بنا رکھے ہیں فرما دیجئے ان کا نام لو یا کیا

اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ

اَمْ	تُنَبِّئُوْنَهٗ	بِمَا	لَا يَعْلَمُ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	بِظَاهِرٍ	مِّنَ الْقَوْلِ	بَلْ	زُيِّنَ
یا	خبر دیتے ہو تم اسکو	جو	نہیں جانتا	زمین میں	یا	محض ظاہری	بات کہتے ہو	بلکہ	زینت دی گئی

تم اسے اس بات کی خبر دیتے ہو جسے وہ زمین میں جانتا ہی نہیں یا کسی ظاہری بات کی؟

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَ	صُدُّوْا	عَنِ السَّبِيْلِ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ
ان کو جو	کافر ہوئے	ان کی تدبیر	اور	روک دیئے گئے وہ	راستے سے	اور	جسے	گمراہ کرے	اللہ

نہیں بلکہ کافروں کو اپنی چال خوش نما لگتی ہے اور وہ راہ خدا سے روک دیئے گئے ہیں اور جسے اللہ گمراہ کر دے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ	لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	لَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ
تو نہیں ہے	اسکے لیے	کوئی ہادی	ان کے لیے	عذاب ہے	زندگی میں	دنیا کی	اور	عذاب	آخرت کا

اس کا کوئی رہنما نہیں ہوتا۔ انہیں دنیا کی زندگی میں عذاب ہو گا اور آخرت کا عذاب تو

اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ

اَشَقُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّاقٍ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ	الَّتِيْ	وُعِدَ
بہت سخت ہے	اور نہیں	ان کو	اللہ سے	کوئی بچانے والا	مثال	جنت کی	جو	وعدہ دیے گئے ہیں

بہت ہی سخت ہو گا اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا۔ اس جنت کا حال جس کا متقیوں سے

الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ

الْمُتَّقُوْنَ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اُكُلُهَا	دَآئِمٌ	وَّ	ظِلُّهَا	تِلْكَ
پرہیزگار	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اس کے میوے	ہمیشہ ہیں	اور	اس کے سائے	یہ ہے

وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے کہ) اس کے نیچے نہریں جاری ہیں، اس کا پھل ہمیشہ رہے گا اور اس کا سایہ (بھی) یہ

عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

عُقْبَى	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	وَّ	عُقْبَى	الْكٰفِرِيْنَ	النَّارُ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ
انجام	ان کا	جو پرہیزگار ہیں	اور	انجام	کافروں کا	آگ ہے	اور	وہ جو	دی ہم نے ان کو

انجام ہے ان لوگوں کا جو متقی ہوئے اور کافروں کا انجام آگ ہے۔ اور وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ

الْكِتٰبَ	يَفْرَحُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَ	مِنَ الْاَحْزَابِ	مَنْ	يُّنْكِرُ
کتاب	خوش ہیں	اس سے جو	اتاری گئی	آپ کی طرف	اور	گروہوں سے	وہ بھی ہے جو	انکار کرتے ہیں

وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور ان گروہوں میں کچھ وہ ہیں جو اس کے بعض کا انکار کرتے ہیں

بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ

بَعْضَهٗ	قُلْ	اِنَّمَآ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَلَآ	اُشْرِكَ	بِهٖ	اِلَيْهِ
اسکے بعض کا	فرماؤ	سوائے اسکے نہیں کہ	مجھ حکم دیا گیا ہوں	یہ کہ	عبادت کروں میں	اللہ کی	اور نہ	شرک کروں میں	اسکے ساتھ	اسی کی طرف

فرمائیے مجھے تو یہی حکم ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ بناؤں میں

اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ

اَدْعُوْا	وَ	اِلَيْهِ	مَاٰبِ	وَ	كَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	حُكْمًا	عَرَبِيًّا	وَ	لَئِنِ
میں بلاتا ہوں	اور	اسی کی طرف	پھرنا ہے	اور	اسی طرح	ہم نے اسے اتارا	حکم	عربی زبان میں	اور	اگر

اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے۔ اور اسی طرح ہم نے اسے فصیح عربی میں اتارا اور اے سننے والے اگر تو

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ

اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	بَعْدَ	مَا	جَآءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ	مَا لَكَ	مِنَ اللّٰهِ
تو پیروی کرے	انکی خواہشوں کی	بعد	اس کے جو	آیا تیرے پاس	علم	نہیں ہے تیرے لیے	اللہ سے

ان کی خواہشوں پر چلے گا بعد اس کے کہ تجھے علم آ چکا تو اللہ کے آگے نہ تیرا

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا

مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا	وَاقٍ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِّنْ قَبْلِكَ	وَ	جَعَلْنَا
کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی بچانے والا	اور	بیشک	بھیجے ہم نے	رسول	آپ سے پہلے	اور	بنائی ہم نے

کوئی حمایتی ہو گا نہ بچانے والا۔ اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے رسول بھیجے اور ان کیلئے بیویاں

لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ

لَهُمْ	اَزْوَاجًا	وَّذُرِّيَّةً	وَ	مَا	كَانَ	لِرَسُوْلٍ	اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ
ان کیلئے	بیوی	اور بچے	اور	نہیں	ہے	واسطے کسی رسول کے	یہ کہ	لائے	کوئی نشانی	مگر	حکم

اور اولاد بنائی اور کسی رسول کا کام نہیں کہ کوئی نشانی لے آئے مگر اللہ

اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗۤ

اللّٰهِ	لِكُلِّ	اَجَلٍ	كِتَابٌ	يَمْحُوا	اللّٰهُ	مَا	يَشَآءُ	وَ	يُثْبِتُ	وَعِنْدَهٗۤ
الٰہی سے	واسطے ہر	وقت کے	لکھت ہے	مٹاتا ہے	اللہ	جو	چاہے	اور	ثابت رکھتا ہے	اور اسکے پاس ہے

کے حکم سے ہر دور کی ایک کتاب ہے۔ اللہ جس بات کو چاہتا ہے مٹاتا اور قائم رکھتا ہے اور اس کے پاس

اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

اُمُّ	الْكِتٰبِ	وَ	اِنْ مَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ
بنیاد	کتاب کی	اور	اگر	دکھائیں ہم تمہیں	بعض	وہ عذاب	جو ہم وعدہ دیتے ہیں انکو	یا	آپ کو پاس بلالیں

اُمّ الکتاب ہے۔ اور اگر ہم آپ کو اس کا ایک حصہ دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا آپ کو اپنے پاس بلالیں تو

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ

فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَ	عَلَيْنَا	الْحِسَابُ	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا نَاْتِي	الْاَرْضَ
تو سوائے اس کے نہیں کہ	تمہارے ذمہ ہے	پہنچانا	اور	ہم پر ہے	حساب	کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ	ہم آتے ہیں	زمین کو

تمہارے ذمے تو صرف پیغام کو پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارے ذمے ہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ

نَنْقُصُهَا	مِنْ اَطْرَافِهَا	وَ	اللّٰهُ	يَحْكُمُ	لَا مُعَقِّبَ	لِحُكْمِهٖ	وَ	هُوَ
کم کرتے ہیں ہم اس کو	اسکے کناروں سے	اور	اللہ	حکم دیتا ہے	نہیں کوئی پیچھا کرنے والا	اسکے حکم کا	اور	وہ ہے

کو ہر طرف سے کم کر رہے ہیں اور اللہ حکم فرماتا ہے اس کے حکم کو رد کرنے والا کوئی نہیں اور اسے

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ

سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	وَقَدْ	مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلِلّٰهِ	الْمَكْرُ
جلدی	حساب لینے والا	اور بیشک	فریب کیا	ان لوگوں نے	جوان سے پہلے تھے	تو اللہ کیلئے ہے	تدبیر

حساب لینے میں کچھ دیر نہیں لگتی۔ اور بے شک فریب کیا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے تو ساری خفیہ تدبیروں کا اللہ ہی

جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ

جَمِيْعًا	يَعْلَمُ	مَا	تَكْسِبُ	كُلُّ	نَفْسٍ	وَسَيَعْلَمُ	الْكُفّٰرُ	لِمَنْ
ساری	جانتا ہے	جو	کماتا ہے	ہر	جان	اور جلدی جانیں گے	کافر	کہ کس کے لیے ہے

مالک ہے وہ جانتا ہے جو کوئی عمل کرے اور عنقریب جان لیں گے کافر کہ اس گھر کا نیک

عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى

عُقْبَى	الدَّارِ	وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَسْتَ	مُرْسَلًا	قُلْ	كَفٰى
آخرت کا	گھر	اور کہتے ہیں	وہ جو	کافر ہوئے	نہیں آپ	رسول	فرما دیجئے	کافی ہے

انجام کس کیلئے ہے۔ اور کافر کہتے ہیں آپ رسول نہیں آپ فرما دیجئے اللہ گواہ کافی ہے

بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع

بِاللّٰهِ	شَهِيْدًۢا	بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَكُمْ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	عِلْمُ	الْكِتٰبِ
اللہ	گواہ	درمیان میرے	اور	درمیان تمہارے	اور وہ	جس کے پاس ہے	علم	کتاب کا

مجھ میں اور تم میں اور وہ جسے کتاب کا علم ہے۔

آیاتها ۵۲ — ۱۴ سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ ۷۲ — رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ	النَّاسَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى	النُّوْرِ
ال ر	یہ کتاب ہے	اتارا ہم نے اس کو	آپ کی طرف	تاکہ نکالیں آپ	لوگوں کو	اندھیریوں سے	طرف	روشنی کے

الرایک کتاب ہے کہ ہم نے آپ کی طرف نازل کی کہ آپ لوگوں کو اندھیریوں سے اُجالے میں لاؤ ان کے رب کے حکم سے اس کی

بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ اِلٰى صِرَاطِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِىۡ لَهٗ مَا فِى

بِاِذۡنِ	رَبِّهِمۡ	اِلٰى	صِرَاطِ	الۡعَزِيۡزِ	الۡحَمِيۡدِ	اللّٰهِ	الَّذِىۡ	لَهٗ	مَا	فِى
ساتھ حکم	اپنے رب کے	طرف	راستے	غالب	تعریف کیے گئے کی	اللہ	وہ ہے	جس کا ہے	جو	کچھ

راہ کی طرف جو عزت والا سب خوبیوں والا ہے۔ اللہ کہ اسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَوَيۡلٌ لِّلۡكٰفِرِيۡنَ مِنۡ عَذَابٍ

السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِى الۡاَرۡضِ	وَ	وَيۡلٌ	لِّلۡكٰفِرِيۡنَ	مِنۡ عَذَابٍ
آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	اور	خرابی ہے	کافروں کے لیے	عذاب

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور کافروں کی خرابی ہے ایک

شَدِيۡدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيۡنَ يَسۡتَحِبُّوۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا عَلَى الۡاٰخِرَةِ

شَدِيۡدِ	الَّذِيۡنَ	يَسۡتَحِبُّوۡنَ	الۡحَيٰوةَ	الدُّنۡيَا	عَلَى	الۡاٰخِرَةِ
سخت سے	وہ جو	پسند کرتے ہیں	زندگی	دنیا کی	اوپر	آخرت کے

سخت عذاب سے۔ وہ جو آخرت پر دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں

وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَيَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِىۡ ضَلٰلٍ

وَ	يَصُدُّوۡنَ	عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ	وَيَبۡغُوۡنَهَا	عِوَجًا	اُولٰٓئِكَ	فِىۡ ضَلٰلٍ
اور	روکتے ہیں	اللہ کی راہ سے	اور چاہتے ہیں اس میں	کجی	یہ لوگ	گمراہی میں ہیں

اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اسے ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں وہ دور کی گمراہی

بَعِيۡدٍ ﴿۳﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمۡ ؕ

بَعِيۡدٍ	وَ	مَاۤ	اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ	رَّسُوۡلٍ	اِلَّا	بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمۡ
دور کی	اور	نہیں	بھیجا ہم نے	کوئی	رسول	مگر	اسکی قوم ہی کی زبان میں	تاکہ بیان کرے	ان کیلئے

میں پڑے ہیں۔ اور ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان میں ہی پیغام دے کر بھیجا تاکہ ان پر (حکم)

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

فَيُضِلُّ	اللّٰهُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ
پھر گمراہ کرتا ہے	اللہ	جسے	چاہے	اور	ہدایت دیتا ہے	جسے	چاہے	اور	وہ	عزت

واضح کرے پھر اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ دکھا دیتا ہے اور وہ

الْحَكِيْمُ ۝۴ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

الْحَكِيْمُ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ	اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ
حکمت والا ہے	اور	بیشک	بھیجا ہم نے	موسیٰ کو	اپنی نشانیاں دے کر	یہ کہ	نکالو	اپنی قوم کو	اندھیروں سے

غالب حکمت والا ہے۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا تا کہ بنی اسرائیل کے لوگوں کو تاریکیوں

اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

اِلَى	النُّوْرِ	وَ	ذَكِّرْهُمْ	بِاَيّٰىمِ	اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ
طرف	اجالے کے	اور	یاد دلاؤ ان کو	دن	اللہ کے	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	واسطے ہر ایک

سے روشنی کی طرف نکال لائیں اور انہیں اللہ کے دن یاد دلائیں بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۵ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
صبر کرنے والے	شکر کرنے والے کیلئے	اور	جب	فرمایا	موسیٰ نے	اپنی قوم کو	یاد کرو	احسان	اللہ کا	اپنے اوپر

صبر والے شکر گزار کیلئے۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) کے لوگوں سے فرمایا یاد کرو اللہ کی نعمت

اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ

اِذْ	اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ اٰلِ	فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	وَ	يُذَبِّحُوْنَ
جب	نجات دی اس نے تمکو	آل	فرعون سے	پہنچاتے تھے تم کو	برا	عذاب	اور	ذبح کرتے تھے

جو تم پر ہوئی جب اس نے تمہیں فرعون کے لوگوں سے نجات دی جو تمہیں بہت بری تکلیفیں پہنچاتے تھے

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اَبْنَآءَكُمْ	وَ	يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
تمہارے بیٹوں کو	اور	زندہ رکھتے	تمہاری بیٹیاں	اور	اس میں	امتحان تھا	تمہارے رب کی طرف سے

اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی

عَظِيْمٌ ۝۶ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ

عَظِيْمٌ	وَ	اِذْ	تَاَذَّنَ	رَبُّكُمْ	لَىِٕنْ	شَكَرْتُمْ	لَاَزِيْدَنَّكُمْ	وَ	لَىِٕنْ	كَفَرْتُمْ
بہت بڑا	اور	جب	اعلان کیا	تمہارے رب نے	اگر	تم شکر کرو	تو میں تمہیں زیادہ دوں گا	اور	اگر	تم ناشکری کرو

آزمائش تھی۔ اور یاد کرو جب تمہارے رب نے سنا دیا کہ اگر احسان مانو گے تو میں تمہیں اور دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے

اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي

اِنَّ	عَذَابِيْ	لَشَدِيْدٌ	وَ	قَالَ	مُوْسٰى	اِنْ	تَكْفُرُوْٓا	اَنْتُمْ	وَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ
تو بیشک	میرا عذاب	البتہ سخت ہے	اور	فرمایا	موسیٰ نے	اگر	تم کفر کرو	تم	اور	جو	زمین میں ہیں

تو میرا عذاب سخت ہے۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اگر تم اور زمین میں جتنے ہیں

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

جَمِيْعًا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَغَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	اَلَمْ	يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ
سب	تو بیشک	اللہ	بے پرواہ ہے	خوبیوں والا	کیا نہیں	آئی تمہارے پاس	خبر	ان کی جو

سب کافر ہو جاؤ تو بے شک اللہ بے نیاز سب خوبیوں والا ہے۔ کیا تمہیں ان لوگوں کی جو تم سے پہلے ہوئے

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ڛ

مِنْ قَبْلِكُمْ	قَوْمِ	نُوْحٍ	وَّ	عَادٍ	وَّ	ثَمُوْدَ	وَ	الَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ
تم سے پہلے تھے	قوم	نوح کی	اور	عاد	اور	ثمود کی	اور	وہ جو	ان کے بعد ہوئے

خبر نہیں پہنچی قومِ نوح اور عاد اور ثمود کی اور ان کی جو ان کے بعد ہوئے؟

لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ

لَا	يَعْلَمُهُمْ	اِلَّا	اللّٰهُ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَرَدُّوْٓا	اَيْدِيَهُمْ	فِيْٓ
نہیں	جانتا ان کو	مگر	اللہ	آئے انکے پاس	ان کے رسول	روشن دلیلیں لے کر	تو لے گئے وہ	اپنے ہاتھ	میں

انہیں اب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ان کے رسول ان کے پاس واضح دلیلیں لے کر آئے مگر انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے چہروں پر

اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ

اَفْوَاهِهِمْ	وَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	كَفَرْنَا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّا	لَفِيْ شَكٍّ
اپنے مونہوں	اور	بولے	بیشک ہم نے	کفر کیا	ساتھ اسکے جو	بھیجے گئے ہو تم	ساتھ اسکے	اور بیشک ہم	یقیناً شک میں ہیں

رکھ دیے اور بولے ہم اس پیغام کا جس کے ساتھ تمہیں بھیجا گیا ہے انکار کرتے ہیں اور ہم اس بات کے بارے میں جس کی طرف

مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۹﴾ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ

مِّمَّا	تَدْعُوْنَنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ	قَالَتْ	رُسُلُهُمْ	اَفِي اللّٰهِ	شَكٌّ	فَاطِرِ
اس سے	جو بلاتے ہو تم	طرف اس کی	شک کرنے والے	فرمایا	انکے رسولوں نے	کیا اللہ میں	شک ہے	جو پیدا کرنے والا ہے

تم ہمیں بلاتے ہو پکے شک میں ہیں۔ ان کے رسولوں نے فرمایا کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	يَدْعُوْكُمْ	لِيَغْفِرَ لَكُمْ	مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ
آسمانوں کا	اور	زمین کا	وہ بلاتا ہے تم کو	تا کہ بخشے	کچھ تمہارے گناہ

اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے؟ وہ تمہیں بلاتا ہے تا کہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے اور تمہیں ایک مقررہ

وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ

وَ	يُؤَخِّرَكُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	قَالُوْٓا	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا
اور	مہلت دے گا تم کو	طرف	مدت	مقرر کی	بولے	نہیں ہو	تم	مگر	آدمی	ہمارے جیسے

مدت تک مہلت دے وہ کہنے لگے تم تو ہماری ہی طرح کے بشر ہو

تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ

تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَصُدُّوْنَا	عَمَّا	كَانَ	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	فَاْتُوْنَا	بِسُلْطٰنٍ
تم چاہتے ہو	یہ کہ	روک دو تم ہم کو	اس چیز سے	جو تھے	عبادت کرتے	ہمارے باپ دادا	تو لاؤ ہمارے پاس	سند

تم چاہتے ہو کہ ہمیں ان سے جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے روک دو اچھا! کوئی

مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

مُّبِيْنٍ	قَالَتْ	لَهُمْ	رُسُلُهُمْ	اِنْ	نَّحْنُ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ
روشن	فرمایا	ان کو	ان کے رسولوں نے	نہیں	ہم	مگر	آدمی	تمہارے جیسے	اور	لیکن	اللہ

واضح دلیل لاؤ۔ ان کے رسولوں نے ان سے فرمایا (اے کافرو) ہم (آدم کی نسل ہونے میں) تم جیسے ہی بشر ہیں

يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ

يَمُنُّ	عَلٰى	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَمَا	كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نَّاْتِيَكُمْ	بِسُلْطٰنٍ
احسان کرتا ہے	اوپر	جس کے	چاہے	اپنے بندوں سے	اور نہیں	ہے	ہمارے لیے	یہ کہ	لائیں ہم تمہارے پاس	سند

لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان فرماتا ہے اور ہمارا کام نہیں کہ ہم تمہارے پاس کوئی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَا لَنَآ

اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَعَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	مَالَنَآ
مگر	ساتھ حکم	اللہ کے	اور اوپر	اللہ کے	چاہیے کہ بھروسہ کریں	ایمان والے	اور	کیا ہے ہمیں

دلیل لے آئیں مگر اللہ کے حکم سے اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ اور ہمیں کیا ہے

اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ

اَلَّا	نَتَوَكَّلَ	عَلَى	اللّٰهِ	وَ	قَدْ	هَدٰىنَا	سُبُلَنَا	وَلَنَصْبِرَنَّ	عَلٰى	مَآ
یہ کہ نہ	بھروسہ کریں ہم	اوپر	اللہ کے	اور	بیشک	ہدایت دی اس نے ہمیں	ہماری راہوں کی	اور صبر کریں گے ہم	اوپر	اسکے جو

کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں حالانکہ اس نے ہماری (نجات کی) راہیں ہمیں دکھا دیں اور ہم ضرور صبر کریں گے

اَذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اٰذَيْتُمُوْنَا	وَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ایذا دیتے ہو تم ہمیں	اور	اوپر	اللہ کے	بھروسہ کریں	بھروسہ کرنے والے	اور	کہا	انہوں نے جو	کافر تھے

اس پر جو تم ہمیں تکلیفیں پہنچاتے رہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ اور کافروں نے اپنے رسولوں

لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى

لِرُسُلِهِمْ	لَنُخْرِجَنَّكُمْ	مِّنْ اَرْضِنَآ	اَوْ	لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ	مِلَّتِنَا	فَاَوْحٰى
اپنے رسولوں و	ضرور نکال دینگے ہم تم کو	اپنی زمین سے	یا	یقیناً لوٹو گے تم	میں	ہمارے دین	تو وحی کی

سے کہا ہم ضرور تمہیں اپنی زمین سے نکال دیں گے یا تم ہمارے دین پر ہو جاؤ تو انہیں ان کے رب نے

اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ

اِلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	لَنُهْلِكَنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	لَنُسْكِنَنَّكُمُ	الْاَرْضَ
ان کی طرف	ان کے رب نے	ضرور ہلاک کریں گے ہم	ظالموں کو	اور	ضرور آباد کریں گے ہم تم کو	زمین میں

وحی بھیجی کہ ہم ضرور ان ظالموں کو ہلاک کریں گے۔ اور ضرور ہم تم کو ان کے بعد زمین میں بسائیں گے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَافَ	مَقَامِيْ	وَ	خَافَ	وَعِيْدِ
ان کے بعد	یہ	اس کے لیے ہے جو	ڈرے	میرے سامنے کھڑا ہونے سے	اور	ڈرے	اور میرے وعید سے خوف کرے

یہ اس کیلئے ہے جو میرے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اور میں نے جو عذاب کا حکم سنایا ہے اس سے خوف کرے۔

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ جَهَنَّمُ

وَ	اسْتَفْتَحُوْا	وَخَابَ	كُلُّ	جَبَّارٍ	عَنِيْدٍ	مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ	جَهَنَّمُ
اور	فیصلہ مانگا انہوں نے	اور نامراد ہوا	ہر ایک	سرکش	ہٹ دھرم	اس کے پیچھے ہے	جہنم

اور انہوں نے فیصلہ مانگا اور ہر جبر کرنے والا حق کا دشمن نامراد ہوا۔ اس کے آگے جہنم ہے

وَ يُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ

يُسِيْغُهٗ	يَكَادُ	لَا	وَ	يَّتَجَرَّعُهٗ	صَدِيْدٍ	مِنْ مَّآءٍ	يُسْقٰى	وَ
کہ نگل سکے اس کو	قریب	نہیں	اور	گھونٹ گھونٹ پیئے گا اسکو	پیپ کا	پانی	پلایا جائے گا	اور

اور اسے پیپ بھرا پانی پلایا جائے گا۔ وہ بمشکل اس کا تھوڑا تھوڑا گھونٹ لے گا اور اسے گلے سے نیچے

وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ

عَذَابٌ	وَمِنْ وَّرَآئِهٖ	بِمَيِّتٍ	هُوَ	وَّمَا	مَكَانٍ	مِنْ كُلِّ	الْمَوْتُ	يَاْتِيْهِ	وَ
عذاب ہے	اور اس کے پیچھے	مرنے والا	وہ	اور نہیں	جگہ سے	ہر ایک	موت	آئے گی اسکے پاس	اور

نہ اتار سکے گا اور ہر طرف سے اسے موت گھیر لے گی اور وہ مرے گا نہیں اور اس کے پیچھے (ایک اور)

غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ۨاشْتَدَّتْ

اشْتَدَّتْ	كَرَمَادِ	اَعْمَالُهُمْ	بِرَبِّهِمْ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	مَثَلُ	غَلِيْظٌ
کہ سخت چلی	مثل راکھ کے ہیں	ان کے عمل	اپنے رب سے	جو منکر ہوئے	ان کی	مثال	سخت

سخت عذاب ہوگا۔ اپنے رب کے منکروں کا حال ایسا ہے کہ ان کے اعمال راکھ کی طرح ہوں گے کہ اس پر تیز آندھی کے

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ

شَيْءٍ	عَلٰى	كَسَبُوْا	مِمَّا	يَقْدِرُوْنَ	لَا	عَاصِفٍ	فِيْ يَوْمٍ	الرِّيْحُ	بِهِ
کسی چیز کے	اوپر	کمایا انہوں نے	اس چیز سے جو	قدرت رکھتے	نہیں	آندھی کے	دن میں	ہوا	اس پر

دن ہوا کا سخت جھونکا آیا (اور وہ ساری راکھ کو اُڑا کر لے گیا ایسے ہی وہ) اپنی ساری کمائی میں سے کسی چیز پر بھی

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	اللّٰهَ	اَنَّ	تَرَ	اَلَمْ	الْبَعِيْدُ	الضَّلٰلُ	هُوَ	ذٰلِكَ
آسمانوں کو	پیدا کیا	اللہ نے	کہ بیشک	دیکھا آپ نے	کیا نہیں	دور کی	گمراہی	وہ	یہ ہے

قدرت نہ پا سکیں گے یہی دور کی گمراہی ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۙ﴿۱۹﴾ وَّمَا

وَ	الْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَاْتِ	بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ	وَّ	مَا
اور	زمین کو	ساتھ حق کے	اگر	وہ چاہے	تو لے جائے تم کو	اور	لے آئے	پیدائش	نئی	اور	نہیں

اور زمین حق کے ساتھ بنائے اگر چاہے تو تمہیں لے جائے اور ایک نئی مخلوق لے آئے۔ اور

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا

ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَ	بَرَزُوْا	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	فَقَالَ	الضُّعَفٰٓؤُا
یہ	اللہ پر	کچھ دشوار	اور	حاضر ہوں گے	اللہ کے حضور	سب	تو کہیں گے	کمزور لوگ

اللہ پر یہ سب کچھ دشوار نہیں ہے۔ اور سب اللہ کے سامنے نکل کے آ جائیں گے پھر کمزور لوگ

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا

لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ	عَنَّا
ان کو جو	متکبر تھے	بیشک	ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	بچانے والے ہو	ہم کو

ان سے جو اپنی بڑائی کرتے تھے کہیں گے ہم تمہارے ہی ماتحت تھے اب کیا تم ہم سے اللہ کا

مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ

مِنْ عَذَابِ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	قَالُوْا	لَوْ	هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَهَدَيْنٰكُمْ	سَوَآءٌ
عذاب	الٰہی سے	کچھ	تو کہیں گے وہ	اگر	ہدایت دیتا ہم کو	اللہ	تو ہدایت دیتے ہم تم کو	برابر ہے

عذاب کچھ دور کرو گے؟ وہ کہیں گے اگر اللہ ہمیں ہدایت دیتا تو ہم تمہیں ضرور ہدایت دیتے

عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ ع وَقَالَ

عَلَيْنَآ	اَجَزِعْنَآ	اَمْ	صَبَرْنَا	مَا لَنَا	مِنْ مَّحِيْصٍ	وَ	قَالَ
ہم پر	کہ بے صبری کریں	یا	صبر کریں	نہیں ہمارے لیے	کوئی پناہ کی جگہ	اور	کہے گا

اب ہمارے لئے برابر ہے کہ ہم گھبرائیں یا صبر کریں ہمارے لئے بچاؤ کی کوئی جگہ نہیں۔ اور جب معاملے کا

ع ۱۵

الشَّیْطٰنُ لَمَّا قُضِیَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰہَ وَعَدَکُمْ وَعْدَ الْحَقِّ

الشَّیْطٰنُ	لَمَّا	قُضِیَ	الْاَمْرُ	اِنَّ	اللّٰہَ	وَعَدَکُمْ	وَعْدَ	الْحَقِّ
شیطان	جب	فیصلہ ہوجائے گا	کام کا	بیشک	اللہ نے	وعدہ دیا تم کو	وعدہ	سچا

فیصلہ ہو جائے گا تو شیطان کہے گا اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا مگر میں نے تم سے وعدہ کیا

وَوَعَدْتُّکُمْ فَاَخْلَفْتُکُمْ ؕ وَمَا کَانَ لِیَ عَلَیْکُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

وَ	وَعَدْتُّکُمْ	فَاَخْلَفْتُکُمْ	وَ	مَا	کَانَ	لِیَ	عَلَیْکُمْ	مِّنْ	سُلْطٰنٍ
اور	میں نے وعدہ دیا تم کو	تو خلاف کیا	اور	نہیں	تھا	میرا	تم پر	کوئی	قابو

پھر تمہارے خلاف کیا اور میرا تمہارے اوپر کوئی زور نہ تھا سوائے اس کے کہ میں نے

اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُکُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِیْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَلُوْمُوْۤا

اِلَّاۤ	اَنْ	دَعَوْتُکُمْ	فَاسْتَجَبْتُمْ لِیْ	فَلَا	تَلُوْمُوْنِیْ	وَلُوْمُوْۤا
مگر	یہ کہ	میں نے تمہیں بلایا	تو تم نے میرا کہا مانا	تو نہ	الزام دو مجھے	اور الزام دو

تمہیں دعوت دی اور تم نے میری بات مان لی پس مجھے ملامت نہ کرو اپنے آپ کو ملامت کرو

اَنْفُسَکُمْ ؕ مَاۤ اَنَا بِمُصْرِخِکُمْ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِیَّ ؕ اِنِّیْ کَفَرْتُ

اَنْفُسَکُمْ	مَاۤ	اَنَا	بِمُصْرِخِکُمْ	وَ	مَاۤ	اَنْتُمْ	بِمُصْرِخِیَّ	اِنِّیْ	کَفَرْتُ
اپنے آپ کو	نہیں	ہوں میں	بچانے والا تم کو	اور	نہیں	تم	بچانے والے مجھ کو	بیشک میں نے	انکار کیا

میں تمہاری فریاد کو نہیں پہنچ سکتا اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو میں انکار کرتا ہوں

بِمَاۤ اَشْرَکْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۲۲﴾

بِمَاۤ	اَشْرَکْتُمُوْنِ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّ	الظّٰلِمِیْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِیْمٌ
اس کا	جو شریک بنایا تم نے مجھے	پہلے	بیشک	ظالم	ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک

کہ اس سے پہلے تم نے مجھے خدا کا شریک کیا تھا بے شک ظالموں کو دردناک عذاب ہو گا۔

وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

وَ	أُدْخِلَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
اور	داخل کیے جائیں گے	وہ جو	ایمان لائے	اور عمل کیے	اچھے	باغوں میں	رواں ہیں	ان کے نیچے

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے وہ باغوں میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ ۖ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ﴿٢٣﴾ أَلَمْ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	تَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	اَلَمْ
نہریں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	ساتھ حکم	اپنے رب کے	ان کا تحفہ	اس میں	سلام ہوگا	کیا نہ

ان میں اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ رہیں گے وہاں ملاقات کے وقت ان کا دعائیہ کلمہ سلام ہوگا۔ کیا آپ نے

تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا

تَرَ	كَيْفَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	كَلِمَةً طَيِّبَةً	كَشَجَرَةٍ	طَيِّبَةٍ	اَصْلُهَا
دیکھا آپ نے	کس طرح	بیان کی	اللہ نے	مثال	پاک کلمے کی	جیسے درخت	پاک	اس کی جڑ

نہ دیکھا اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی پاک کلمہ کی کہ وہ ایک پاکیزہ درخت کی طرح ہے جس کی جڑ (زمین میں)

ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ﴿٢٤﴾ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا ۗ

ثَابِتٌ	وَ	فَرْعُهَا	فِي السَّمَآءِ	تُؤْتِيْ	اُكُلَهَا	كُلَّ	حِيْنٍ	بِاِذْنِ	رَبِّهَا
قائم ہے	اور	اس کی شاخ	آسمان میں ہے	دیتا ہے	اپنا پھل	ہر	وقت	ساتھ حکم	اپنے رب کے

مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں۔ ہر وقت اپنا پھل دیتا ہے اپنے رب کے حکم سے

وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ

وَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	وَ	مَثَلُ	كَلِمَةٍ
اور	بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لیے	تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں	اور	مثال	بات

اور اللہ لوگوں کیلئے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں وہ سمجھیں۔ اور کلمہ خبیثہ کی مثال جیسے

خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾

خَبِيْثَةٍ	كَشَجَرَةٍ	خَبِيْثَةِ	اجْتُثَّتْ	مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ	مَا لَهَا	مِنْ قَرَارٍ
گندی کی	جیسے درخت	گندا	کاٹ لیا گیا	زمین کے اوپر سے	نہیں ہے اس کو	کوئی قیام

ایک گندہ درخت کہ زمین کے اوپر سے ہی کاٹ دیا گیا ہو اب اسے کوئی قیام نہیں۔

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

يُثَبِّتُ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِالْقَوْلِ	الثَّابِتِ	فِي الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
ثابت رکھتا ہے	اللہ	ان کو	جو ایمان لائے	ساتھ بات	حق کے	زندگی میں	دنیا کی

اللہ ایمان والوں کو پکی بات سے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں

وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ۫ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۲۷﴾ ع اَلَمْ

وَ	فِي الْاٰخِرَةِ	وَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	يَفْعَلُ	اللّٰهُ	مَا	يَشَاۗءُ	اَلَمْ
اور	آخرت میں	اور	گمراہ کرتا ہے	اللہ	ظالموں کو	اور	کرتا ہے	اللہ	جو	چاہے	کیا نہیں

قائم کرتا ہے اور اللہ ظالموں کو بھٹکا دیتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کیا آپ نے

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ

تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	بَدَّلُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	كُفْرًا	وَّاَحَلُّوْا	قَوْمَهُمْ	دَارَ
دیکھا آپ نے	طرف	ان کی جنہوں نے	بدل دیا	نعمت	الٰہی کو	ناشکری میں	اور اتارا انہوں نے	اپنی قوم کو	گھر

ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل ڈالا اور اپنی قوم کو بربادی کے

الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

الْبَوَارِ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	وَبِئْسَ	الْقَرَارُ	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ
ہلاکت میں	جہنم ہے	داخل ہوں گے اس میں	اور برا ہے	ٹھکانا	اور	بنائے انہوں نے	اللہ کے

گھر جا اتارا۔ جو دوزخ ہے اس میں وہ پہنچیں گے اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے ٹھہرنے کی۔ اور انہوں نے اللہ کیلئے

أَنْدَادًا لِّيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوا فَإِنَّ مَصِيرَكُمْ إِلَى

أَنْدَادًا	لِّيُضِلُّوا	عَنْ سَبِيلِهِ	قُلْ	تَمَتَّعُوا	فَإِنَّ	مَصِيرَكُمْ	إِلَى
شریک	تاکہ بہکادے	اس کی راہ سے	فرمایئے	فائدہ اٹھاؤ	تو بیشک	تمہارا لوٹنا	طرف

شریک ٹھہرائے تاکہ (لوگوں کو) اس کی راہ سے بہکائیں فرمادیجئے (کچھ) فائدہ اٹھالو کہ بے شک تمہارا انجام

النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلٰوةَ

النَّارِ	قُلْ	لِّعِبَادِيَ	الَّذِينَ	آمَنُوا	يُقِيمُوا	الصَّلٰوةَ
آگ ہے	فرماؤ	میرے بندوں کو	وہ جو	ایمان لائے	کہ قائم کریں	نماز

دوزخ کی آگ ہے۔ میرے ان بندوں سے فرمادیجئے جو ایمان لائے کہ نماز قائم رکھیں

وَيُنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ أَنْ

وَ	يُنْفِقُوا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَّ	عَلَانِيَةً	مِّنْ قَبْلِ	أَنْ
اور	خرچ کریں	اس سے	جو دیا ہم نے ان کو	چھپے	اور	ظاہر	پہلے	اس سے

اور ہمارے دیئے میں سے کچھ ہماری راہ میں چھپے اور ظاہر خرچ کریں اس دن کے

يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ

يَأْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيهِ	وَ	لَا	خِلٰلٌ	اَللّٰهُ	الَّذِي	خَلَقَ
کہ آئے	ایسا دن	کہ نہیں ہے تجارت	اس میں	اور	نہیں	دوستی	اللہ	وہ ہے	جس نے پیدا کیا

آنے سے پہلے جس میں نہ خرید وفروخت ہوگی نہ دوستی۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمان

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْأَرْضَ	وَأَنْزَلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	فَأَخْرَجَ	بِهِ
آسمانوں کو	اور	زمین کو	اور اتارا	آسمان سے	پانی	تو نکالا	اسکے ساتھ

اور زمین بنائے اور آسمان سے پانی اُتارا تو اس سے کچھ

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ

لِتَجْرِيَ	الْفُلْكَ	لَكُمُ	سَخَّرَ	وَ	لَّكُمْ	رِزْقًا	مِنَ الثَّمَرٰتِ
تاکہ چلیں	کشتیوں کو	تمہارے لیے	مسخر کیا	اور	تمہارے لیے	رزق	پھلوں سے

پھل تمہارے کھانے کو پیدا کئے اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر کیا کہ اس کے حکم سے

فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ

لَكُمُ	سَخَّرَ	وَ	الْأَنْهٰرَ	وَسَخَّرَ لَكُمُ	بِأَمْرِهٖ	فِي الْبَحْرِ
تمہارے لیے	مسخر کیے	اور	ندیوں کو	اور مسخر کیا تمہارے لیے	اسکے حکم سے	سمندر میں

دریا میں چلے اور تمہارے لئے ندیاں مسخر کیں۔ اور تمہارے لئے سورج

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ ۚ

النَّهَارَ	وَ	الَّيْلَ	لَكُمُ	سَخَّرَ	وَ	دَآئِبَيْنِ	وَالْقَمَرَ	الشَّمْسَ
دن کو	اور	رات	تمہارے لیے	مسخر کیا	اور	پھرنے والے	اور چاند	سورج

اور چاند کو جو مدار پر چلتے رہتے ہیں پابند قانون کیا

وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

اللّٰهِ	نِعْمَتَ	تَعُدُّوْا	اِنْ	وَ	سَاَلْتُمُوْهُ	مَا	مِّنْ كُلِّ	وَاٰتٰىكُمْ
الٰہی کو	نعمت	شمار کرو تم	اگر	اور	جو تم نے اس سے مانگا	اس چیز سے	ہر	اور دیا اس نے تم کو

اور تمہارے لئے رات اور دن کو پابند قانون کیا۔ اور تمہیں ہر اس چیز سے دیا جو تم نے اس سے مانگی اور اگر تم اللہ کی

لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ؏ وَاِذْ قَالَ

قَالَ	وَاِذْ	كَفَّارٌ	لَظَلُوْمٌ	الْاِنْسَانَ	اِنَّ	لَا تُحْصُوْهَا
عرض کی	اور جب	بڑا ناشکرا ہے	بڑا ظالم	انسان	بیشک	تو تم نہ گن سکو گے

نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو انہیں شمار نہ کر سکو گے بے شک انسان بڑا ظالم بڑا ناشکرا ہے۔ اور (یاد کیجئے) جب

اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ

اِبْرٰهِيْمُ	رَبِّ	اجْعَلْ	هٰذَا	الْبَلَدَ	اٰمِنًا	وَّاجْنُبْنِيْ	وَ	بَنِيَّ
ابراہیم نے	اے میرے رب	بنادے	اس	شہر کو	امان والا	اور بچا مجھ کو	اور	میرے بیٹوں کو

ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دے اور مجھے اور میرے بیٹوں کو

اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ج

اَنْ	نَّعْبُدَ	الْاَصْنَامَ	رَبِّ	اِنَّهُنَّ	اَضْلَلْنَ	كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ
یہ کہ	عبادت کریں ہم	بتوں کی	اے میرے رب	بیشک انہوں نے	گمراہ کیا ہے	بہت سے	لوگوں کو

بتوں کی عبادت سے بچا۔ اے میرے رب! ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا

فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ج وَ مَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ

فَمَنْ	تَبِعَنِيْ	فَاِنَّهٗ	مِنِّيْ	وَ	مَنْ	عَصَانِيْ	فَاِنَّكَ
پھر جس نے	میری پیروی کی	تو وہ	مجھ سے ہے	اور	جس نے	میری نافرمانی کی	تو بیشک تو

تو جس نے میری پیروی کی تو بے شک وہ میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو یقیناً

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	رَبَّنَآ	اِنِّيْٓ	اَسْكَنْتُ	مِنْ ذُرِّيَّتِيْ	بِوَادٍ
بخشنے والا	مہربان ہے	اے ہمارے رب	بیشک میں نے	آباد کیا	اپنی کچھ اولاد کو	وادی میں

تو بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اے ہمارے رب! یقیناً میں نے اپنی اولاد میں سے ایک حصے

غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ لا رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا

غَيْرِ	ذِيْ زَرْعٍ	عِنْدَ	بَيْتِكَ	الْمُحَرَّمِ	رَبَّنَا	لِيُقِيْمُوا
جو نہیں ہے	کھیتی والا	پاس	تیرے گھر	حرمت والے کے	اے ہمارے رب	تاکہ قائم کریں

کو بے آب و گیاہ وادی میں تیرے گھر کے پاس لا بسایا ہے۔ اے ہمارے رب! تاکہ وہ

الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْۤ اِلَیْهِمْ

اِلَیْهِمْ	تَهْوِیْۤ	مِّنَ النَّاسِ	اَفْـِٕدَةً	فَاجْعَلْ	الصَّلٰوةَ
ان کی طرف	مائل ہوں	لوگوں کے	دل	تو بنادے	نماز کو

نماز قائم کریں۔ پھر تو لوگوں کے دل اُن کی طرف مائل کر دے۔

وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ (۳۷) رَبَّنَاۤ اِنَّكَ

اِنَّكَ	رَبَّنَاۤ	یَشْكُرُوْنَ	لَعَلَّهُمْ	مِّنَ الثَّمَرٰتِ	وَارْزُقْهُمْ
بیشک تو	اے ہمارے رب	شکر کریں	تا کہ وہ	پھلوں کا	اور رزق دے ان کو

اور ان کو پھلوں میں سے رزق دے تا کہ وہ شکر ادا کریں۔ اے ہمارے رب تو

تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا یَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ

مِنْ شَیْءٍ	عَلَى اللّٰهِ	یَخْفٰى	مَا	وَ	نُعْلِنُ	مَا	وَ	نُخْفِیْ	مَا	تَعْلَمُ
کوئی چیز	اللہ پر	چھپی رہتی	نہیں	اور	ظاہر کریں	جو	اور	ہم چھپائیں	جو	جانتا ہے

جانتا ہے جو ہم چھپاتے اور جو ظاہر کرتے اور اللہ پر کچھ

فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ (۳۸) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

الَّذِیْ	لِلّٰهِ	اَلْحَمْدُ	فِی السَّمَآءِ	وَلَا	فِی الْاَرْضِ
جس نے	اللہ کی ہے	سب تعریف	آسمان میں	اور	زمین میں

چھپا نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں۔ تعریف اللہ کی ہے جس نے

وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ

رَبِّیْ	اِنَّ	اِسْحٰقَ	وَ	اِسْمٰعِیْلَ	الْكِبَرِ	عَلَى	لِیْ	وَهَبَ
میرا رب	بیشک	اسحٰق	اور	اسمٰعیل	بڑھاپے کے	اوپر	مجھے	دیا

بڑھاپے میں مجھے اسماعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام عطا کئے میرا رب بے شک دُعا کو

لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ

لَسَمِيْعُ	الدُّعَآءِ	رَبِّ	اجْعَلْنِيْ	مُقِيْمَ	الصَّلٰوةِ	وَ	مِنْ ذُرِّيَّتِيْ
سننے والا ہے	دعائیں	اے میرے رب	بنا مجھ کو	قائم کرنے والا	نماز کا	اور	میری اولاد کو بھی

سننے والا ہے۔ میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والے بنا

رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

رَبَّنَا	وَ	تَقَبَّلْ	دُعَآءِ	رَبَّنَا	اغْفِرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيَّ
اے ہمارے رب	اور	قبول فرما	دعاء	اے ہمارے رب	بخش دے مجھے	اور میرے والدین کو

اور ہمارے رب! میری دُعا قبول فرما۔ اے ہمارے رب! مجھے اور میرے والدین کو بخش دے

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَ لَا تَحْسَبَنَّ

ع

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	يَوْمَ	يَقُوْمُ	الْحِسَابُ	وَ	لَا	تَحْسَبَنَّ
اور سب مسلمانوں کو	جس دن	قائم ہوگا	حساب	اور	نہ	خیال کر

اور سب ایمان والوں کو جس دن حساب قائم ہو گا۔ اور اللہ کو ہرگز بے خبر

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۵ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ

اللّٰهَ	غَافِلًا	عَمَّا	يَعْمَلُ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنَّمَا	يُؤَخِّرُهُمْ
اللہ کو	بے خبر	اس سے	جو کرتے ہیں	ظالم	سوائے اس کے نہیں کہ	ڈھیل دیتا ہے ان

نہ سمجھنا اس چیز سے جو ظالم لوگ کر رہے ہیں درحقیقت انہیں ڈھیل دے رہا ہے مگر

لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ

لِيَوْمٍ	تَشْخَصُ	فِيْهِ	الْاَبْصَارُ	مُهْطِعِيْنَ	مُقْنِعِيْ
کو اس دن کے لیے کہ	کھلی رہ جائیں گی	اس میں	آنکھیں	دوڑتے ہونگے	اٹھائے ہوئے

ایسے دن کیلئے جس میں آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ لوگ سر اُٹھائے تیزی سے

رُءُوۡسِهِمۡ لَا يَرۡتَدُّ اِلَيۡهِمۡ طَرۡفُهُمۡ ۚ وَ اَفۡـِٕدَتُهُمۡ

رُءُوۡسِهِمۡ	لَا	يَرۡتَدُّ	اِلَيۡهِمۡ	طَرۡفُهُمۡ	وَ	اَفۡـِٕدَتُهُمۡ
اپنے سروں کو	نہیں	لوٹیں گی	ان کی طرف	ان کی پلکیں	اور	ان کے دل

بھاگ رہے ہوں گے۔ ان کی نظر ان کی طرف پلٹ کر نہیں آئے گی۔ اور ان کے دل

هَوَآءٌ ؕ﴿۴۳﴾ وَ اَنۡذِرِ النَّاسَ يَوۡمَ يَاۡتِيۡهِمُ الۡعَذَابُ فَيَقُوۡلُ

هَوَآءٌ	وَ	اَنۡذِرِ	النَّاسَ	يَوۡمَ	يَاۡتِيۡهِمُ	الۡعَذَابُ	فَيَقُوۡلُ
اڑتے ہونگے	اور	ڈراؤ	لوگوں کو	جس دن	آئے گا ان کے پاس	عذاب	پھر کہیں گے

اُڑ رہے ہوں گے۔ اور لوگوں کو اس سے ڈراؤ جب ان پر عذاب آئے گا تو ظالم کہیں گے

الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا رَبَّنَاۤ اَخِّرۡنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيۡبٍ ۙ نُّجِبۡ

الَّذِيۡنَ	ظَلَمُوۡا	رَبَّنَاۤ	اَخِّرۡنَاۤ	اِلٰۤى	اَجَلٍ	قَرِيۡبٍ	نُّجِبۡ
وہ جو	ظالم ہیں	اے ہمارے رب	مہلت دے ہمیں	طرف	مدت	قریب کی	ہم قبول کریں

اے ہمارے رب تھوڑی دیر ہمیں مہلت دے کہ ہم تیری دعوت قبول کریں گے

دَعۡوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمۡ تَكُوۡنُوۡۤا اَقۡسَمۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ

دَعۡوَتَكَ	وَ	نَتَّبِعِ	الرُّسُلَ	اَوَلَمۡ	تَكُوۡنُوۡۤا	اَقۡسَمۡتُمۡ	مِّنۡ قَبۡلُ
تیرا بلانا	اور	پیروی کریں	رسولوں کی	کیا نہیں	تھے تم	قسمیں کھاتے	پہلے

اور رسولوں کی اتباع کریں تو کیا تم پہلے قسم نہیں کھا چکے تھے کہ ہمیں

مَا لَكُمۡ مِّنۡ زَوَالٍ ۙ﴿۴۴﴾ وَّ سَكَنۡتُمۡ فِىۡ مَسٰكِنِ الَّذِيۡنَ

مَا لَكُمۡ	مِّنۡ زَوَالٍ	وَّ	سَكَنۡتُمۡ	فِىۡ مَسٰكِنِ	الَّذِيۡنَ
کہ نہیں ہے تمہیں	کوئی زوال	اور	بسے تم	گھروں میں	ان کے جنہوں نے

دنیا سے کہیں ہٹ کر نہیں جانا ۔ حالانکہ تم ان لوگوں کے گھروں میں رہتے تھے جنہوں نے

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا

فَعَلْنَا	كَيْفَ	لَكُمْ	تَبَيَّنَ	وَ	اَنْفُسَهُمْ	ظَلَمُوْٓا
کیا ہم نے	کس طرح	تمہارے لیے	خوب کھل گیا	اور	اپنی جانوں پر	ظلم کیا

اپنے اوپر ظلم کیا تھا اور تم پر واضح تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا

بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَ قَدْ مَكَرُوْا

مَكَرُوْا	قَدْ	وَ	الْاَمْثَالَ	لَكُمُ	وَضَرَبْنَا	بِهِمْ
مکر کیا انہوں نے	بیشک	اور	مثالیں	تمہارے لیے	اور بیان کیں ہم نے	ان کے ساتھ

اور ہم نے تمہارے لئے مثالیں بھی بیان کر دی تھیں۔ اور یقینا انہوں نے

مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَ اِنْ

اِنْ	وَ	مَكْرُهُمْ	اللّٰهِ	وَعِنْدَ	مَكْرَهُمْ
بیشک	اور	ان کا داؤ ہے	اللہ کے	اور پاس	اپنا مکر

اپنی ساری چالیں چلیں اور اللہ تعالیٰ کے پاس ان کی ہر چال کا (توڑ) تھا۔

كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾

الْجِبَالُ	مِنْهُ	لِتَزُوْلَ	مَكْرُهُمْ	كَانَ
پہاڑ	اس سے	کہ ٹل جائیں	ان کا مکر	تھا

اور اگرچہ ان کی چالیں ایسی تھیں کہ پہاڑ ان سے ٹل جائیں۔

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ

رُسُلَهٗ	وَعْدِهٖ	مُخْلِفَ	اللّٰهَ	تَحْسَبَنَّ	فَلَا
اپنے رسولوں سے	اپنے وعدے کا	خلاف کرنے والا	اللہ کو	خیال کرو	پھر نہ

تو (اے مخاطب) ہرگز گمان نہ کرنا کہ اللہ اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرے گا

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُوانْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ

تُبَدَّلُ	يَوْمَ	ذُوانْتِقَامٍ	عَزِيْزٌ	اللّٰهَ	اِنَّ
بدل جائے گی	جس دن	بدلہ لینے والا	غالب ہے	اللہ	بیشک

بے شک اللہ بڑا غالب بدلہ لینے والا ہے۔ جس دن زمینیں بدل دی جائیں گی

الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتُ وَ بَرَزُوْا

بَرَزُوْا	وَ	السَّمٰوٰتُ	وَ	الْاَرْضِ	غَيْرَ	الْاَرْضُ
نکلیں گے	اور	آسمان بھی	اور	زمین کے	سوائے	زمین

دوسری زمینوں سے (یعنی کافروں کو) زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا اور آسمان (بھی) اور سب لوگ نکل کھڑے ہونگے

لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ

يَوْمَئِذٍ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَتَرَى	الْقَهَّارِ	الْوَاحِدِ	لِلّٰهِ
اس دن	مجرموں کو	اور دیکھوگے تم	زبردست کیلئے	اکیلے	اللہ

ایک زبردست اللہ تعالٰی کے سامنے حاضر ہونے کیلئے۔ اور اس دن تم مجرموں کو دیکھوگے کہ زنجیروں میں

مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ

مِّنْ قَطِرَانٍ	سَرَابِيْلُهُمْ	فِي الْاَصْفَادِ	مُّقَرَّنِيْنَ
تارکول کے ہوں گے	ان کے کرتے	زنجیروں میں	جکڑے ہوئے

ایک دوسرے سے جڑے ہوں گے۔ اور اس ان کے لباس تارکول کے ہوں گے

وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ

نَفْسٍ	كُلَّ	اللّٰهُ	لِيَجْزِيَ	النَّارُ	وُجُوْهَهُمُ	وَّتَغْشٰى
جان کو	ہر	اللہ	تاکہ بدلہ دے	آگ	ان کی چہروں کو	اور ڈھانپے گی

اور ان کے چہروں کو آگ ڈھانپ لے گی۔ یہ اس لئے کہ اللہ ہر شخص کو اس کی کمائی

مَا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٥١﴾ هٰذَا

مَا	كَسَبَتْ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	هٰذَا
جو کچھ	اس نے کمایا	بیشک	اللہ	جلدی لینے والا ہے	حساب	یہ

کا بدلہ دے بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ یہ

بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا

بَلٰغٌ	لِّلنَّاسِ	وَلِيُنْذَرُوْا	بِهٖ	وَ	لِيَعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا
پہنچانا ہے	لوگوں کو	اور تاکہ وہ ڈرائے جائیں	اس کے ساتھ	اور	تاکہ جانیں وہ کہ	سوائے اسکے نہیں کہ

لوگوں کیلئے ایک پیغام ہے اور اس لئے ہے تاکہ وہ اس کے ذریعے سے ڈرائے جائیں

هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٥٢﴾ ع

هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَّلِيَذَّكَّرَ	اُولُوا	الْاَلْبَابِ
وہ	معبود ہے	ایک	اور تاکہ نصیحت لیں	صاحب	عقل

اور تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ ایک ہی معبود ہے اور تاکہ عقل والے نصیحت حاصل کر لیں۔

ایاتها ٩٩ | ١٥ سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ ٥٤ | رکوعاتها ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَ قُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَ	قُرْاٰنٍ	مُّبِيْنٍ
الٓرٰ	یہ	آیتیں ہیں	کتاب کی	اور	قرآن	روشن کی

الر یہ آیتیں ہیں کتاب اور روشن قرآن کی۔

الجزء ۱۴

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝۲ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا

رُبَمَا	يَوَدُّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْ	كَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ	ذَرْهُمْ	يَاْكُلُوْا
بہت دفعہ	آرزوئیں کرینگے	کافر	کاش	وہ ہوتے	مسلمان	چھوڑ وان کو کہ	کھائیں

بہت آرزوئیں کریں گے کافر کہ کاش مسلمان ہوتے اے حبیب ﷺ انہیں چھوڑ دیجئے

وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَمَا اَهْلَكْنَا مِنْ

وَ	يَتَمَتَّعُوْا	وَ	يُلْهِهِمُ	الْاَمَلُ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	وَ	مَآ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ
اور	برتیں	اور	غافل کرے ان کو	امید	پھر جلدی	جانیں گے	اور	نہیں	ہلاک کی ہم نے	کوئی بستی

کہ کھائیں اور مزے کریں اور جھوٹی اُمید انہیں غافل کئے رکھے وہ جلدی ہی جان لیں گے۔ اور ہم نے جس بستی کو

قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

اِلَّا	وَلَهَا	كِتَابٌ	مَّعْلُوْمٌ	مَا	تَسْبِقُ	مِنْ	اُمَّةٍ	اَجَلَهَا	وَ	مَا
مگر	واسطے اس کے	نوشتہ تھا	مقرر	نہیں	آگے بڑھے	کوئی	گروہ	اپنی مدت سے	اور	نہ

بھی ہلاک کیا اس کیلئے ایک معیاد مقرر کی ہوئی تھی۔ کوئی امت اپنی معیاد سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ

يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

يَسْتَاْخِرُوْنَ	وَ	قَالُوْا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْ	نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	اِنَّكَ
پیچھے ہٹے	اور	بولے	اے	وہ کہ	اتارا گیا ہے	جس پر	قرآن	یقیناً تم

وہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا اے وہ شخص جن پر قرآن نازل ہوا بے شک

لَمَجْنُوْنٌ ۝۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۷

لَمَجْنُوْنٌ	لَوْ	مَا	تَاْتِيْنَا	بِالْمَلٰٓئِكَةِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ
مجنوں ہو	کیوں	نہیں	لاتا تو ہمارے پاس	فرشتے	اگر	ہو تم	سچے لوگوں سے

آپ دیوانہ ہیں۔ ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں آتے اگر تم سچے ہو۔

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّا نَحْنُ

مَا	نُنَزِّلُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	مَا	كَانُوْٓا	اِذًا	مُّنْظَرِيْنَ	اِنَّا	نَحْنُ
نہیں	اتارتے ہم	فرشتے	مگر	ساتھ حق کے	اور	نہ	ہوں گے	اس وقت	مہلت دیئے گئے	بیشک	ہم نے

ہم فرشتوں کو حق کے ساتھ ہی نازل کرتے ہیں اور اُس وقت لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔ یقیناً ہم نے

نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

نَزَّلْنَا	الذِّكْرَ	وَ	اِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ
اتارا ہے	قرآن کے	اور	یقیناً ہم ہی	اسکے	نگہبان ہیں	اور	بیشک	بھیجے ہم نے	آپ سے پہلے

ہی اس ذکر کو نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ اور آپ سے پہلے گزری ہوئی

فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	مَا	يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ	رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ
پہلی امتوں میں	اور	نہیں	آیا ان کے پاس	کوئی	رسول	مگر	تھے وہ	اسکے ساتھ

قوموں میں بھی ہم نے رسول بھیجے تھے۔ اور ان کے پاس کوئی رسول نہ آتا مگر وہ اس کا مذاق

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۱﴾ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۲﴾ لَا

يَسْتَهْزِءُوْنَ	كَذٰلِكَ	نَسْلُكُهٗ	فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
ہنسی کرتے	اسی طرح	چلاتے ہیں ہم اس کو	مجرموں کے دلوں میں	نہیں ایمان لاتے

اڑاتے تھے۔ اسی طرح ہم اس (جھٹلانے اور گمراہی کو) مجرموں کے دلوں میں داخل کردیتے ہیں۔ وہ اس

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا

بِهٖ	وَقَدْ	خَلَتْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَلَوْ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا
ساتھ اسکے	اور بیشک	گزر چکا	طریقہ	پہلوں کا	اور اگر	کھولیں ہم	ان پر	دروازہ

پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اور یقیناً پہلے لوگوں کا یہی طریقہ گزر چکا ہے۔ اور اگر ہم ان کیلئے آسمان میں کوئی

مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝١٤ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ

مِّنَ السَّمَآءِ	فَظَلُّوْا	فِيْهِ	يَعْرُجُوْنَ	لَقَالُوْٓا	اِنَّمَا	سُكِّرَتْ
آسمان سے	پھر ہوں	اس میں	چڑھتے	تو کہیں	صرف یہ ہے	کہ باندھ دی گئی ہیں

دروازہ کھول دیں پھر وہ دن کے وقت اس میں چڑھنے لگتے۔ تو بھی وہ کہتے ہماری آنکھوں پر مدہوشی

اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ

ع ۱۵ ۱

اَبْصَارُنَا	بَلْ	نَحْنُ	قَوْمٌ	مَّسْحُوْرُوْنَ	وَ	لَقَدْ	جَعَلْنَا	فِي السَّمَآءِ
ہماری نگاہیں	بلکہ	ہم	قوم ہیں	جادو کی گئی	اور	بیشک	بنائے ہم نے	آسمان میں

طاری کر دی گئی ہے بلکہ ہم لوگوں پر جادو کر دیا گیا ہے۔ بے شک ہم نے آسمان میں برج

بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝١٦ وَ حَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

بُرُوْجًا	وَّ	زَيَّنّٰهَا	لِلنّٰظِرِيْنَ	وَ	حَفِظْنٰهَا	مِنْ كُلِّ	شَيْطٰنٍ
بُرج	اور	آراستہ کیا ہم نے اسے	دیکھنے والوں کیلئے	اور	محفوظ کیا ہم نے اس کو	ہر ایک	شیطان

بنائے ہیں اور اسے دیکھنے والوں کیلئے زینت دی ہے۔ اور ہم نے اس کی حفاظت کی ہر شیطان

رَّجِيْمٍ ۝١٧ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝١٨

رَّجِيْمٍ	اِلَّا	مَنِ	اسْتَرَقَ	السَّمْعَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ	مُّبِيْنٌ
مردود سے	مگر	جس نے	چوری چوری لگائے	کان	تو پیچھے لگا اس کے	شعلہ	روشن

مردود سے۔ سوائے اس کے جو چوری چھپے سننا چاہے تو اس کے پیچھے ایک چمکتا ہوا ستارہ (شعلہ) آتا ہے۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ

وَ	الْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا	وَ	اَلْقَيْنَا	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	وَ	اَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ
اور	زمین کو	پھیلایا ہم نے اس کو	اور	جمائے ہم نے	اس میں	پہاڑ	اور	اگائی ہم نے	اس میں	ہر ایک

اور ہم نے زمین پھیلائی اور اس میں پہاڑ جمائے اور اس پر ہر

شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ

شَیْءٍ	مَّوْزُوْنٍ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِیْهَا	مَعَایِشَ	وَ	مَنْ	لَّسْتُمْ	لَهٗ
چیز	اندازے سے	اور بنائی ہم نے	تمہارے لیے	اس میں	روزی	اور	جنہیں کہ	نہیں ہوتم	اس کو

چیز اندازے سے اُگائی۔ اور ہم نے اس میں تمہارے لئے معیشت کے اسباب بنائے اور ان لوگوں کے لیے بھی جنہیں تم

بِرٰزِقِیْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ

بِرٰزِقِیْنَ	وَ	اِنْ	مِّنْ	شَیْءٍ	اِلَّا	عِنْدَنَا	خَزَآىِٕنُهٗ	وَ	مَا	نُنَزِّلُهٗ
روزی دینے والے	اور	نہیں	کوئی	چیز	مگر	ہمارے پاس	اس کے خزانے ہیں	اور	نہیں	اتارتے ہم اس کو

رزق نہیں دیتے۔ اور کوئی چیز ایسی نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں مگر ہم اسے صرف ایک جانے پہچانے اندازے

اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

اِلَّا	بِقَدَرٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَ	اَرْسَلْنَا	الرِّیٰحَ	لَوَاقِحَ	فَاَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ
مگر	ایک اندازے سے	معلوم اندازے	اور	بھیجیں ہم نے	ہوائیں	بھری ہوئیں	پھر اتارا ہم نے	آسمان سے

کے مطابق نازل کرتے ہیں۔ اور ہم بادلوں کو پانی بھر دینے والی ہواؤں سے چلاتے ہیں پھر آسمان سے پانی اتارتے ہیں

مَآءً فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْیٖ

مَآءً	فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ	وَ	مَآ	اَنْتُمْ	لَهٗ	بِخٰزِنِیْنَ	وَ	اِنَّا	لَنَحْنُ	نُحْیٖ
پانی	پھر وہ پلایا ہم نے تم کو	اور	نہیں	ہوتم	اس کا	ذخیرہ کرنیوالے	اور	بیشک	ہم ہی	زندہ کرتے ہیں

پھر تمہیں وہ پلاتے ہیں اور تم اس کا ذخیرہ نہیں کر سکتے۔ اور بے شک ہم ہی زندہ کرتے ہیں

وَنُمِیْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ

وَ	نُمِیْتُ	وَ	نَحْنُ	الْوٰرِثُوْنَ	وَلَقَدْ	عَلِمْنَا	الْمُسْتَقْدِمِیْنَ	مِنْكُمْ
اور	مارتے ہیں	اور	ہم ہی	وارث ہیں	اور بیشک	جانتے ہیں ہم	آگے بڑھنے والوں کو	تم سے

اور مارتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔ اور بے شک تم میں سے آگے بڑھنے والوں کو ہم جانتے ہیں

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ

وَ	لَقَدْ	عَلِمْنَا	الْمُسْتَاْخِرِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَحْشُرُهُمْ	اِنَّهٗ
اور	بیشک	ہم جانتے ہیں	پیچھے رہنے والوں کو	اور	بیشک	آپ کا رب	وہ	ان کو اٹھائے گا	بیشک وہ

اور یقیناً پیچھے رہنے والوں کو (بھی) ہم جانتے ہیں۔ اور بے شک آپ کا رب ہی انہیں قیامت میں اٹھائے گا بے شک وہی

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ
حکمت والا	علم والا ہے	اور	بیشک	پیدا کیا ہم نے	انسان کو	بجنے والی مٹی	سیاہ گارے سے

علم و حکمت والا ہے۔ اور بے شک ہم نے انسان کو بدبودار کیچڑ سے کھنکھنانے والی مٹی سے

ع ۲

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ ج وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ

مَّسْنُوْنٍ	وَ	الْجَآنَّ	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ	مِنْ نَّارِ	السَّمُوْمِ	وَ	اِذْ
بدبودار	اور	جن	پیدا کیا ہم نے اس کو	پہلے	آگ کے	شعلہ سے	اور	جب

پیدا کیا۔ اور اس سے پہلے جنوں کو شعلے والی آگ سے بنایا۔ اور یاد

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ
کہا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	بیشک میں	پیدا کرنے والا ہوں	انسان کو	بجنے والی مٹی	سیاہ گارے سے

کرو جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا میں ایک بدبودار کیچڑ سے کھنکھنانے والی مٹی سے ایک

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ

مَّسْنُوْنٍ	فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا	لَهٗ
بدبودار	پھر جب	میں برابر کرلوں اسے	اور پھونکوں	اس میں	اپنی روح	تو گر پڑو	اس کیلئے

انسان بنانے والا ہوں۔ تو جب میں اسے درست کرلوں اور اس میں اپنی طرف کی خاص روح پھونک دوں تو اس کیلئے تم سجدہ

سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ

سٰجِدِيْنَ	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ	اِلَّآ
سجدہ کرتے ہوئے	پھر سجدہ کیا	فرشتوں نے	تمام نے	سب کے سب نے	مگر

کرتے ہوئے گر جانا۔ تو سب کے سب فرشتوں نے سجدہ کیا۔ ابلیس کے سوا

اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ

اِبْلِيْسَ	اَبٰى	اَنْ	يَّكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا لَكَ
ابلیس نے	انکار کیا	یہ کہ	ہو	ساتھ	سجدہ کرنے والوں کے	فرمایا	اے ابلیس	کیا ہے تجھے

اس نے سجدہ والوں کا ساتھ نہ دیا۔ اللہ نے فرمایا اے ابلیس! تجھے کیا ہوا

اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ

اَلَّا	تَكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	لَمْ	اَكُنْ	لِّاَسْجُدَ	لِبَشَرٍ	خَلَقْتَهٗ
یہ کہ نہ	ہوا تو	ساتھ	سجدہ کرنے والوں کے	کہا	نہیں	ہوں میں	کہ سجدہ کروں	بشر کو	کہ پیدا کیا تونے اسکو

کہ سجدہ کرنے والوں سے الگ رہا۔ وہ بولا! مجھے گوارا نہ تھا کہ اس بشر کو جسے تو نے

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ

مِنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا	فَاِنَّكَ
بجنے والی مٹی	سیاہ گارے سے	بدبودار	فرمایا	نکل جا	اس سے	یقیناً تو

سیاہ بدبودار گارے کی کھنکھنانے والی مٹی سے بنایا سجدہ کروں۔ اللہ نے فرمایا پھر یہاں سے نکل جا کہ

رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ

رَجِيْمٌ	وَّ	اِنَّ	عَلَيْكَ	اللَّعْنَةَ	اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ	قَالَ	رَبِّ
مردود ہے	اور	بیشک	تجھ پر	لعنت ہے	قیامت کے دن تک	بولا	اے میرے رب

تو مردود ہے۔ اور یقیناً قیامت تک تجھ پر لعنت ہے۔ بولا اے میرے رب!

فَأَنْظِرْنِيٓ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿٣٦﴾ قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ ﴿٣٧﴾

فَأَنْظِرْنِيٓ	إِلَىٰ يَوْمِ	يُبْعَثُونَ	قَالَ	فَإِنَّكَ	مِنَ الْمُنْظَرِينَ
مہلت دے مجھے	اس دن تک	اٹھائے جائیں	فرمایا	یقیناً تو	مہلت دیا گیا ہے

تو مجھے مہلت دے اس دن تک کہ وہ اٹھائے جائیں۔ فرمایا تو ان میں ہے جنہیں مہلت دی گئی۔ مقررہ

إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ أَغْوَيْتَنِي لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ

إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ	قَالَ	رَبِّ	بِمَآ	أَغْوَيْتَنِي	لَأُزَيِّنَنَّ	لَهُمْ
وقت مقرر کے دن تک	کہا	اے میرے رب	اس سبب سے کہ	تو نے گمراہ ٹھہرایا مجھ کو	میں زینت دوں گا	ان کے لیے

وقت کے دن تک۔ وہ بولا میرے رب! اسلئے کہ تو نے مجھے بے راہ کیا ہے میں ضرور ان کیلئے

فِي الْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

فِي الْأَرْضِ	وَ	لَأُغْوِيَنَّهُمْ	أَجْمَعِينَ	إِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ
زمین میں	اور	میں گمراہ کروں گا ان کو	سب کو	مگر	بندے تیرے	ان میں سے

زمین میں زیبائش پیدا کروں گا اور ان سب کو سیدھے راستے سے بھٹکادوں گا۔ سوائے تیرے مخلص

الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ قَالَ هَٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ﴿٤١﴾ إِنَّ

الْمُخْلَصِينَ	قَالَ	هَٰذَا	صِرَاطٌ	عَلَيَّ	مُسْتَقِيمٌ	إِنَّ
چنے ہوئے	فرمایا	یہ ہے	راہ	مجھ پر	سیدھی	بیشک

بندوں کے۔ فرمایا یہ میری طرف سیدھا راستہ ہے۔ بے شک

عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

عِبَادِي	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطَانٌ	إِلَّا	مَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ الْغَاوِينَ
میرے بندے	نہیں ہے	تیرا	ان پر	کوئی غلبہ	مگر	جس نے	پیروی کی تیری	گمراہوں میں سے

میرے مخلص بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں ہاں! جو تیری پیروی کرے

الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ

وَ	اِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمَوْعِدُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	لَهَا	سَبْعَةُ
اور	بیشک	جہنم	وعدہ ہے ان کا	سب کا	اس کے	سات

گمراہوں میں سے۔ اور بے شک جہنم ان سب کا وعدہ ہے۔ اس کے سات

اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ

اَبْوَابٍ	لِكُلِّ	بَابٍ	مِّنْهُمْ	جُزْءٌ	مَّقْسُوْمٌ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ
دروازے ہیں	ہر ایک	دروازے کا	ان میں سے	حصہ ہے	بٹا ہوا	بیشک	پرہیزگار لوگ ہوں گے	میں

دروازے ہیں اور ہر دروازے کیلئے ان میں سے ایک حصہ بٹا ہوا ہے۔ بے شک پرہیزگار باغوں

جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ

جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اُدْخُلُوْهَا	بِسَلٰمٍ	اٰمِنِيْنَ	وَ	نَزَعْنَا	مَا	فِيْ صُدُوْرِهِمْ
باغوں	اور چشموں میں	داخل ہو جا اس میں	سلامتی سے	امن والے	اور	کھینچ لیا ہم نے	جو کچھ	ان کے سینوں میں ہے

اور چشموں میں ہوں گے۔ ان میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو جائیںگے۔ اور جو کچھ ان کے

صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ

مِّنْ غِلٍّ	اِخْوَانًا	عَلٰى	سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ	لَا	يَمَسُّهُمْ
کینہ سے	بھائی بھائی	اوپر	تختوں کے	روبرو	نہیں	پہنچے گی ان کو

سینوں میں رنجشیں تھیں وہ سب ہم کھینچ لیں گے آپس میں بھائی بھائی ہو کر مسندوں پر روبرو ہوں گے۔ انہیں وہاں کوئی

فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا

فِيْهَا	نَصَبٌ	وَ	مَا	هُمْ	مِّنْهَا	بِمُخْرَجِيْنَ	نَبِّئْ	عِبَادِيْ	اَنِّيْ	اَنَا
اس میں	کوئی تکلیف	اور	نہ	وہ	اس سے	نکالے جائیںگے	خبر دو	میرے بندوں کو	کہ بیشک	میں ہی

تکلیف نہ پہنچے اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے۔ اے حبیب ﷺ! میرے بندوں کو یہ خبر سنا دو کہ بے شک

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ

الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ	وَ	اَنَّ	عَذَابِیْ	هُوَ	الْعَذَابُ	الْاَلِیْمُ	وَ	نَبِّئْهُمْ
بخشنے والا	مہربان ہوں	اور	بیشک	میرا عذاب	وہ	عذاب ہے	دردناک	اور	خبر دو ان کو

میں بہت بخشنے والا مہربان ہوں۔ اور میرا عذاب بھی دردناک عذاب ہے۔ اور انہیں

عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا

عَنْ ضَیْفِ	اِبْرٰهِیْمَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَیْهِ	فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	اِنَّا
مہمانوں کی	ابراہیم کے	جب	داخل ہوئے	اس پر	تو بولے	سلام	فرمایا	بیشک ہم

ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں کا حال سناؤ۔ جب وہ اس کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے سلام کیا ابراہیم علیہ السلام بولے

مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ

مِنْكُمْ	وَجِلُوْنَ	قَالُوْا	لَا	تَوْجَلْ	اِنَّا	نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمٍ	عَلِیْمٍ	قَالَ
تم سے	خوفزدہ ہیں	بولے	نہ	ڈریئے	ہم	خوشخبری دیتے ہیں آپکو	ایک لڑکے	علم والے کی	فرمایا

ہم تم سے ڈرتے ہیں۔ انہوں نے کہا آپ ڈریئے نہیں بے شک ہم آپ کو علم والے فرزند کی بشارت دیتے ہیں۔ فرمایا

اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ عَلٰۤی اَنْ مَّسَّنِیَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا

اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ	عَلٰۤی	اَنْ	مَّسَّنِیَ	الْكِبَرُ	فَبِمَ	تُبَشِّرُوْنَ	قَالُوْا
کیا خوشخبری دیتے ہو مجھے	اوپر	اس کے کہ	پہنچا مجھے	بڑھاپا	پھر کس کی	خوشخبری دیتے ہو مجھے	بولے

کیا مجھے اس حال میں بشارت دیتے ہو جبکہ میں بڑھاپے کو پہنچ گیا ہوں تو اب کس چیز کی خوشخبری سناتے ہو؟ کہا ہم نے

بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِیْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ یَّقْنَطُ

بَشَّرْنٰكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا	تَكُنْ	مِّنَ الْقٰنِطِیْنَ	قَالَ	وَمَنْ	یَّقْنَطُ
خوشخبری دی ہم نے آپکو	سچی	پھر نہ	ہوئیے آپ	نا امیدوں سے	فرمایا	اور کون	نا امید ہوتا ہے

آپ کو سچی بشارت دی ہے آپ ناامید نہ ہوں۔ کہا اپنے رب کی رحمت سے

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا

مِنْ رَّحْمَةِ	رَبِّهٖٓ	اِلَّا	الضَّآلُّوْنَ	قَالَ	فَمَا	خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا
رحمت سے	اپنے رب کی	سوائے	گمراہوں کے	فرمایا	پھر کیا	کام ہے تمہارا	اے

کون ناامید ہو مگر وہی جو گمراہ ہوئے۔ (اور) کہا اچھا اے قاصدو! تمہارا

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ

الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّآ	اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمٍ	مُّجْرِمِيْنَ	اِلَّآ	اٰلَ
بھیجے ہوئے (فرشتہ)	بولے	بیشک ہم	بھیجے گئے ہیں	طرف	قوم	مجرم کی	مگر	آل

مقصد کیا ہے؟ وہ بولے ہم مجرم لوگوں کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ مگر لوط علیہ السلام

لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا

لُوْطٍ	اِنَّا	لَمُنَجُّوْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	قَدَّرْنَآ	اِنَّهَا
لوط	کہ ہم	ان کو نجات دینے والے ہیں	سب کو	مگر	اس کی بیوی	اندازہ کیا ہم نے	کہ وہ ہے

کے گھر والے بے شک ہم ان سب کو ضرور بچالیں گے۔ سوائے ان کی بیوی کے ہم فیصلہ کر چکے ہیں بے شک وہ (عذاب

لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	اٰلَ	لُوْطِ	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ
یقیناً پیچھے رہنے والوں سے	پھر جب	آئے	آل	لوط کے پاس	بھیجے ہوئے	فرمایا	تم	قوم ہو

میں) باقی رہ جانے والوں میں سے ہے۔ تو جب لوط علیہ السلام کے گھر فرشتے آئے۔ فرمایا تم تو کچھ اجنبی سے

مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ

مُّنْكَرُوْنَ	قَالُوْا	بَلْ	جِئْنٰكَ	بِمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ	وَ	اَتَيْنٰكَ
بیگانہ	بولے	بلکہ	لائے ہیں ہم آپ کے پاس	جو	تھے وہ	اس میں	شک کرتے	اور	اور آئے ہم آپکے پاس

لوگ ہو۔ انہوں نے کہا نہیں بلکہ ہم آپ کے پاس وہ لائے ہیں جس میں لوگ شک کرتے ہیں۔ اور ہم تمہارے پاس حق

بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ

بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ الَّيْلِ
حق لے کر	اور	ہم یقیناً	بیشک سچے ہیں	پھر لے جاؤ	اپنے گھر والوں کو	ایک حصے	رات میں

لے کر آئے ہیں اور ہم یقیناً سچے ہیں۔ تو آپ اپنے گھر والوں کو رات کے کچھ باقی حصے میں لے کر چلے جائیں اور آپ ان

وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ

وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ	وَ	لَا	يَلْتَفِتْ	مِنْكُمْ	اَحَدٌ	وَّ	امْضُوْا	حَيْثُ
اور آپ انکے پیچھے چلیے	اور	نہ	پیچھے پھر کر دیکھے	تم میں سے	کوئی	اور	چلے جاؤ	جہاں

سب کے پیچھے چلیں اور آپ لوگوں میں سے کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور آپ سب چلے جائیں جہاں کا آپ لوگوں کو حکم دیا گیا۔

تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ

تُؤْمَرُوْنَ	وَقَضَيْنَآ	اِلَيْهِ	ذٰلِكَ	الْاَمْرَ	اَنَّ	دَابِرَ	هٰٓؤُلَآءِ	مَقْطُوْعٌ
حکم دیے جاتے ہو تم	اور فیصلہ کیا	اس کی طرف	اس	حکم کا	کہ بیشک	جڑ	ان کی	کاٹی جائے گی

اور ہم نے لوط علیہ السلام کو اس فیصلے سے آگاہ کر دیا کہ ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی جائے گی جب

مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ

مُّصْبِحِيْنَ	وَجَآءَ	اَهْلُ	الْمَدِيْنَةِ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	قَالَ	اِنَّ
صبح کے وقت	اور آئے	رہنے والے	شہر کے	خوش ہو کر	فرمایا	بیشک

وہ صبح کر رہے ہوں گے۔ اور شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے آئے۔ لوط علیہ السلام نے کہا یہ

هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾

هٰٓؤُلَآءِ	ضَيْفِيْ	فَلَا	تَفْضَحُوْنِ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَلَا	تُخْزُوْنِ
یہ لوگ	میرے مہمان ہیں	تو نہ	شرمندہ کرو تم مجھے	اور	ڈرو	اللہ سے	اور نہ	رسوا کرو مجھے

میرے مہمان ہیں تو (ان سے زیادتی کر کے) مجھے شرمندہ نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ

قَالُوْٓا	اَوَلَمْ	نَنْهَكَ	عَنِ الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنٰتِيْٓ	اِنْ	كُنْتُمْ
بولے	کیانہیں	روکا ہم نے تجھے	دوسرے لوگوں سے	فرمایا	یہ	میری بیٹیاں ہیں	اگر	ہوتم

وہ کہنے لگے کیا ہم نے تمہیں جہان والوں سے منع نہیں کیا؟ فرمایا یہ میری (قوم کی) بیٹیاں ہیں (ان سے نکاح کرلو)

فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

فٰعِلِيْنَ	لَعَمْرُكَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ
کرنے والے	آپ کی جان کی قسم	بیشک وہ	وہ اپنے نشے میں	بھٹک رہے ہیں	پھر پکڑلیا ان کو

اگر تمہیں کچھ کرنا ہے۔ (اے محبوب ﷺ!) آپ کی جان کی قسم بے شک وہ اپنے نشے میں مدہوش تھے۔ تو انہیں صبح ہوتے

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا

الصَّيْحَةُ	مُشْرِقِيْنَ	فَجَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَ	اَمْطَرْنَا
چنگھاڑنے	صبح ہوتے	پھر بنایا ہم نے	اس کے اوپر کا حصہ	اسکے نیچے کا حصہ کردیا	اور	بارش برسائی ہم نے

ہی خوفناک آواز نے پکڑ لیا۔ تو ہم نے اس بستی کا اوپر کا حصہ اس کے نیچے کا حصہ کر دیا

عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِّنْ سِجِّيْلٍ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
ان پر	پتھروں کی	کنکریوں کے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں

اور ان پر کنکر کے پتھر برسائے۔ بے شک اس میں دھیان

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ	وَ	اِنَّهَا	لَبِسَبِيْلٍ	مُّقِيْمٍ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً
دھیان کرنیوالوں کیلئے	اور	بیشک وہ	راستہ پر ہے	سیدھا	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں

کرنے والوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں۔ اور وہ (بستی) ایک چلتی راہ پر ہے۔ بے شک اس میں نشانی ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

لَظٰلِمِيْنَ	اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ	كَانَ	وَاِنْ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
یقیناً ظالم تھے	جھاڑی والے	تھے	اور بیشک	ایمان والوں کے لیے

ایمان والوں کیلئے۔ اور بے شک اصحاب ایکہ (گھنے جنگل والے) بڑے ظالم تھے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ

كَذَّبَ	وَلَقَدْ	مُّبِيْنٍ	لَبِاِمَامٍ	وَاِنَّهُمَا	مِنْهُمْ	فَانْتَقَمْنَا
جھٹلایا	اور بیشک	کھلی پڑی ہیں	راہ	اور بے شک وہ دونوں	ان سے	تو ہم نے بدلہ لیا

تو ہم نے ان سے بدلا لیا اور بے شک یہ دونوں بستیاں کھلے راستے پر واقع ہیں۔ اور بے شک

اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا

عَنْهَا	فَكَانُوْا	اٰيٰتِنَا	وَاٰتَيْنٰهُمْ	الْمُرْسَلِيْنَ	الْحِجْرِ	اَصْحٰبُ
اس سے	پھر تھے وہ	اپنی نشانیاں	اور دیں ہم نے ان کو	رسولوں کو	حجر نے	اصحاب

حجر والوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔ حالانکہ ہم نے انہیں اپنی نشانیاں دیں مگر

مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾

اٰمِنِيْنَ	بُيُوْتًا	مِنَ الْجِبَالِ	يَنْحِتُوْنَ	كَانُوْا	وَ	مُعْرِضِيْنَ
بے خوف	گھر	پہاڑوں سے	تراشتے	تھے وہ	اور	منہ پھیرنے والے

وہ ان سے روگرداں رہے۔ اور امن سے پہاڑوں میں گھر تراشتے رہے۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

كَانُوْا	مَّا	عَنْهُمْ	اَغْنٰى	فَمَاۤ	مُصْبِحِيْنَ	الصَّيْحَةُ	فَاَخَذَتْهُمُ
تھے وہ	جو	ان سے	کفایت کی	تو نہ	صبح ہوتے	چنگھاڑ نے	تو پکڑا ان کو

تو انہیں صبح ہوتے ہوئے خوفناک آواز نے پکڑ لیا۔ تو ان کی کمائی ان کے کچھ کام

يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

يَكْسِبُوْنَ	وَ	مَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَآ
کماتے	اور	نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمانوں کو	اور	زمین کو	اور	جو	ان کے درمیان ہے

نہ آئی۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿٨٥﴾

اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّ	السَّاعَةَ	لَاٰتِيَةٌ	فَاصْفَحِ	الصَّفْحَ	الْجَمِيْلَ
مگر	حق کے ساتھ	اور	بیشک	قیامت	آنے والی ہے	تو درگزر کرو	درگزر کرنا	اچھا

کا سب حق کے ساتھ بنایا اور بے شک قیامت آنے والی ہے تو آپ اچھی طرح درگزر کرو۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنٰكَ	سَبْعًا	مِّنَ الْمَثَانِيْ
بیشک	آپ کا رب	وہی ہے	پیدا کرنے والا	جاننے والا	اور	بیشک	دیں ہم نے آپ کو	سات آیتیں	بار بار پڑھی جانے والی

بے شک آپ کا رب ہی بہت پیدا کرنے والا جاننے والا ہے۔ اور ہم نے آپ کو سات بار بار دُہرائی جانے والی

وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿٨٧﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا

وَ	الْقُرْاٰنَ	الْعَظِيْمَ	لَا	تَمُدَّنَّ	عَيْنَيْكَ	اِلٰى	مَا
اور	قرآن	باعظمت	نہ	دراز کرو	اپنی آنکھیں	طرف	اس کی

آیتیں اور قرآن عظیم دیا ہے۔ آپ اس سازوسامان پر جو ہم نے ان کے مختلف گروہوں کو دیا ہے

مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ

مَتَّعْنَا	بِهٖٓ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ	وَلَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَاخْفِضْ
جو فائدہ دیا ہم نے	اس کا	جوڑے جوڑے	ان میں سے	اور غم نہ کھاؤ	ان پر	اور جھکا دو

نظر نہ ڈالو اور نہ ان کا غم کرو مگر مؤمنوں کیلئے اپنے بازوے

جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّیْۤ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ﴿۸۹﴾ ج

جَنَاحَكَ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَقُلْ	اِنِّیْۤ	اَنَا	النَّذِیْرُ	الْمُبِیْنُ
اپنے بازو	ایمان والوں کے لیے	اور فرماؤ	بیشک میں	میں ہی ہوں	ڈرانے والا	صاف

شفقت جھکائے رکھو۔ اور فرمادیجئے بے شک میں ہی ہوں عذاب کا واضح ڈر سنانے والا۔

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ لا الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ

كَمَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَى	الْمُقْتَسِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	جَعَلُوا	الْقُرْاٰنَ
جس طرح	ہم نے اتارا	اوپر	بانٹنے والوں کے	وہ جنہوں نے	بنایا	قرآن کو

جیسا (عذاب) ہم نے نازل فرمایا بانٹنے والوں پر۔ جن لوگوں نے قرآن کو ٹکڑے

عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ لا عَمَّا كَانُوْا

عِضِيْنَ	فَوَرَبِّكَ	لَنَسْئَلَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	عَمَّا	كَانُوْا
ٹکڑے	سو آپ کے رب کی قسم	ہم ضرور پوچھیں گے ان سے	سب سے	اس کے متعلق جو	تھے

ٹکڑے کردیا۔ تو آپ کے رب کی قسم ہم ضرور ان سب سے پوچھیں گے۔ جو وہ عمل

يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ الربع فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

يَعْمَلُوْنَ	فَاصْدَعْ	بِمَا	تُؤْمَرُ	وَ	اَعْرِضْ	عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ
وہ عمل کرتے	پس صاف صاف کہہ دیجئے	جو	حکم دیا جاتا ہے آپکو	اور	منہ پھیرو	مشرکوں سے

کرتے تھے۔ پس جس بات کا تمہیں حکم دیا گیا ہے اسے بے دھڑک فرما دو اور مشرکوں سے کنارا کرو۔

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ لا الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

اِنَّا	كَفَيْنٰكَ	الْمُسْتَهْزِءِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَجْعَلُوْنَ	مَعَ	اللّٰهِ	اِلٰهًا
بیشک ہم	کفایت کریں گے آپکو	ہنسی کرنے والوں سے	وہ جو	بناتے ہیں	ساتھ	اللہ کے	معبود

بیشک ہم ان لوگوں کے شر سے جو آپ کی استہزاء کرتے ہیں حفاظت کے لیے کافی ہیں۔ جو اللہ کیساتھ دوسرا معبود بناتے ہیں تو

اٰخَرَ ج فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ

يَضِيْقُ	اَنَّكَ	نَعْلَمُ	لَقَدْ	وَ	يَعْلَمُوْنَ	فَسَوْفَ	اٰخَرَ
تنگ ہوتا ہے	کہ آپکا	جانتے ہیں ہم	بیشک	اور	جانیں گے	تو جلدی	دوسرا

عنقریب وہ (اپنا انجام) جان لیں گے۔ اور بے شک ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتوں سے

صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿٩٧﴾ لا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ كُنْ

كُنْ	وَ	رَبِّكَ	بِحَمْدِ	فَسَبِّحْ	يَقُوْلُوْنَ	بِمَا	صَدْرُكَ
ہو	اور	رب اپنے کے	ساتھ حمد	سو تسبیح بیان کرو	کہتے ہیں	اس سے جو	دل

آپ کا دل تنگ ہوتا ہے۔ آپ اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی تسبیح بیان کریں اور سجدہ کرنے والوں

مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٩٨﴾ لا وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾ ع

الْيَقِيْنُ	يَاْتِيَكَ	حَتّٰى	رَبَّكَ	وَاعْبُدْ	مِّنَ السّٰجِدِيْنَ
یقین (موت)	آئے آپ کے پاس	یہاں تک کہ	اپنے رب کی	اور عبادت کرو	سجدہ کرنے والوں سے

میں سے ہوجائیں ۔ اور اپنے رب کی عبادت کرو یہاں تک کہ آپکو یقین آ جائے۔

ع ۲

اٰیاتھا ۱۲۸ — ۱۶ سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ ۷۰ — رکوعاتھا ۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١﴾

يُشْرِكُوْنَ	عَمَّا	تَعٰلٰى	وَ	سُبْحٰنَهٗ	تَسْتَعْجِلُوْهُ	فَلَا	اللّٰهِ	اَمْرُ	اَتٰۤى
جو شرک کرتے ہیں	اس سے	بلند ہے	اور	وہ پاک ہے	جلدی کرو تم اس کی	تو نہ	اللہ کا	حکم	اب آتا ہے

آ گیا اللہ تعالیٰ کا حکم پھر اس کے لیے جلدی نہ کرو وہ پاک ہے اور بالاتر ہے اُن سے جن کو یہ شریک بناتے ہیں۔

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ

يُنَزِّلُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	بِالرُّوْحِ	مِنْ اَمْرِهٖ	عَلٰى	مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	اَنْ
اتارتا ہے	ملائکہ کو	روح کے ساتھ	اپنے حکم سے	اوپر	جس کے چاہتا ہے	اپنے بندوں سے	یہ کہ

وہ فرشتوں کو اپنے حکم سے روح کے ساتھ اتارتا ہے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے۔ یہ کہ

اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اَنْذِرُوْٓا	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّآ	اَنَا	فَاتَّقُوْنِ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ
ڈراؤ	بیشک	نہیں	کوئی معبود	مگر	میں	تو مجھ سے ڈرو	پیدا کیا	آسمان کو	اور	زمین کو

لوگوں کو خبردار کردو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں لہٰذا مجھ سے ڈرو۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ بنایا ہے

بِالْحَقِّ ۭ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۳ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا

بِالْحَقِّ	تَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ	مِنْ نُّطْفَةٍ	فَاِذَا
حق کے ساتھ	بلند ہے	اس سے	جو شرک کرتے ہیں	پیدا کیا	آدمی کو	نطفہ سے	تو جبھی

وہ اس سے بہت بلند و اعلیٰ ہے جو وہ اس کا شریک کرتے ہیں۔ اس نے انسان کو پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا اس لئے

هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝۴ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ

هُوَ	خَصِيْمٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	الْاَنْعَامَ	خَلَقَهَا	لَكُمْ	فِيْهَا	دِفْءٌ
وہ	جھگڑالو ہے	کھلا	اور	چوپائے	پیدا کیا ان کو	تمہارے لیے	اس میں	گرم لباس

وہ صاف جھگڑالو ہے۔ اور اس نے چوپایوں کو پیدا کیا ان میں تمہارے لئے گرم لباس ہے اور (دوسرے)

وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۵ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ

وَّ	مَنَافِعُ	وَ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَ	لَكُمْ	فِيْهَا	جَمَالٌ	حِيْنَ	تُرِيْحُوْنَ
اور	منافع	اور	اس سے	کھاتے ہو تم	اور	تمہارے لیے	اس میں	خوبصورتی ہے	جب	چرا کر لاتے ہو

فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو۔ اور ان میں تمہارے لیے جمال ہے جب تم شام کو انہیں گھر لاتے ہو اور صبح

وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿۶﴾ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا

وَ	حِيْنَ	تَسْرَحُوْنَ	وَ	تَحْمِلُ	اَثْقَالَكُمْ	اِلٰى	بَلَدٍ	لَّمْ تَكُوْنُوْا
اور	جب	چرنے کو لے جاتے ہو	اور	اٹھاتے ہیں	تمہارے بوجھ	طرف	شہر کی	کہ نہیں تھے تم

انہیں چرانے کیلئے لے جاتے ہو۔ اور وہ تمہارے بوجھ ایسے مقامات تک کے لیے اُٹھاتے ہیں جہاں تک تم اپنی جانوں کو سخت

بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾ وَّالْخَيْلَ

بٰلِغِيْهِ	اِلَّا	بِشِقِّ	الْاَنْفُسِ	اِنَّ	رَبَّكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَّ	الْخَيْلَ
وہاں پہنچنے والے	مگر	ساتھ مشقت	نفس کے	بیشک	تمہارا رب	مہربان ہے	رحمت والا	اور	گھوڑے

مشقت میں ڈالے بغیر پہنچنے والے نہیں ہو۔ یقیناً تمہارا رب بڑا شفیق رحم فرمانے والا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے

وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾

وَ	الْبِغَالَ	وَ	الْحَمِيْرَ	لِتَرْكَبُوْهَا	وَ	زِيْنَةً	وَ	يَخْلُقُ	مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ
اور	خچر	اور	گدھے	تاکہ تم ان پر سوار ہو	اور	زینت ہے	اور	پیدا کرے گا	جو	نہیں	جانتے تم

تاکہ ان پر سواری کرو اور زینت و رونق ہیں تمہارے لیے اور وہ بہت سی ایسی چیزیں پیدا کرتا ہے جنہیں تم نہیں جانتے۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآىِٕرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ

وَ	عَلَى	اللّٰهِ	قَصْدُ	السَّبِيْلِ	وَ	مِنْهَا	جَآىِٕرٌ	وَ	لَوْ	شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ
اور	اوپر	اللہ کے ہے	درمیانی	راہ	اور	اس سے	ٹیڑھے بھی ہیں	اور	اگر	چاہتا	تو ہدایت دیتا تم

اور اللہ تک پہنچتا ہے سیدھا راستہ اور ان میں ٹیڑھے راستے بھی ہیں اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو راہ

اَجْمَعِيْنَ ﴿۹﴾ ع هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ

ع

اَجْمَعِيْنَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	لَّكُمْ	مِّنْهُ	شَرَابٌ
سب کو	وہ اللہ	وہ ہے جس نے	اتارا	آسمان سے	پانی	تمہارے لیے	اس میں	پینا ہے

ہدایت پر ڈال دیتا۔ اسی نے آسمان سے تمہارے لئے پانی اُتارا جسے پیا جاتا ہے اور جس سے درخت اُگتے ہیں

وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿۱۰﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ

وَ	مِنْهُ	شَجَرٌ	فِيْهِ	تُسِيْمُوْنَ	يُنْۢبِتُ	لَكُمْ	بِهِ	الزَّرْعَ	وَ	الزَّيْتُوْنَ
اور	اس میں	درخت ہیں	کہ ان میں	تم چراتے ہو	اگاتا ہے	تمہارے لیے	اس کے ساتھ	کھیتی	اور	زیتون

جن میں تم مویشی چراتے ہو۔ اس پانی سے تمہارے لئے کھیتی اُگاتا ہے

وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

وَ	النَّخِيْلَ	وَ	الْاَعْنَابَ	وَ	مِنْ كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ
اور	کھجور	اور	انگور	اور	ہر طرح کے	پھل	بیشک	اس میں	یقیناً نشانی ہے	اس قوم کے لیے

اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل بے شک اس میں نشانی ہے غور وفکر

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ

يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الَّيْلَ	وَ	النَّهَارَ	وَ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ
جو غور وفکر کرتے ہیں	اور مسخر کیا	تمہارے لیے	رات کو	اور	دن کو	اور	سورج	اور	چاند

کرنے والوں کیلئے۔ اور مسخر کئے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور چاند

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

وَالنُّجُوْمُ	مُسَخَّرٰتٌ	بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
اور ستارے	تابع ہیں	اس کے حکم کے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	اس قوم کے لیے

اور ستارے سب اس کے حکم کے تابع ہیں بے شک اس میں عقل مندوں

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ

يَّعْقِلُوْنَ	وَ	مَا	ذَرَاَ	لَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	مُخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
جو سمجھیں	اور	جو	پیدا کیا اس نے	تمہارے لیے	زمین میں	مختلف ہیں	اس کے رنگ	بیشک	اس میں

کیلئے نشانیاں ہیں۔ اور زمین میں جو چیزیں اُس نے تمہارے لیے پیدا کی ہیں۔ اُن کے مختلف رنگ ہیں۔ یقیناً اس میں ایک

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا

لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	سَخَّرَ	الْبَحْرَ	لِتَاْكُلُوْا
نشانی ہے	اس قوم کے لیے	جو نصیحت لیں	اور	وہ	وہ ہے جس نے	مسخر کیا	دریا کو	تاکہ کھاؤ

نشانی ہے ان لوگوں کے لیے جو سبق حاصل کرتے ہیں۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے دریا کو مسخر کیا

مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

مِنْهُ	لَحْمًا	طَرِيًّا	وَ	تَسْتَخْرِجُوْا	مِنْهُ	حِلْيَةً	تَلْبَسُوْنَهَا	وَ	تَرَى
اس سے	گوشت	تازہ	اور	نکالو	اس سے	زیور	کہ جسے تم پہنو	اور	دیکھتا ہے تو

کہ اس میں سے تازہ گوشت کھاتے ہو اور اس میں سے زیور نکالتے ہو جسے پہنتے ہو تم دیکھتے ہو

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٤﴾

الْفُلْكَ	مَوَاخِرَ	فِيْهِ	وَ	لِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
کشتیوں کو	چیرنے والی	اس میں	اور	تاکہ تم تلاش کرو	اس کا فضل	اور	تاکہ تم	احسان مانو

کشتیاں پانی کو چیرتی ہوئی چلتی ہیں اور اس لئے کہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تمہیں احسان مانو۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ

وَ	اَلْقٰى	فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ	اَنْ	تَمِيْدَ بِكُمْ	وَ	اَنْهٰرًا	وَ	سُبُلًا	لَعَلَّكُمْ
اور	جمائے	زمین میں	پہاڑ	یہ کہ	نہ حرکت کرے تمہارے ساتھ	اور	نہریں	اور	راستے	تاکہ تم

اور اس نے زمین میں پہاڑ جمائے تاکہ تمہیں لے کر ڈگمگانے نہ لگے اور دریا اور راستے بنائے تاکہ

تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥﴾ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿١٦﴾ اَفَمَنْ

تَهْتَدُوْنَ	وَعَلٰمٰتٍ	وَ	بِالنَّجْمِ	هُمْ	يَهْتَدُوْنَ	اَفَمَنْ
راہ پاؤ	اور علامتیں	اور	ستاروں سے	وہ	راہ پاتے ہیں	کیا جو

تمہیں راہ ملے۔ اور (دوسری) علامتیں اور ستاروں سے بھی لوگ رستہ پاتے ہیں۔ تو کیا جو پیدا کرے

يَخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۗ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

يَخْلُقُ	كَمَنْ	لَّا	يَخْلُقُ	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ	وَ	اِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَةَ	اللّٰهِ
پیدا کرتا ہے	اس جیسا ہے	جو	نہیں پیدا کرتا	کیا پھر نہیں	نصیحت لیتے تم	اور	اگر	تم گنو	نعمتیں	اللہ کی

وہ اس کی طرح ہے جو (کچھ) پیدا نہ کر سکے تو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے؟ اور اگر تم اللہ کی نعمتیں شمار کرنا چاہو تو انہیں شمار

لَا تُحْصُوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	تُسِرُّوْنَ
تو تم اس کو نہ گن سکو	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	اور	اللہ	جانتا ہے	جو	تم چھپاتے ہو

نہ کر سکو گے بے شک اللہ ضرور بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ

وَ	مَا	تُعْلِنُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	لَا	يَخْلُقُوْنَ
اور	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور	وہ جو	پکارتے ہیں	سوائے	اللہ کے	وہ	نہیں پیدا کرتے

اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو۔ اور اللہ کے سوا جن کو پوجتے ہیں وہ کچھ بھی نہیں بناتے

شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ

شَيْـًٔا	وَّ	هُمْ	يُخْلَقُوْنَ	اَمْوَاتٌ	غَيْرُ	اَحْيَآءٍ	وَ	مَا يَشْعُرُوْنَ
کچھ بھی	اور	وہ	پیدا کیے گئے ہیں	مردے ہیں	نہیں ہیں	زندہ	اور	انہیں خبر نہیں

اور وہ خود بنائے ہوئے ہیں۔ مردہ ہیں نہ کہ زندہ اور انہیں شعور نہیں کہ

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اَيَّانَ	يُبْعَثُوْنَ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
کب	اٹھائے جائیں گے	معبود تمہارا	معبود	ایک ہے	پھر وہ جو	ایمان نہیں لاتے

کب اُٹھائے جائیں گے۔ تمہارا معبود اکیلا معبود ہے مگر جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل

ع ۲ ۱۲ ۸

بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ

بِالْاٰخِرَةِ	قُلُوْبُهُمْ	مُّنْكِرَةٌ	وَّ	هُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّ	اللّٰهَ
آخرت پر	ان کے دل	منکر ہیں	اور	وہ	مغرور ہیں	حقیقتاً	بیشک	اللہ

انکاری ہیں اور وہ تکبر کرنے والے لوگ ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ جانتا ہے

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ	وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْتَكْبِرِيْنَ
جانتا ہے	جو	وہ چھپاتے ہیں	اور	جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک	نہیں پسند کرتا	مغروروں کو

جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں بے شک وہ تکبر کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	مَّاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ
اور	جب	کہا جاتا ہے	ان کو	کیا	اتارا	تمہارے رب نے	تو کہتے ہیں	کہانیاں	اگلوں کی

اور جب ان سے کہا جائے تمہارے رب نے کیا نازل کیا؟ کہیں گے پہلے لوگوں کی کہانیاں۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ

لِيَحْمِلُوْٓا	اَوْزَارَهُمْ	كَامِلَةً	يَّوْمَ	الْقِيٰمَةِ	وَ	مِنْ اَوْزَارِ	الَّذِيْنَ
تاکہ اٹھائیں	اپنے بوجھ	پورے	دن	قیامت کے	اور	کچھ بوجھ	ان کے

تاکہ وہ قیامت کے دن اپنے بوجھ بھی پورے پورے اُٹھائیں اور اُن لوگوں کے بوجھوں میں سے

يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ

يُضِلُّوْنَهُمْ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	اَلَا	سَاۗءَ	مَا	يَزِرُوْنَ	قَدْ	مَكَرَ	الَّذِيْنَ
جن کو گمراہ کرتے ہیں	بغیر	علم کے	سن لو	برا ہے	جو	بوجھ اٹھاتے ہیں	بیشک	فریب کیا	ان لوگوں جو

بھی جن کو وہ علم کے بغیر گمراہ کرتے ہیں۔ یادرکھو! بہت بُرا ہے وہ بوجھ جو یہ اُٹھاتے ہیں۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے یقیناً

مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ

مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتَى	اللّٰهُ	بُنْيَانَهُمْ	مِّنَ الْقَوَاعِدِ	فَخَرَّ	عَلَيْهِمُ	السَّقْفُ
ان سے پہلے تھے	تو لیا	اللہ نے	ان کی تعمیروں کو	بنیادوں سے	تو گر پڑی	ان پر	چھت

اُنہوں نے بھی چالیں چلیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُن کی عمارت کو بنیادوں سے اُکھاڑ دیا۔ پھر چھت

مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ

مِنْ فَوْقِهِمْ	وَ	اَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُوْنَ	ثُمَّ	يَوْمَ
ان کے اوپر سے	اور	آیا ان کے پاس	عذاب	ایسی جگہ سے کہ	وہ نہیں سمجھتے تھے	پھر	دن

ان کے اوپر سے ان پر گر پڑی۔ اور وہاں سے ان پر عذاب آگیا جہاں سے ان کو خیال بھی نہیں تھا۔ پھر روزِ قیامت کو

الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ

الْقِيٰمَةِ	يُخْزِيْهِمْ	وَ	يَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ	تُشَآقُّوْنَ
قیامت کے	ان کو رسوا کریگا	اور	فرمائے گا	کہاں ہیں	میرے شریک	وہ	کہ تھے تم	جھگڑتے

وہ انہیں رسوا کرے گا اور فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کیلئے تم آپس میں جھگڑا کیا کرتے تھے؟

فِيْهِمْ ط قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى

فِيْهِمْ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ	اِنَّ	الْخِزْيَ	الْيَوْمَ	وَالسُّوْٓءَ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
ان کے متعلق	تو کہیں گے	وہ جنہیں	دیا گیا	علم	بیشک	رسوائی	آج کے دن	اور برائی	کافروں پر ہے

وہ جنہیں علم دیا گیا تھا کہیں گے رسوائی اور برائی آج ان

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ لا الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ص

الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ	اَنْفُسِهِمْ
وہ جو کہ	جان نکالتے ہیں ان کی	فرشتے	کہ وہ ظلم کرنے والے ہیں	اپنی جانوں پر

کافروں کا انجام ہے۔ جن کی جان فرشتے ایسی حالت میں نکالتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کر رہے ہوتے تھے

فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰۤى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ

فَاَلْقَوُا	السَّلَمَ	مَا	كُنَّا	نَعْمَلُ	مِنْ سُوْٓءٍ	بَلٰۤى	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ	بِمَا	كُنْتُمْ
تو وہ ڈالیں گے	صلح	نہیں	تھے ہم	عمل کرتے	برے	کیوں نہیں	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو	تھے تم

اب وہ فرمانبرداری کا دم بھریں گے ہم کوئی برائی نہیں کرتے تھے کیوں نہیں! اللہ جانتا ہے جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْۤا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ

تَعْمَلُوْنَ	فَادْخُلُوْۤا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَلَبِئْسَ
عمل کرتے	تو داخل ہو جاؤ	دروازوں میں	جہنم کے	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	تو برا ہے

کیا کرتے تھے۔ تو جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اس میں رہو تو کیا ہی برا ٹھکانا ہے

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَاۤ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ

مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ	وَ	قِيْلَ	لِلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	مَاذَاۤ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ
ٹھکانہ	مغروروں کا	اور	کہا جائے	ان کو	جو پرہیز گار ہیں	کیا	اتارا	تمہارے رب نے

تکبر کرنے والوں کا۔ اور ڈرنے والوں سے کہا گیا تمہارے رب نے

قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ

قَالُوْا	خَيْرًا	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَلَدَارُ
بولے	بھلائی	ان کے لیے	جو نیک ہیں	اس دنیا میں	بھلائی ہے	اور یقیناً گھر

کیا نازل کیا؟ انہوں نے کہا بھلائی! جن لوگوں نے نیکی کی اس دنیا میں ان کیلئے بھلائی ہے اور بے شک آخرت کا گھر سب سے

الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	وَ	لَنِعْمَ	دَارُ	الْمُتَّقِيْنَ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا
آخرت کا	بہتر ہے	اور	اچھا ہے	گھر	پرہیزگاروں کا	باغ ہیں	ہمیشہ کے	داخل ہوں گے اس میں

بہتر ہے اور البتہ وہ کیا ہی اچھا گھر ہے پرہیزگاروں کا۔ ہمیشہ کی جنتیں جن میں وہ داخل ہوں گے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ

تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	لَهُمْ	فِيْهَا	مَا	يَشَآءُوْنَ	كَذٰلِكَ
چلتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ان کے لیے ہے	اس میں	جو کچھ	وہ چاہیں	اسی طرح

ان کے نیچے نہریں رواں ہیں انہیں وہاں جو چاہیں ملے گا

يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

يَجْزِي	اللّٰهُ	الْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	طَيِّبِيْنَ
بدلہ دیتا ہے	اللہ	پرہیزگاروں کو	وہ جو کہ	فوت کرتے ہیں ان کو	فرشتے	عمدگی سے

اللہ ایسا ہی صلہ دیتا ہے پرہیزگاروں کو۔ جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔ وہ کہتے

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ

يَقُوْلُوْنَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمُ	ادْخُلُوا	الْجَنَّةَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	هَلْ
کہتے ہیں	سلام ہو	تم پر	داخل ہو جاؤ	جنت میں	بدلہ اس کا کہ	تھے تم	عمل کرتے	کیا

اور	میں نے ان کو پکڑا	پھر	ظالم تھیں	وہ	اور	ان کو	کہ میں نے مہلت دی	بستیاں ہیں	اور کتنی ہی

اور بہت سی بستیاں ہیں جن کو ہم نے مہلت دی اور وہ ظالم تھیں پھر ہم نے انہیں پکڑ لیا اور ہماری ہی

ع ۶ ۱۰ ۱۳

اِلَى الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ ع قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ ج

اِلَيَّ	الْمَصِيْرُ	قُلْ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنَّمَاۤ	اَنَا	لَكُمْ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ
میری طرف ہی	پھرنا ہے	فرماؤ	اے	لوگو	اسکے سوانہیں کہ	میں	تمہارے لیے	ڈرانے والا ہوں	صریح

طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اے حبیب ﷺ فرما دیجئے اے لوگو! میں تو یہی تمہارے لئے کھلا ڈر سنانے والا ہوں۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾

فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	رِزْقٌ	كَرِيْمٌ
پھر وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	انکے لیے	بخشش ہے	اور	رزق	اچھا

تو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کیلئے بخشش ہے اور عمدہ رزق۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

وَ	الَّذِيْنَ	سَعَوْا	فِيْۤ	اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ
اور	وہ جو	کوشش کرتے ہیں	میں	ہماری آیتوں	عاجز کرنے والے	یہی لوگ ہیں	اصحاب

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں ہمیں عاجز کرنے کی کوشش کی وہ

الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّاۤ

الْجَحِيْمِ	وَمَاۤ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ	رَّسُوْلٍ	وَّ	لَا	نَبِيٍّ	اِلَّاۤ
جہنم	اور نہیں	بھیجا ہم نے	تجھ سے پہلے	کوئی	رسول	اور	نہ کوئی	نبی	مگر

دوزخی ہوں گے۔ اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا نہ کوئی نبی

اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ج فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي

اِذَا	تَمَنّٰۤى	اَلْقَى	الشَّيْطٰنُ	فِيْۤ	اُمْنِيَّتِهٖ	فَيَنْسَخُ	اللّٰهُ	مَا	يُلْقِي
جب	اسکے پڑھا تو	ڈال دیا	شیطان نے	میں	اسکی پڑھائی	تو منسوخ کردیتا ہے	اللہ	جو	ڈالتا ہے

مگر جب وہ کوئی آرزو کرتا تو شیطان اس کی تمنا میں خلل ڈال دیتا ہے پھر جو کچھ بھی شیطان ڈالتا ہے

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

الشَّيْطٰنُ	ثُمَّ	يُحْكِمُ	اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	لِيَجْعَلَ	مَا
شیطان	پھر	مضبوط کرتا ہے	اللہ	اپنی آیتیں	اور	اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے	تا کہ بنائے	جو

اللہ اسے ہٹا دیتا ہے اور پھر اللہ اپنی آیتوں کو مستحکم کر دیتا ہے اور اللہ علم والا دانا ہے۔ تا کہ جو شیطان ڈالتا ہے

يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ

يُلْقِى	الشَّيْطٰنُ	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	فِىْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَ	الْقَاسِيَةِ
ڈالتا ہے	شیطان	آزمائش	انکے لیے کہ	میں	انکے دلوں	بیماری ہے	اور	سخت ہیں

ان لوگوں کیلئے آزمائش کر دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہو چکے ہیں

قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِىْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

قُلُوْبُهُمْ	وَ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَفِىْ	شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	وَ	لِيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ
انکے دل	اور	بیشک	ظالم	یقیناً	بدبختی	دوری میں ہیں	اور	جانتے ہیں	وہ جو

یقیناً ظلم کرنے والے ضرور دور کے جھگڑے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور تا کہ یقین کر لیں وہ لوگ

اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

اُوْتُوا	الْعِلْمَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَيُؤْمِنُوْا	بِهٖ	فَتُخْبِتَ	لَهٗ
دیے گئے	علم	بیشک وہ	حق ہے	آپ کے رب سے	تو وہ ایمان لاتے ہیں	ساتھ اسکے	تو جھک جاتے ہیں	اسکے لیے

جنہیں علم دیا گیا ہے کہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تو وہ اس پر ایمان لائیں

قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ

قُلُوْبُهُمْ	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهَادِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِلٰى	صِرَاطٍ
ان کے دل	اور	بیشک	اللہ	ہدایت دینے والا ہے	ان کو جو	ایمان لائے	طرف	راہ

اور اس کی طرف ان کے دل جھک جائیں اور بے شک اللہ ایمان والوں کو سیدھی راہ کی

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَ لَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ

مِّنْهُ	مِرْيَةٍ	فِيْ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	لَايَزَالُ	وَ	مُّسْتَقِيْمٍ
اس سے	شک	میں	کافر ہوئے	وہ جو	ہمیشہ رہیں گے	اور	سیدھی کے

طرف ہدایت فرماتا ہے۔ اور کافر اس سے ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک کہ ان

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ

يَوْمٍ	عَذَابُ	يَاْتِيَهُمْ	اَوْ	بَغْتَةً	السَّاعَةُ	تَاْتِيَهُمُ	حَتّٰى
دن	عذاب	آئے انکے پاس	یا	اچانک	قیامت	آئے انکے پاس	یہاں تک کہ

پر اچانک قیامت آ جائے یا ان پر ایسے دن کا عذاب آ جائے جس میں اُن کے لیے کوئی

عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ط يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ط

بَيْنَهُمْ	يَحْكُمُ	لِّلّٰهِ	يَوْمَئِذٍ	اَلْمُلْكُ	عَقِيْمٍ
ان میں	فیصلہ کرے گا	اللہ کی ہوگی	اس دن	بادشاہی	جڑ کاٹنے والے کا

بھلائی نہ ہو۔ بادشاہی اس دن اللہ ہی کی ہے وہ ان میں فیصلہ کر دے گا

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾

النَّعِيْمِ	جَنّٰتِ	فِيْ	الصّٰلِحٰتِ	عَمِلُوا	وَ	اٰمَنُوْا	فَالَّذِيْنَ
نعمت والے	باغوں میں ہوں گے	میں	اچھے	عمل کیے	اور	ایمان لائے	تو وہ جو

تو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ نعمتوں والے باغوں میں ہونگے۔

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

عَذَابٌ	لَهُمْ	فَاُولٰٓئِكَ	بِاٰيٰتِنَا	كَذَّبُوْا	وَ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	وَ
عذاب ہے	ان کیلئے	تو یہ لوگ ہیں	ہماری آیتوں کو	جھٹلایا	اور	منکر ہوئے	وہ جو	اور

اور جن لوگوں نے انکار کیا تھا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کیلئے

مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾ ع وَ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ

مُّهِيْنٌ	وَ	الَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	ثُمَّ	قُتِلُوْٓا	اَوْ
ذلیل کرنے والا	اور	وہ جنہوں نے	ہجرت کی	میں	رستے	اللہ	پھر	قتل ہوئے	یا

ذلت کا عذاب ہو گا۔ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر قتل ہو گئے

مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ

مَاتُوْا	لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهُوَ
مر گئے	ضرور روزی دے گا انکو	اللہ	روزی	اچھی	اور	بیشک	اللہ	البتہ وہی ہے

یا مر گئے انہیں اللہ ضرور اچھی روزی دے گا اور اللہ ہی تو

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٥٨﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ

خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ	لَيُدْخِلَنَّهُمْ	مُّدْخَلًا	يَّرْضَوْنَهٗ
بہتر	روزی دینے والا	ضرور داخل کرے گا ان کو	ایسی جگہ میں	پسند کرینگے

بہترین روزی دینے والا ہے۔ اللہ انہیں ضرور ایسی جگہ داخل فرمائے گا جسے وہ پسند کریں گے اور بے شک اللہ

وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿٥٩﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا

وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَعَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	ذٰلِكَ	وَ	مَنْ	عَاقَبَ	بِمِثْلِ	مَا
اور	بیشک	اللہ	علم والا	حلم والا ہے	یہ ہے	اور	جو	بدلہ لے	مثل	اسکے جو

بہت جاننے والا نہایت علم والا اور حکمت والا ہے۔ بات یہی ہے اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی جتنی اسے

عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

عُوْقِبَ	بِهٖ	ثُمَّ	بُغِيَ	عَلَيْهِ	لَيَنْصُرَنَّهُ	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ
ظلم ہوا	اس پر	پھر	زیادتی کی جائے	اس پر	تو ضرور مدد کرے گا اسکی	اللہ	بیشک	اللہ

پہنچائی گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی جائے تو یقیناً اللہ اس کی ضرور مدد فرمائے گا بے شک اللہ بہت معاف فرمانے

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿٦٠﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ
معاف کرنے والا	بخشنے والا ہے	یہ اس لیے	کہ بیشک	اللہ	داخل کرتا ہے	رات کو	دن میں

والا بے حد بخشنے والا ہے۔ یہ اس لیے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ

وَ	يُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌۢ	بَصِيْرٌ	ذٰلِكَ
اور	داخل کرتا ہے	دن کو	رات میں	اور بیشک	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا ہے	یہ اس لیے

داخل کرتا ہے۔ اور یقیناً اللہ تعالیٰ خوب سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یہ اس لئے

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ

بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْحَقُّ	وَاَنَّ	مَا	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	هُوَ
کہ بیشک	اللہ	وہی ہے	حق	اور بیشک	جنہیں	پکارتے ہیں	اس کے سوا	وہ ہی

کہ اللہ ہی حق ہے اور اس کے سوا جسے پوجتے ہیں وہی باطل ہے اور

الْبَاطِلُ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

الْبَاطِلُ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ
باطل ہے	اور	بیشک	اللہ	وہی ہے	بلند	بڑا	کیا نہ دیکھا تو نے	کہ بیشک	اللہ نے

اس لئے اور اللہ ہی بلندی کا مالک اور بڑائی والا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً اِنَّ

اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَتُصْبِحُ	الْاَرْضُ	مُخْضَرَّةً	اِنَّ
اتارا	آسمان سے	پانی	تو ہوگئی	زمین	سرسبز	بیشک

آسمان سے پانی اُتارتا ہے تو زمین سرسبز ہو جاتی ہے بے شک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي

اللّٰهَ	لَطِيْفٌ	خَبِيْرٌ	لَهٗ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي
اللہ	باریک بین	خبردار ہے	اسی کا ہے	جو	میں	آسمانوں	اور	جو	میں

اللہ خوب مہربان ہے اور باخبر ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

الْاَرْضِ	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ
زمین ہے	اور	بیشک	اللہ	وہی ہے	بے نیاز	تعریف کیا گیا	کیا نہ دیکھا تو نے	بیشک

زمین میں ہے اور بے شک اللہ ہی بے نیاز اور بہت تعریف کیا ہوا ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ

اللّٰهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ	مَّا	فِي	الْاَرْضِ	وَالْفُلْكَ	تَجْرِيْ	فِي	الْبَحْرِ
اللہ نے	تابع کیا	تمہارے لیے	جو کچھ	میں	زمین ہے	اور کشتی کو جو	چلتی ہے	میں	دریا

کہ اللہ نے زمین کی ہر چیز کو تمہارے فائدے کیلئے اپنے حکم کے تابع رکھا اور کشتیوں کو (بھی)

بِاَمْرِهٖ ؕ وَ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا

بِاَمْرِهٖ	وَ	يُمْسِكُ	السَّمَآءَ	اَنْ	تَقَعَ	عَلَى	الْاَرْضِ	اِلَّا
اس کے حکم سے	اور	روکتا ہے	آسمان کو	کہ وہ	گر نہ پڑے	اوپر	زمین کے	مگر

کہ وہ دریا میں اس کے حکم سے چلتی ہیں اور وہی آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے مگر

بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَ هُوَ

بِاِذْنِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	هُوَ
اس کے حکم سے	بیشک	اللہ	لوگوں پر	مہربان	رحم والا ہے	اور	وہ

اسی کے حکم سے بے شک اللہ لوگوں پر نہایت مہربانی کرنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور وہی ہے

الَّذِيٓ اَحۡيَاكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يُحۡيِيۡكُمۡ ؕ اِنَّ

الَّذِيٓ	اَحۡيَاكُمۡ	ثُمَّ	يُمِيۡتُكُمۡ	ثُمَّ	يُحۡيِيۡكُمۡ	اِنَّ
وہ ہے جس نے	زندہ کیا تم کو	پھر	مارتا ہے تم کو	پھر	زندہ کریگا تم کو	بیشک

جس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا بے شک

الۡاِنۡسَانَ لَكَفُوۡرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلۡنَا مَنۡسَكًا هُمۡ

الۡاِنۡسَانَ	لَكَفُوۡرٌ	لِكُلِّ	اُمَّةٍ	جَعَلۡنَا	مَنۡسَكًا	هُمۡ
انسان	ناشکرا ہے	ہر ایک	امت کے لیے	بنائے ہم نے	عبادت کے قاعدے کہ	وہ

انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہر اُمت کیلئے ہم نے عبادت کے قاعدے بنا دیئے کہ وہ

نَاسِكُوۡهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الۡاَمۡرِ وَادۡعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ

نَاسِكُوۡهُ	فَلَا	يُنَازِعُنَّكَ	فِي	الۡاَمۡرِ	وَادۡعُ	اِلٰى	رَبِّكَ
اس پر چلنے والے ہیں	تو نہ	جھگڑا کرے آپ سے	میں	اس معاملے	اور بلاؤ	طرف	رب اپنے کی

ان پر چلے تو ہرگز وہ آپ سے اس معاملہ میں جھگڑا نہ کریں اور اپنے رب کی

اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنۡ جٰدَلُوۡكَ فَقُلِ

اِنَّكَ	لَعَلٰى	هُدًى	مُّسۡتَقِيۡمٍ	وَ	اِنۡ	جٰدَلُوۡكَ	فَقُلِ
بیشک آپ	اوپر	راہ	سیدھی کے ہیں	اور	اگر	جھگڑا کریں آپ سے	تو فرماؤ

طرف بلاتے رہیں بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں۔ اور اگر وہ آپ سے (دین کے معاملہ میں) جھگڑیں تو (ان سے)

اللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ يَوۡمَ

اللّٰهُ	اَعۡلَمُ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ	اَللّٰهُ	يَحۡكُمُ	بَيۡنَكُمۡ	يَوۡمَ
اللہ	جانتا ہے	جو	تم کرتے ہو	اللہ	فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	دن

فرما دیجئے اللہ خوب جانتا ہے جو تم کام کرتے ہو۔ اللہ روزِ قیامت کو تمہارے درمیان

الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

اَنَّ	تَعْلَمْ	اَلَمْ	تَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	كُنْتُمْ	فِيْمَا	الْقِيٰمَةِ
یہ کہ بیشک	جانا تونے	کیا نہ	جھگڑا کرتے	اس میں	تھے تم	اس میں کہ	قیامت کے

ان باتوں کا جن میں تم اختلاف کرتے ہو فیصلہ فرما دے گا۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ

فِيْ كِتٰبٍ	ذٰلِكَ	اِنَّ	الْاَرْضِ	وَ	السَّمَآءِ	فِيْ	مَا	يَعْلَمُ	اللّٰهَ
کتاب میں ہے	یہ	بیشک	زمین ہے	اور	آسمان	میں	جو	جانتا ہے	اللہ

اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے بے شک یہ ایک کتاب میں ہے

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

مَا	اللّٰهِ	مِنْ دُوْنِ	يَعْبُدُوْنَ	وَ	يَسِيْرٌ	اللّٰهِ	عَلَى	ذٰلِكَ	اِنَّ
جو	اللہ کے	سوا	پوجتے ہیں	اور	آسان ہے	اللہ کے	اوپر	یہ	بیشک

بے شک یہ اللہ پر آسان ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا اُن کی عبادت کرتے ہیں

لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّ مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ مَا

مَا	وَ	عِلْمٌ	بِهٖ	لَهُمْ	لَيْسَ	مَا	وَّ	سُلْطٰنًا	بِهٖ	يُنَزِّلْ	لَمْ
نہیں	اور	کوئی علم	اس کا	ان کو	نہیں	جو	اور	کوئی دلیل	اس کی	اتاری	نہ

جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری۔ اور جن کے بارے میں اُنہیں کوئی علم نہیں ہے۔ اور قیامت

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

بَيِّنٰتٍ	اٰيٰتُنَا	عَلَيْهِمْ	تُتْلٰى	اِذَا	وَ	مِنْ نَّصِيْرٍ	لِلظّٰلِمِيْنَ
روشن	ہماری آیتیں	ان پر	پڑھی جاتی ہیں	جب	اور	کوئی مددگار	ظالموں کا

کے دن ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہو گا۔ اور جب ان کافروں پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں

تَعۡرِفُ فِیۡ وُجُوۡہِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوا الۡمُنۡکَرَ ؕ یَکَادُوۡنَ

یَکَادُوۡنَ	الۡمُنۡکَرَ	کَفَرُوا	الَّذِیۡنَ	وُجُوۡہِ	فِیۡ	تَعۡرِفُ
قریب ہیں کہ	برائی	جو کافر ہیں	ان کے	چہروں	میں	پہچانو گے آپ

تو (اے محبوب ﷺ!) آپ ان کے چہروں پر ناگواری (کے آثار) دیکھتے ہیں قریب ہیں کہ وہ

یَسۡطُوۡنَ بِالَّذِیۡنَ یَتۡلُوۡنَ عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِنَا ؕ قُلۡ اَفَاُنَبِّئُکُمۡ

اَفَاُنَبِّئُکُمۡ	قُلۡ	اٰیٰتِنَا	عَلَیۡہِمۡ	یَتۡلُوۡنَ	بِالَّذِیۡنَ	یَسۡطُوۡنَ
کیا بتاؤں میں تمہیں	فرماؤ	ہماری آیتیں	ان پر	پڑھتے ہیں	ان پر جو	حملہ کریں

ان لوگوں پر حملہ کر دیں جو ہماری آیتیں ان پر تلاوت کرتے ہیں اے محبوب ﷺ آپ فرما دیجئے کیا میں تمہیں ایسی چیز

بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰلِکُمۡ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَہَا اللّٰہُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا ؕ

کَفَرُوۡا	الَّذِیۡنَ	اللّٰہُ	وَعَدَہَا	اَلنَّارُ	مِّنۡ ذٰلِکُمۡ	بِشَرٍّ
کافر ہیں	ان سے جو	اللہ نے	وعدہ کیا اس کا	وہ آگ ہے کہ	اس سے	بری چیز

بتاؤں جو تمہارے اس غیظ وغضب سے بھی بدتر ہے وہ (دوزخ کی) آگ ہے جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے

وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۷۲﴾ ع یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسۡتَمِعُوۡا

فَاسۡتَمِعُوۡا	مَثَلٌ	ضُرِبَ	النَّاسُ	یٰۤاَیُّہَا	الۡمَصِیۡرُ	بِئۡسَ	وَ
تو غور سے سنو	ایک کہاوت	بیان کی جاتی ہے	لوگو	اے	ٹھکانہ	برا ہے	اور

اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو! ایک مثال بیان فرمائی جاتی ہے اسے غور سے سنو

لَہٗ ؕ اِنَّ الَّذِیۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ لَنۡ یَّخۡلُقُوۡا

یَّخۡلُقُوۡا	لَنۡ	اللّٰہِ	مِنۡ دُوۡنِ	تَدۡعُوۡنَ	الَّذِیۡنَ	اِنَّ	لَہٗ
پیدا کر سکتے	ہرگز نہیں	اللہ کے	سوا	پکارتے ہیں	وہ جو	بیشک	اس کو

وہ جنہیں اللہ کے سوا تم پوجتے ہو ایک مکھی نہ بنا سکیں اگرچہ سب کے سب

ع ۱۰ / ۱۲

ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَ اِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ

ذُبَابًا	وَّ	لَوِ	اجْتَمَعُوْا	لَهٗ	وَ	اِنْ	يَّسْلُبْهُمُ	الذُّبَابُ
ایک مکھی	اور	اگرچہ	اکٹھے ہو جائیں سب	اسکے لیے	اور	اگر	چھین لے جائے ان سے	مکھی

اکٹھے ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو اس سے چھڑا نہ سکیں

شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَ

شَيْـًٔا	لَّا	يَسْتَنْقِذُوْهُ	مِنْهُ	ضَعُفَ	الطَّالِبُ	وَ
کوئی چیز	نہیں	بچا سکتے اس کو	اس سے	کمزور ہے	طالب	اور

مدد چاہنے والے بھی کمزور اور جس سے مدد چاہی گئی وہ بھی

الْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

الْمَطْلُوْبُ	مَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	قَدْرِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ
مطلوب	نہ	قدر کی انہوں نے	اللہ کی	حق	اس کے قدر کا	بیشک	اللہ

کمزور (یعنی بت پرست اور بت)۔ اُن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر ہی نہ پہچانی جیسا کہ اس کی قدر پہچاننے کا حق ہے۔ یقیناً

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّ

لَقَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	اَللّٰهُ	يَصْطَفِيْ	مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا	وَّ
قوت والا	غالب ہے	اللہ	چن لیتا ہے	فرشتوں سے	رسول	اور

اللہ تعالیٰ ہی قوت والا زبردست ہے۔ اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے پیغمبر

مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ ج يَعْلَمُ مَا

مِنَ النَّاسِ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌۢ	بَصِيْرٌ	يَعْلَمُ	مَا
آدمیوں سے	بیشک	اللہ	سنتا	جانتا ہے	جانتا ہے	جو

چن لیتا ہے اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا	خَلْفَهُمْ	وَاِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ
ان کے آگے ہے	اور	جو	انکے پیچھے ہے	اورطرف	اللہ کی	لوٹائے جاتے ہیں

جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی

الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا

الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	ارْكَعُوْا
سب کام	اے	لوگوجو	ایمان لائے ہو	رکوع کرو

طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے

وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ

وَاسْجُدُوْا	وَاعْبُدُوْا	رَبَّكُمْ	وَافْعَلُوا	الْخَيْرَ
اورسجدہ کرو	اورعبادت کرو	اپنے رب کی	اورکرو	نیکی

رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرتے رہو تاکہ تم

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾ ۩ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ

لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَ	جَاهِدُوْا	فِي	اللّٰهِ	حَقَّ	جِهَادِهٖ	هُوَ
تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور	جہاد کرو	میں راہ	اللہ کی	حق	جہاد کرنے کا	اس نے

کامیابی حاصل کر لو۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ حق ہے جہاد کرنے کا اس نے

اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ

اجْتَبٰىكُمْ	وَمَا	جَعَلَ	عَلَيْكُمْ	فِي	الدِّيْنِ	مِنْ
چن لیاتم کو	اورنہیں	بنائی	تم پر	میں	دین	کوئی

تمہیں برگزیدہ کر لیا اور دین میں تم پر کچھ تنگی نہ رکھی (تمہارے لئے)

حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ

سَمّٰىكُمُ	هُوَ	اِبْرٰهِيْمَ	اَبِيْكُمْ	مِلَّةَ	حَرَجٍ
نام رکھا تمہارا	اس نے	ابراہیم کا	تمہارے باپ	دین	تنگی

تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا دین (پسند کیا) اس (اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا

الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

الرَّسُوْلُ	لِيَكُوْنَ	هٰذَا	وَفِيْ	مِنْ قَبْلُ	الْمُسْلِمِيْنَ
رسول	تاکہ ہو	اس (قرآن)	اور میں	پہلے بھی	مسلمان

پہلی کتابوں میں اور اس (قرآن) میں تاکہ رسول معظم ﷺ تم پر گواہ

شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ

النَّاسِ	عَلَى	شُهَدَآءَ	تَكُوْنُوْا	وَ	عَلَيْكُمْ	شَهِيْدًا
لوگوں کے	اوپر	گواہ	ہو جاؤ تم	اور	تم پر	گواہ

ہو جائیں اور تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ تو نماز قائم رکھو اور

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ

بِاللّٰهِ	وَاعْتَصِمُوْا	الزَّكٰوةَ	وَاٰتُوا	الصَّلٰوةَ	فَاَقِيْمُوا
اللہ کو	اور تھام لو	زکوۃ	اور دو	نماز	تو قائم کرو

زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کی رسی مضبوطی سے تھام لو

هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾ ع

النَّصِيْرُ	نِعْمَ	وَ	الْمَوْلٰى	فَنِعْمَ	مَوْلٰىكُمْ	هُوَ
مددگار	اچھا ہے	اور	مولیٰ	تو اچھا ہے	تمہارا مولیٰ ہے	وہ

وہ تمہارا مالک ہے تو کیا ہی اچھا مالک اور کیا ہی اچھا مددگار ہے۔

الجزء ١٨

ایاتها ١١٨ | ٢٣ سورۃ المؤمنون مکیۃ ٧٤ | رکوعاتها ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿١﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿٢﴾

قَدْ	اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ	صَلَاتِهِمْ	خٰشِعُوْنَ
بیشک	مراد پاگئے	مومن	وہ جو کہ	وہ	میں	اپنی نمازوں میں	گڑگڑاتے ہیں

بے شک وہ ایمان والے کامیاب ہوئے۔ جو لوگ اپنی نماز میں خوب عاجزی کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿٤﴾

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ	مُعْرِضُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِلزَّكٰوةِ	فٰعِلُوْنَ
اور	وہ جو کہ	وہ	بیہودہ باتوں سے	منہ پھیرتے ہیں	اور وہ جو کہ	وہ	زکوۃ	ادا کرتے ہیں

وہ جو بیکار اور بیہودہ باتوں سے بچتے ہیں۔ وہ جو زکوۃ کی ادائیگی پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿٥﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِفُرُوْجِهِمْ	حٰفِظُوْنَ	اِلَّا	عَلٰٓى	اَزْوَاجِهِمْ	اَوْ	مَا
اور	وہ جو کہ	وہ	اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرتے ہیں	مگر	اوپر	اپنی بیویوں کے	یا	وہ جو

اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اپنی (منکوحہ) بیویوں پر یا (مملوکہ) باندیوں پر

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿٦﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ

مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ	مَلُوْمِيْنَ	فَمَنِ	ابْتَغٰى	وَرَآءَ	ذٰلِكَ
ملک ہیں	انکے دائیں ہاتھ کی	تو یقیناً وہ	نہیں ہیں	ملامت کیے گئے	تو جو	ڈھونڈے	سوا	اس کے

تو بے شک (اس میں) ان پر کوئی ملامت نہیں۔ تو جو ان کے سوا کچھ اور چاہیں وہی

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ ج وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْعٰدُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِاَمٰنٰتِهِمْ	وَ	عَهْدِهِمْ
تو یہ لوگ	وہ ہیں	حد سے بڑھنے والے	اور	وہ جو کہ	وہ	اپنی امانتوں کی	اور	اپنے عہد کی

اللہ کی مقرر کردہ حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی

رٰعُوْنَ ۝۸ لا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِكَ هُمُ

رٰعُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَوٰتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
رعایت کرتے ہیں	اور	وہ جو کہ	وہ	اوپر	اپنی نمازوں کی	نگہبانی کرتے ہیں	یہی لوگ	وہ ہیں

رعایت کرتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ

الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ لا الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

الْوٰرِثُوْنَ	الَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ	الْفِرْدَوْسَ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
وارث	وہ جو کہ	وارث ہونگے	فردوس کے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

ہوں گے۔ جو (جنت) فردوس کے وارث ہوں گے وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝۱۲ ج ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ

وَلَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ سُلٰلَةٍ	مِّنْ طِيْنٍ	ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ	نُطْفَةً	فِيْ
اور بیشک	ہم نے پیدا کیا	انسان کو	چنی ہوئی	مٹی سے	پھر	بنایا ہم نے اسکو	نطفہ	میں

اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا۔ پھر ہم نے اُسے ایک محفوظ ٹھکانے

قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۱۳ ص ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

قَرَارٍ	مَّكِيْنٍ	ثُمَّ	خَلَقْنَا	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً	فَخَلَقْنَا	الْعَلَقَةَ	مُضْغَةً
جگہ	مضبوط	پھر	بنایا ہم نے	نطفہ کو	خون کی پھٹک	پھر بنایا ہم نے	پھٹک کو	گوشت کی بوٹی

(رحم مادر) میں نطفہ بنا دیا۔ پھر ہم نے نطفے کو جمے ہوئے خون کا لوتھڑا بنایا۔ پھر ہم نے لوتھڑے کو

وقف لازم

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا

فَخَلَقْنَا	الْمُضْغَةَ	عِظٰمًا	فَكَسَوْنَا	الْعِظٰمَ	لَحْمًا	ثُمَّ	اَنْشَاْنٰهُ	خَلْقًا
تو بنایا ہم نے	بوٹی کو	ہڈیاں	تو پہنایا ہم نے	ہڈیوں کو	گوشت	پھر	ہم نے پیدا کیا اسکو	پیدائش

بوٹی بنا دیا۔ پھر ہم نے بوٹی کی ہڈیاں بنائیں۔ پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ پھر ہم نے اُسے ایک نئی

اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

اٰخَرَ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	اَحْسَنُ	الْخٰلِقِيْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	بَعْدَ	ذٰلِكَ
نئی	تو برکت والا ہے	اللہ	بہتر	پیدا کرنے والا	پھر	یقیناً تم	بعد	اسکے کہ

صورت میں بنا کھڑا کیا۔ پس بڑا ہی برکت والا ہے اللہ تعالیٰ بہترین خالق۔ پھر اس کے بعد تم

لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

لَمَيِّتُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	تُبْعَثُوْنَ	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا	فَوْقَكُمْ
مرنے والے ہو	پھر	یقیناً تم	دن	قیامت کے	اٹھائے جاؤ گے	اور	بیشک	ہم نے بنائے	تمہارے اوپر

مر جاؤ گے۔ پھر تم روزِ قیامت کو اُٹھائے جاؤ گے۔ اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر

سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

سَبْعَ	طَرَآئِقَ	وَ	مَا	كُنَّا	عَنِ الْخَلْقِ	غٰفِلِيْنَ	وَ	اَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ
سات	راستے	اور	نہیں ہیں	ہم	مخلوق سے	بے خبر	اور	اتارا ہم نے	آسمان سے

سات آسمان بنائے اور ہم (اپنی) مخلوق سے غافل نہیں۔ اور ہم نے (ایک) اندازے کے مطابق

مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ ج

مَآءً	بِقَدَرٍ	فَاَسْكَنّٰهُ	فِى	الْاَرْضِ	وَ	اِنَّا	عَلٰى	ذَهَابٍ	بِهٖ	لَقٰدِرُوْنَ
پانی	اندازے سے	تو ہم نے ٹھہرایا اسکو	میں	زمین	اور	بیشک ہم	اوپر	لے جانے	اسکے	البتہ قادر ہیں

آسمان سے پانی اتارا پھر اسے زمین میں ٹھہرا دیا اور بے شک ہم اس کے لے جانے پر (بھی) قادر ہیں۔

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ

فَوَاكِهُ	فِيْهَا	لَكُمْ	اَعْنَابٍ	وَّ	مِّنْ نَّخِيْلٍ	جَنّٰتٍ	بِهٖ	لَكُمْ	فَاَنْشَاْنَا
پھل ہیں	اس میں	تمہارے لیے	انگوروں کے	اور	کھجوروں کے	باغ	اسکے ذریعے	تمہارے لیے	پھر پیدا کیے ہم نے

تو اس سے ہم نے تمہارے لئے باغ پیدا کئے کھجوروں اور انگوروں کے تمہارے لئے ان میں بہت سے

كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

تَنْۢبُتُ	مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ	تَخْرُجُ	شَجَرَةً	وَ	تَاْكُلُوْنَ	مِنْهَا	وَّ	كَثِيْرَةٌ
اگتا ہے	طور سینا سے	نکلتا ہے	ایک درخت جو	اور	تم کھاتے ہو	اس سے	اور	بہت

میوے ہیں اور تم ان میں سے کھاتے ہو۔ اور وہ درخت (زیتون) پیدا کیا کہ طور سینا میں اگتا ہے

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ

نُسْقِيْكُمْ	لَعِبْرَةً	فِى الْاَنْعَامِ	لَكُمْ	اِنَّ	وَ	لِّلْاٰكِلِيْنَ	صِبْغٍ	وَ	بِالدُّهْنِ
پلاتے ہیں ہم تم کو	عبرت ہے	چوپایوں میں	تمہارے لیے	بیشک	اور	کھانے والوں کیلئے	سالن ہے	اور	تیل کے ساتھ

جو تیل اور کھانے والوں کیلئے سالن لیے ہے۔ اور بے شک چوپایوں میں تمہارے لئے عبرت ہے ہم تمہیں اس میں سے جو ان کے

مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا

عَلَيْهَا	وَ	تَاْكُلُوْنَ	مِنْهَا	وَّ	كَثِيْرَةٌ	مَنَافِعُ	فِيْهَا	لَكُمْ	وَ	فِىْ بُطُوْنِهَا	مِّمَّا
اس پر	اور	تم کھاتے ہو	اس سے	اور	بہت	فائدے ہیں	اس میں	تمہارے لیے	اور	انکے پیٹوں میں ہے	اس سے جو

پیٹوں میں دودھ ہوتا ہے پینے کو دیتے ہیں ان میں تمہارے لئے اور بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔ اور ان پر

وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ

يٰقَوْمِ	فَقَالَ	قَوْمِهٖ	اِلٰى	نُوْحًا	اَرْسَلْنَا	لَقَدْ	وَ	تُحْمَلُوْنَ	الْفُلْكِ	عَلَى	وَ
اے میری قوم	تو کہا	اسکی قوم کی	طرف	نوح کو	بھیجا ہم نے	بیشک	اور	تم سوار ہوتے ہو	کشتیوں کے	اوپر	اور

اور کشتیوں پر سوار ہوتے ہو۔ اور بیشک ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے فرمایا

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اَفَلَا	تَتَّقُوْنَ	فَقَالَ	الْمَلَؤُا
عبادت کرو	اللہ کی	نہیں تمہارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا	کیا نہیں	تم ڈرتے	تو کہا	سرداروں نے

اے میری قوم کے لوگو اللہ کی عبادت کرو اسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تو کیا تم نہیں ڈرتے؟ تو ان کے (مخاطب) لوگوں میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	مَا	هٰذَاۤ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُرِيْدُ	اَنْ	يَّتَفَضَّلَ
جو	کافر تھے	اسکی قوم میں سے	نہیں	یہ	مگر	آدمی ہے	مثل تمہاری	چاہتا ہے	یہ کہ	بڑائی حاصل کرے

سے کافر سرداروں نے (لوگوں سے) کہا یہ تو (کچھ بھی نہیں) صرف تم جیسے بشر ہیں تم پر برتری حاصل کرنا چاہتے ہیں

عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْۤ اٰبَآئِنَا

عَلَيْكُمْ	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَاَنْزَلَ	مَلٰٓئِكَةً	مَّا	سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِیْۤ	اٰبَآئِنَا
تم پر	اور	اگر	چاہتا	اللہ	تو اتار دیتا	فرشتے	نہیں	سنا ہم نے	یہ	میں	اپنے باپ دادا

اور اگر اللہ (کسی کو بھیجنا) چاہتا تو فرشتوں کو اُتار دیتا ہم نے تو یہ بات اپنے پہلے آباؤ اجداد میں

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾

الْاَوَّلِيْنَ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلٌ	بِهٖ	جِنَّةٌ	فَتَرَبَّصُوْا	بِهٖ	حَتّٰى	حِيْنٍ
پہلوں کے	نہیں	وہ	مگر	ایک مرد ہے	کہ اسکو	جنون ہے	تو انتظار کرو	اسکے متعلق	ایک	وقت تک

(کسی سے) نہیں سنی۔ یہ تو ایک شخص ہے جس کو جنون ہو گیا ہے۔ پھر اُس کے لیے کچھ وقت انتظار کرو۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِیْ	بِمَا	كَذَّبُوْنِ	فَاَوْحَيْنَاۤ	اِلَيْهِ	اَنِ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ
عرض کی	اے میرے رب	مدد کر میری	بدلہ اس کا جو	مجھے انہوں نے جھٹلایا	تو وحی کی ہم نے	اسکی طرف	یہ کہ	بنا	ایک کشتی

نوح علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! میری مدد فرما اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔ سو ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ ہماری

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

بِاَعْيُنِنَا	وَ	وَحْيِنَا	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّوْرُ	فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ كُلٍّ
ہماری نظروں کے سامنے	اور	ہماری وحی کے مطابق	تو جب	آیا	ہمارا حکم	اور جوش مارا	تنور نے	تو سوار کر	اس میں	ہر چیز کے

آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ پھر جب ہمارا حکم پہنچے اور تنور اُبل پڑے تو اس میں ہر چیز کا

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ

زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَ	اَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ	مِنْهُمْ
جوڑے	دو دو	اور	اپنے گھر والوں کو بھی	مگر	جس پر	پہلے گزری	اس پر	بات	ان میں سے

جوڑا اور اپنے گھر والوں کو سوار کر لیں سوائے ان کے جس کی بات طے پا چکی ہے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ

وَ	لَا	تُخَاطِبْنِيْ	فِي الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	اِنَّهُمْ	مُّغْرَقُوْنَ	فَاِذَا	اسْتَوَيْتَ	اَنْتَ
اور	نہ	بات کر مجھ سے	ان لوگوں کے بارے میں جو	ظالم ہیں	بیشک وہ	غرق کیے جائیں گے	پھر جب	برابر ہو جائے	تو

اور ظالموں کے متعلق مجھ سے بات نہ کرنا انہیں غرق ہونا ہی ہے۔ پھر جب تم اور تمہارے

وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ

وَ	مَنْ	مَّعَكَ	عَلَى	الْفُلْكِ	فَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	نَجّٰنَا	مِنَ الْقَوْمِ
اور	جو	تیرے ساتھ ہیں	اوپر	کشتی کے	تو کہہ	سب تعریف	اللہ کیلیے ہے	وہ جس نے	نجات دی ہم کو	قوم

ساتھی کشتی میں بیٹھ جائیں تو کہنا تعریف اللہ کی ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

الظّٰلِمِيْنَ	وَ	قُلْ	رَّبِّ	اَنْزِلْنِيْ	مُنْزَلًا	مُّبٰرَكًا	وَ	اَنْتَ	خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ
ظالم سے	اور	عرض کرو	اے میرے رب	مجھے اتار	اتارنا	برکت والا	اور	تو ہے	بہتر	اتارنے والا

نجات دی۔ اور عرض کرنا (کہ) اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اُتار اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّ اِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

قَرْنًا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	اَنْشَاْنَا	ثُمَّ	لَمُبْتَلِیْنَ	كُنَّا	اِنْ	وَّ	لَاٰیٰتٍ	ذٰلِكَ	فِیْ	اِنَّ
زمانے	ان کے بعد	پیدا کیے ہم نے	پھر	ضرور آزمانیوالے ہیں	ہم ہیں	بیشک	اور	نشانیاں ہیں	اس کے	میں	بیشک

(بے شک) اس (قصہ) میں (ہماری معرفت کی) نشانیاں ہیں اور یقیناً ہم (اپنے بندوں کو) ضرور آزمانے والے ہیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے

اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

لَكُمْ	مَا	اللّٰهَ	اعْبُدُوا	اَنِ	مِّنْهُمْ	رَسُوْلًا	فِیْهِمْ	فَاَرْسَلْنَا	اٰخَرِیْنَ
تمہارے لیے	نہیں	اللہ کی	عبادت کرو	یہ کہ	ان میں سے	رسول	ان میں	تو بھیجے ہم نے	اور

دوسری قوم کو پیدا کیا۔ تو ان میں ایک رسول انہیں میں سے بھیجا کہ اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا

ع ۲/۱۰ ۲

مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	مِنْ قَوْمِهِ	الْمَلَاُ	قَالَ	وَ	تَتَّقُوْنَ	اَفَلَا	غَیْرُهٗ	مِّنْ اِلٰهٍ
کافر ہوئے	وہ جو	اس کی قوم سے	سرداروں نے	کہا	اور	تم ڈرتے	کیا نہیں	سوا اس کے	کوئی معبود

کوئی الہ نہیں تو کیا تمہیں ڈر نہیں۔ مگر اس کی قوم کے سرداروں نے جنہوں نے انکار کیا اور

وَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ اَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ

بَشَرٌ	اِلَّا	هٰذَاۤ	مَا	الدُّنْیَا	الْحَیٰوةِ	فِی	اَتْرَفْنٰهُمْ	وَ	الْاٰخِرَةِ	بِلِقَآءِ	كَذَّبُوْا	وَ
آدمی ہے	مگر	یہ	نہیں	دنیا کی	زندگی	میں	چین دیا ہم نے انکو	اور	آخرت کی	ملاقات کو	جھٹلایا	اور

آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور جنہیں ہم نے دُنیاوی زندگی میں آسودگی دی تھی کہا یہ محض تمہاری ہی طرح کا بشر ہے

مِّثْلُكُمْ ۙ یَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَ یَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَئِنْ

لَئِنْ	وَ	تَشْرَبُوْنَ	مِمَّا	یَشْرَبُ	وَ	مِنْهُ	تَاْكُلُوْنَ	مِمَّا	یَاْكُلُ	مِّثْلُكُمْ
اگر	اور	تم پیتے ہو	اس سے جو	پیتا ہے	اور	اس سے	جو تم کھاتے ہو	اس سے	کھاتا ہے	تمہارے جیسا

جو وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے اپنی ہی

اَطَعۡتُمۡ بَشَرًا مِّثۡلَكُمۡ اِنَّكُمۡ اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمۡ اَنَّكُمۡ اِذَا مِتُّمۡ

اَطَعۡتُمۡ	بَشَرًا	مِّثۡلَكُمۡ	اِنَّكُمۡ	اِذًا	لَّخٰسِرُوۡنَ	اَيَعِدُكُمۡ	اَنَّكُمۡ	اِذَا	مِتُّمۡ
کہا مانا تم نے	ایک آدمی	اپنے جیسے کا	تو یقیناً تم	اس وقت	گھاٹا اٹھانے والے ہو	وعدہ دیتا ہے تم کو	کہ تم	جب	مر جاؤ گے

طرح کے بشر کی بات مانی تو تم ضرور نقصان اٹھاؤ گے۔ کیا یہ تمہیں وعدہ دیتے ہیں کہ جب تم مر جاؤ گے

وَكُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ﴿۳۵﴾ هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ لِمَا

وَ	كُنۡتُمۡ	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	اَنَّكُمۡ	مُّخۡرَجُوۡنَ	هَيۡهَاتَ	هَيۡهَاتَ	لِمَا
اور	ہو جاؤ گے	مٹی	اور	ہڈیاں	بیشک تم	نکالے جاؤ گے	کتنی دور ہے	کتنی دور ہے	جو

اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے (اس کے بعد) تم نکالے جاؤ گے۔ بہت دور ہے بہت دور ہے جو تم سے

تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اِنۡ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا وَمَا نَحۡنُ

تُوۡعَدُوۡنَ	اِنۡ	هِىَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنۡيَا	نَمُوۡتُ	وَ	نَحۡيَا	وَمَا	نَحۡنُ
وعدہ دیے جاتے ہو	نہیں	وہ	مگر	ہماری زندگی	دنیا کی	ہم مرتے ہیں	اور	جیتے ہیں	اور نہیں	ہم

وعدہ کیا جاتا ہے۔ زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے۔ ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم دوبارہ نہیں

بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿۳۷﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحۡنُ لَهٗ

بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ	اِنۡ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلُ	افۡتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّ	مَا	نَحۡنُ	لَهٗ
اٹھائے جائینگے	نہیں	وہ	مگر	ایک مرد ہے کہ	باندھا اس نے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اور	نہیں	ہم	اس پر

اٹھائے جائیں گے۔ یہ تو شخص ایسا شخص جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور ہم (اس کی) بات

بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيۡلٍ

بِمُؤۡمِنِيۡنَ	قَالَ	رَبِّ	انۡصُرۡنِىۡ	بِمَا	كَذَّبُوۡنِ	قَالَ	عَمَّا	قَلِيۡلٍ
ایمان لانیوالے	کہا	اے میرے رب	مدد کر میری	جو	انہوں نے مجھے جھٹلایا	فرمایا	تھوڑی	مدت کے بعد

ماننے والے نہیں ہیں۔ پیغمبر نے عرض کی: میرے رب! میری مدد کر کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ فرمایا: تھوڑا سا وقت

لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

لَّيُصْبِحُنَّ	نٰدِمِيْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	بِالْحَقِّ	فَجَعَلْنٰهُمْ
ہو جائینگے	افسوس کرنے والے	تو پکڑا ان کو	چنگھاڑ نے	حق کے ساتھ	تو کر دیا ہم نے انکو

ہے اور وہ ضرور پچھتا کے رہ جائیں گے۔ پس انہیں ہمارے سچے وعدہ کے مطابق خوفناک آواز نے پکڑ لیا تو ہم نے

غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

غُثَآءً	فَبُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	ثُمَّ	اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	قُرُوْنًا
کوڑا	تو دوری ہے	قوم	ظالم کو	پھر	پیدا کیے ہم نے	ان کے پیچھے	زمانے

انہیں خس و خاشاک بنا دیا تو ظالم لوگ دور ہو جائیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے اور کئی جماعتیں

اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ

اٰخَرِيْنَ	مَا	تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ	اَجَلَهَا	وَ	مَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ	ثُمَّ
دوسرے	نہیں	آگے بڑھتی	کوئی امت	اپنی مدت سے	اور	نہیں	پیچھے رہتے	پھر

پیدا کیں۔ کوئی اُمت اپنی میعاد سے نہ پہلے جائے نہ پیچھے رہے۔ پھر ہم نے

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	تَتْرَا	كُلَّمَا	جَآءَ	اُمَّةً	رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ	فَاَتْبَعْنَا
بھیجے ہم نے	اپنے رسول	پے درپے	جب بھی	آیا	کسی امت کے پاس	اس کا رسول تو جھٹلایا اسکو	تو پیچھے لگائے ہم نے

اپنے رسول بھیجے ایک کے پیچھے دوسرا جب کسی اُمت کے پاس رسول آیا لوگوں نے اسے جھٹلایا تو ہم بھی ان میں سے بعض کو بعض

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ

بَعْضَهُمْ	بَعْضًا	وَّجَعَلْنٰهُمْ	اَحَادِيْثَ	فَبُعْدًا	لِّقَوْمٍ	لَّا	يُؤْمِنُوْنَ	ثُمَّ
ان کے بعض	بعض کے	کر ڈالا ہم نے ان کو	داستانیں	تو دوری ہے	اس قوم کو جو	نہیں	ایمان لاتے	پھر

کے پیچھے ہلاک در ہلاک کرتے چلے گئے اور انہیں داستانیں بناڈالا تو پھر دوری ہے اُس قوم کے لیے جو کہ ایمان نہیں لاتے۔ پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٥﴾ اِلٰى

اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	وَ	اَخَاهُ	هٰرُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى
بھیجا ہم نے	موسیٰ	اور	اسکے بھائی	ہارون کو	اپنی آیتوں	اور	سند	روشن کے ساتھ	طرف

ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا۔ فرعون اور اس

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿٤٦﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ	فَاسْتَكْبَرُوْا	وَ	كَانُوْا	قَوْمًا	عَالِيْنَ	فَقَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ
فرعون کے	اور	اسکے سرداروں کے	تو تکبر کیا انہوں نے	اور	تھے وہ	قوم	غلبہ کرنے والی	تو بولے	کیا ایمان لائیں ہم

کے سرداروں کی طرف مگر انہوں نے تکبر کیا کہ وہ بڑے سرکش لوگ تھے۔ تو کہنے لگے کیا ہم اپنے جیسے دو بشروں

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا

لِبَشَرَيْنِ	مِثْلِنَا	وَقَوْمُهُمَا	لَنَا	عٰبِدُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُمَا	فَكَانُوْا
دو آدمیوں کیلئے	اپنے جیسوں پر	اور ان کی قوم	ہماری	غلامی کرنے والے ہیں	تو جھٹلایا انہوں انکو	تو ہو گئے

پر ایمان لائیں حالانکہ ان کے لوگ ہماری بندگی کرتے ہیں۔ پس انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو فرعون اور آل فرعون ہلاک

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ
ہلاک ہونے والوں سے	اور	بیشک	دی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب	تا کہ	وہ راہ پائیں

کیے ہوئے لوگوں میں سے ہو گئے۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی تا کہ بنی اسرائیل کے لوگ سیدھے راستے پر چلیں۔

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ ع

ع ١٨ ٣

وَ	جَعَلْنَا	ابْنَ مَرْيَمَ	وَ	اُمَّهٗٓ	اٰيَةً	وَّاٰوَيْنٰهُمَآ	اِلٰى	رَبْوَةٍ	ذَاتِ قَرَارٍ	وَّ	مَعِيْنٍ
اور	کیا ہم نے	مریم کے بیٹے کو	اور	اسکی ماں کو	نشانی	اور جگہ دی ہم نے انکو	طرف	ٹیلے کی	جو ٹھہرنے کی جگہ تھی	اور	چشموں والی

اور ہم نے مریم اور اس کے بیٹے کو نشانی بنا دیا اور انہیں ٹھکانا دیا ایک بلند زمین جو سکون کی جگہ اور نگاہ کے سامنے بہتا پانی۔

يٰاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا

يٰاَيُّهَا	الرُّسُلُ	كُلُوْا	مِنَ الطَّيِّبٰتِ	وَ	اعْمَلُوْا	صَالِحًا	اِنِّيْ	بِمَا
اے	رسولو!	کھاؤ	پاکیزہ چیزیں	اور	عمل کرو	نیک	بیشک میں	اسے جو

اے پیغمبرو! حلال چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو تم جو کچھ کر رہے ہو اس سے میں

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ

تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	وَ	اِنَّ	هٰذِهٖ	اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّاَنَا	رَبُّكُمْ
کرتے ہو تم	خبردار ہوں	اور	بیشک	یہ	تمہاری امت	امت ہے	ایک	اور میں	تمہارا رب ہوں

بخوبی واقف ہوں۔ اور تمہاری یہ اُمت ایک ہی اُمت ہے اور میں تمہارا رب ہوں پس

فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ

فَاتَّقُوْنِ	فَتَقَطَّعُوْۤا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ	زُبُرًا	كُلُّ	حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ
تو مجھ سے ڈرو	تو ٹکڑے کر ڈالا انہوں نے	اپنے کام کے	آپس میں	الگ الگ	ہر	گروہ	جو	اسکے پاس ہے

مجھ سے ڈرتے رہو۔ تو لوگوں نے اپنے امرِ دین کو آپس میں کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہر گروہ کے لوگ جو کچھ ان کے پاس

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا

فَرِحُوْنَ	فَذَرْهُمْ	فِيْ	غَمْرَتِهِمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	اَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّمَا
خوش ہے	تو چھوڑ دو ان کو	میں	ان کی مستی	ایک	وقت تک	کیا خیال کرتے ہیں	بیشک

ہے وہ اس پر مطمئن ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ!) ان (کے کفر) کی غفلت میں آپ انہیں چھوڑ دیں ایک (معین) وقت تک۔ کیا وہ سمجھتے ہیں

نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ

نُمِدُّهُمْ	بِهٖ	مِنْ مَّالٍ	وَّ	بَنِيْنَ	نُسَارِعُ	لَهُمْ	فِي	الْخَيْرٰتِ	بَلْ
ہم مدد دیتے ہیں انکو	اسکے ساتھ	مال	اور	بیٹوں سے	جلدی کرتے ہیں ہم	انکے لیے	میں	بھلائیوں	بلکہ

کہ یقیناً ہم اُنہیں مال اور بیٹوں سے مدد دے رہے ہیں؟ ہم اُنہیں بھلائیاں دینے میں سرگرمِ عمل ہیں۔ بلکہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾

مُّشْفِقُوْنَ	رَبِّهِمْ	مِّنْ خَشْيَةِ	هُمْ	الَّذِيْنَ	اِنَّ	يَشْعُرُوْنَ	لَا
سہمے رہتے ہیں	اپنے رب کے	ڈر سے	کہ وہ	وہ لوگ	بیشک	سمجھتے	نہیں

وہ شعور نہیں رکھتے۔ البتہ وہ لوگ جو اپنے رب کے ڈر سے سہمے رہتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

بِرَبِّهِمْ	هُمْ	الَّذِيْنَ	وَ	يُؤْمِنُوْنَ	رَبِّهِمْ	بِاٰيٰتِ	هُمْ	الَّذِيْنَ	وَ
اپنے رب کے ساتھ	وہ	وہ جو کہ	اور	ایمان لاتے ہیں	اپنے رب کی	آیتوں پر	وہ	وہ لوگ جو کہ	اور

اور جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو اپنے رب کے ساتھ (کسی کو)

لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ

رَبِّهِمْ	اِلٰى	اَنَّهُمْ	وَجِلَةٌ	قُلُوْبُهُمْ	وَّ	اٰتَوْا	مَآ	يُؤْتُوْنَ	الَّذِيْنَ	وَ	لَا يُشْرِكُوْنَ
اپنے رب کی	طرف	بیشک وہ	ڈرتے ہیں	ان کے دل	اور	دیتے ہیں	جو	دیتے ہیں	وہ جو کہ	اور	شریک نہیں کرتے

شریک نہیں ٹھہراتے۔ اور وہ جو کچھ دیتے ہیں اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل لرزتے جاتے ہیں اس لئے کہ وہ اپنے رب

رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾

سٰبِقُوْنَ	لَهَا	هُمْ	وَ	فِى الْخَيْرٰتِ	يُسٰرِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	رٰجِعُوْنَ
آگے بڑھنے والے ہیں	اسکے لیے	وہ	اور	نیکیوں میں	دوڑتے ہیں	یہ لوگ	لوٹنے والے ہیں

کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ یہ لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی کہ سب سے پہلے انہیں پہنچے۔

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ

هُمْ	وَ	بِالْحَقِّ	يَّنْطِقُ	كِتٰبٌ	وَلَدَيْنَا	وُسْعَهَا	اِلَّا	نَفْسًا	نُكَلِّفُ	وَلَا
وہ	اور	حق کے ساتھ	جو بولتی ہے	کتاب ہے	اور ہمارے پاس	اسکی طاقت بھر	مگر	کسی جان کو	تکلیف دیتے ہم	اور نہیں

اور ہم کسی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو حق کے

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ

لَا	يُظْلَمُوْنَ	بَلْ	قُلُوْبُهُمْ	فِيْ غَمْرَةٍ	مِّنْ هٰذَا	وَ	لَهُمْ	اَعْمَالٌ	مِّنْ دُوْنِ
نہیں	ظلم کیے جائینگے	بلکہ	ان کے دل	غفلت میں ہیں	اس سے	اور	انکے لیے	کام ہیں	سوا

ساتھ بتادے گی۔ اور لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ان کے دل اس بارے میں غفلت میں ہیں اور ان کے پاس اس

ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا

ذٰلِكَ	هُمْ	لَهَا	عٰمِلُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَخَذْنَا	مُتْرَفِيْهِمْ	بِالْعَذَابِ	اِذَا
اس کے	وہ	ان کو	کرنے والے ہیں	یہاں تک کہ	جب	پکڑا ہم نے	ان کے امیروں کو	عذاب میں	تو جبھی

کے علاوہ بھی کام ہیں جن میں وہ لگے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے تو

هُمْ يَجْــَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْــَٔرُوا الْيَوْمَ قف اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ

هُمْ	يَجْــَٔرُوْنَ	لَا تَجْــَٔرُوا	الْيَوْمَ	اِنَّكُمْ	مِّنَّا	لَا	تُنْصَرُوْنَ	قَدْ
وہ	تو وہ فریاد کرنے لگے	فریاد مت کرو	آج کے دن	بیشک تم	ہم سے	نہ	مدد کیے جاؤ گے	بیشک

وہ فریاد کرنے لگیں گے۔ (ان سے کہا جائے گا) آج فریاد نہ کرو یقیناً ہماری طرف سے تمہاری (کوئی) مدد نہ کی جائے گی۔ بے شک

كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ لا

كَانَتْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فَكُنْتُمْ	عَلٰٓى	اَعْقَابِكُمْ	تَنْكِصُوْنَ
تھیں	میری آیتیں	پڑھی جاتیں	تم پر	تو تھے تم	اوپر	اپنی ایڑیوں کے	پھر جاتے

میری آیتیں تم پر پڑھی جاتیں تھیں تو تم اپنی ایڑیوں کے بل اُلٹے (پاؤں) بھاگ جاتے تھے۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ

مُسْتَكْبِرِيْنَ	بِهٖ	سٰمِرًا	تَهْجُرُوْنَ	اَفَلَمْ	يَدَّبَّرُوا	الْقَوْلَ	اَمْ	جَآءَهُمْ
تکبر کرتے ہوئے	اسکے ساتھ	رات کو	بیہودہ کہانیاں بکتے	کیا نہ	غور کیا انہوں نے	بات پر	یا	آیا انکے پاس

تکبر کرنے والے بن کر اور اس پر باتیں بناتے ہوئے تم اسے چھوڑ دیتے تھے۔ کیا اُن لوگوں نے اس کلام پر

مَا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ

لَهٗ	فَهُمْ	رَسُوْلَهُمْ	يَعْرِفُوْا	لَمْ	اَمْ	الْاَوَّلِيْنَ	اٰبَآءَهُمُ	يَاْتِ	لَمْ	مَا
اس کے	تو وہ	اپنے رسول کو	پہچانا انہوں نے	نہ	یا	پہلوں پر	انکے باپ دادا	آیا	نہ	جو

غور نہیں کیا؟ کیا ان کے پاس وہ آیا جو انکے باپ دادا کے پاس آیا کیا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا اس لئے

مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ

اَكْثَرُهُمْ	وَ	بِالْحَقِّ	جَآءَهُمْ	بَلْ	جِنَّةٌ	بِهٖ	يَقُوْلُوْنَ	اَمْ	مُنْكِرُوْنَ
اکثر انکے	اور	حق	آیا ان کے پاس	بلکہ	دیوانگی ہے	اس کو	کہتے ہیں کہ	کیا	منکر ہیں

اس کا انکار کر رہے ہیں؟ کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے؟ نہیں وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں

لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ

السَّمٰوٰتُ	لَفَسَدَتِ	اَهْوَآءَهُمْ	الْحَقُّ	لَوِ اتَّبَعَ	وَ	كٰرِهُوْنَ	لِلْحَقِّ
آسمان	تو بگڑ جائیں	ان کی خواہشوں کی	حق	اگر پیروی کرے	اور	ناپسند کرتے ہیں	حق کو

اور ان میں سے اکثر حق کو ناپسند کرتے ہیں۔ اور اگر حق ان کی خواہشوں کی پیروی کرتا تو یقیناً سب آسمان

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

عَنْ ذِكْرِهِمْ	فَهُمْ	بِذِكْرِهِمْ	اَتَيْنٰهُمْ	بَلْ	فِيْهِنَّ	مَنْ	وَ	وَالْاَرْضُ
ناموری اپنی سے	تو وہ	ناموری ان کی	لائے ہم انکے پاس	بلکہ	ان میں ہے	جو	اور	اور زمین

اور زمینیں اور جو (بھی) ان میں ہیں ہلاک ہو جاتے بلکہ ہم تو ان کے پاس ان کیلئے نصیحت لائے تو وہ نصیحت

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ

خَيْرُ	هُوَ	وَّ	خَيْرٌ	رَبِّكَ	فَخَرَاجُ	خَرْجًا	تَسْـَٔلُهُمْ	اَمْ	مُّعْرِضُوْنَ
بہتر ہے	وہ	اور	بہتر ہے	آپ کے رب کا	تو اجر	اجرت	مانگتے ہو ان سے	کیا	منہ پھیرتے ہیں

ہی سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ کیا آپ ان سے کچھ اجر مانگتے ہیں؟ تو آپ کے رب کا اجر سب سے اچھا ہے اور وہ سب سے بہتر

الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ اِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَ اِنَّ

اِنَّ	وَ	مُّسْتَقِيْمٍ	صِرَاطٍ	اِلٰى	لَتَدْعُوْهُمْ	اِنَّكَ	وَ	الرّٰزِقِيْنَ
بیشک	اور	سیدھی کے	راہ	طرف	بلاتے ہو ان کو یقیناً	بیشک تم	اور	رزق دینے والا

روزی دینے والا ہے۔ اور بے شک آپ سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہو۔ اور بے شک

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَ لَوْ رَحِمْنٰهُمْ

رَحِمْنٰهُمْ	لَوْ	وَ	لَنٰكِبُوْنَ	عَنِ الصِّرَاطِ	بِالْاٰخِرَةِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ
ہم رحم کریں ان پر	اگر	اور	پھر جاتے ہیں	وہ راہ سے	قیامت پر	ایمان نہیں لاتے	وہ لوگ جو

جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ضرور سیدھی راہ سے دور ہٹنے والے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر رحم کرتے

وَ كَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَ لَقَدْ

لَقَدْ	وَ	يَعْمَهُوْنَ	طُغْيَانِهِمْ	فِيْ	لَّلَجُّوْا	مِّنْ ضُرٍّ	بِهِمْ	مَا	كَشَفْنَا	وَ
بیشک	اور	حیران پھرتے ہیں	اپنی سرکشی	میں	تو داخل ہو جائیں	تکلیف ہے	ان کو	جو	دور کریں ہم	اور

اور جو تکلیف انہیں ہے وہ دور کر دیتے تو بھی وہ سرگرداں اپنی سرکشی پر اڑے رہتے۔ اور ہم نے انہیں عذاب میں

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَ مَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى

حَتّٰى	يَتَضَرَّعُوْنَ	مَا	وَ	لِرَبِّهِمْ	اسْتَكَانُوْا	فَمَا	بِالْعَذَابِ	اَخَذْنٰهُمْ
یہاں تک کہ	زاری کی	نہ	اور	اپنے رب کے	جھکے وہ سامنے	تو نہ	عذاب میں	ہم نے پکڑا ان کو

پکڑا بھی تھا پھر بھی وہ اپنے رب کے آگے نہیں جھکے اور نہ یہ عاجزی اختیار کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ

اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَ هُوَ

هُوَ	وَ	مُبْلِسُوْنَ	فِيْهِ	هُمْ	اِذَا	شَدِيْدٍ	ذَا عَذَابٍ	بَابًا	عَلَيْهِمْ	فَتَحْنَا	اِذَا
وہ	اور	ناامید تھے	اس میں	وہ	جبھی	سخت کا	عذاب	دروازہ	ان پر	ہم نے کھولا	جب

جب ہم ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اس وقت وہ ناامید ہو کر رہ جائیں گے۔ اور وہی ہے

الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ	قَلِيْلًا	مَّا	تَشْكُرُوْنَ
وہ ہے جس نے	پیدا کیے	تمہارے لیے	کان	اور	آنکھیں	اور	دل	تھوڑا ہے	جو	شکر کرتے ہو تم

جس نے بنائے تمہارے لئے کان آنکھیں اور دل (مگر) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

وَ	هُوَ	الَّذِيْ	ذَرَاَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	وَ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	يُحْيٖ
اور	وہ	وہ ہے جس نے	پھیلایا تم کو	زمین میں	اور	اسکی طرف	تم اکٹھے کیے جاؤ گے	اور	وہ	وہ ہے جو	زندہ کرتا

اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندگی بخشتا ہے

وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ

وَ	يُمِيْتُ	وَ	لَهُ	اخْتِلَافُ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	بَلْ	قَالُوْا	مِثْلَ
اور	مارتا ہے	اور	اسی کیلئے ہے	تبدیلی	رات	اور دن کی	کیا پھر نہیں	سوچتے تم	بلکہ	کہنے لگے	مثل

اور موت دیتا ہے۔ اور اُسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا بدلنا۔ کیا پھر تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ بلکہ انہوں نے ویسی ہی

مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

مَا	قَالَ	الْاَوَّلُوْنَ	قَالُوْٓا	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا
اسکی جو	کہا	پہلوں نے	کہنے لگے	کیا جب	ہم مر جائیں گے	اور	ہو جائینگے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا ہم

بات کہہ دی جیسی پہلے لوگوں نے کہی تھی۔ انہوں نے کہا کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

لَمَبْعُوْثُوْنَ	لَقَدْ	وُعِدْنَا	نَحْنُ	وَاٰبَآؤُنَا	هٰذَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ
اٹھائے جائینگے	بیشک	وعدہ دیے گئے ہیں	ہم	اور ہمارے باپ دادا	اس کا	پہلے سے	نہیں	یہ	مگر

دوبارہ اٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ اس سے پہلے ہم سے بھی کیا گیا اور ہمارے باپ دادا سے بھی۔ یہ محض

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	قُلْ	لِّمَنِ	الْاَرْضُ	وَ	مَنْ	فِيْهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ
داستانیں ہیں	پہلوں کی	فرمادو	کس کی ہے	زمین	اور	جو	اس میں ہے	اگر	ہوتم

پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) آپ فرمادیجئے کس کی ملک ہے زمین اور جو کچھ اس میں ہے (بتاؤ)

تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ

تَعْلَمُوْنَ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ	قُلْ	مَنْ	رَّبُّ
پرہیزگاروں کا امام بنادے۔ ان لوگوں کو ان کے صبر کے بدلے بالا خانے ملیں گے اور وہاں زندگی کی دعا اور سلامتی

تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾ قُلْ

تَحِيَّةً	وَّ	سَلٰمًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	حَسُنَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَّ	مُقَامًا	قُلْ
تحفے	اور	سلام	ہمیشہ رہیں	اس میں	اچھا ہے	ٹھکانا	اور	جگہ	فرمادو

سے ان کا استقبال ہوگا۔ اور وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے کیا ہی اچھی ہوگی ٹھہرنے اور رہنے کی وہ جگہ۔ فرمادیجئے میرے رب

مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾ ع

مَا	يَعْبَؤُا	بِكُمْ	رَبِّيْ	لَوْلَا	دُعَاۗؤُكُمْ	فَقَدْ	كَذَّبْتُمْ	فَسَوْفَ	يَكُوْنُ	لِزَامًا
نہیں	پرواہ کرتا	تمہاری	میرا رب	اگر نہ ہوا	تمہاری پکار	تو بیشک	تم نے جھٹلایا	تو جلدی ہو	جائے گا	چمٹنے والا

کو تمہاری کوئی پروا نہیں اگر تم اس کی عبادت نہ کرو پھر بے شک تم نے جھٹلایا تو اب عذاب (ہمیشہ کیلئے تم پر) لازم رہے گا۔

ایاتها ۲۲۷ — ۲۶ سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ ۴۷ — رکوعاتها ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا

طٰسٓمّٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	لَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	اَلَّا
	یہ	آیتیں ہیں	کتاب	روشن کی	شائد آپ	ہلاک کرنے والے ہیں	اپنی جان کو	یہ کہ نہیں

طٰسٓمّٓ یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی۔ اے حبیب کبریا ﷺ شاید آپ (اس غم میں) اپنی جان (عزیز) ہی

المنزل ۵

يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٣﴾ إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ

فَظَلَّتْ	آيَةً	مِّنَ السَّمَاءِ	عَلَيْهِم	نُنَزِّلْ	نَّشَأْ	إِن	مُؤْمِنِينَ	يَكُونُوا
ہو جائیں	ایسی نشانی کہ	آسمان سے	ان پر	اتاریں	ہم چاہیں تو	اگر	ایمان لانے والے	ہوئے وہ

ہوئے وہ ایمان لانے والے نہیں ہوتے۔ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اُتار دیں جس کے

أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ ﴿٤﴾ وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ

مِّنَ الرَّحْمَٰنِ	مِّن ذِكْرٍ	يَأْتِيهِم	مَا	وَ	خَاضِعِينَ	لَهَا	أَعْنَاقُهُمْ
رحمٰن سے	کوئی ذکر	آتا انکے پاس	نہیں	اور	جھکنے والی	اس کیلئے	ان کی گردنیں

سامنے ان کی گردنیں جھک کر رہ جائیں۔ اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی نصیحت

مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ ﴿٥﴾ فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ

أَنبَاءُ	فَسَيَأْتِيهِمْ	كَذَّبُوا	فَقَدْ	مُعْرِضِينَ	عَنْهُ	كَانُوا	إِلَّا	مُحْدَثٍ
خبریں	تو جلدی آئینگی انکے پاس	جھٹلا چکے	تو بیشک	منہ پھیرنے والے	اس سے	ہوتے ہیں	مگر	نیا

نہیں آتی مگر وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ تو بے شک انہوں نے جھٹلایا تو عنقریب ان کے پاس اس چیز کی

مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا

فِيهَا	أَنبَتْنَا	كَمْ	الْأَرْضِ	إِلَى	يَرَوْا	أَوَلَمْ	يَسْتَهْزِئُونَ	بِهِ	كَانُوا	مَا
اس میں	اگائے ہم نے	کتنے	زمین کی	طرف	دیکھا انہوں نے	کیا نہ	ٹھٹھا کرتے	اس کو	تھے	اسکی جو

خبریں آ جائیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کو نہ دیکھا ہم نے اس میں ہر قسم کی عمدہ

مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿٧﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾

مُّؤْمِنِينَ	أَكْثَرُهُم	كَانَ	مَا	وَ	لَآيَةً	فِي ذَٰلِكَ	إِنَّ	كَرِيمٍ	زَوْجٍ	مِن كُلِّ
ایمان لانے والے	اکثر ان کے	ہیں	نہیں	اور	نشان ہیں	اس میں	بیشک	اچھے	جوڑے	ہر طرح کے

نباتات اُگائی ہیں۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٩﴾ ع وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ

وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	وَ	اِذْ	نَادٰى	رَبُّكَ	مُوْسٰى	اَنِ	ائْتِ
اور	بیشک	تمہارا رب	وہی ہے	عزت والا	رحم والا	اور	جب	پکارا	تمہارے رب نے	موسیٰ کو	یہ کہ	جا

اور بے شک تمہارا رب ہی غالب اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور جب تمہارے رب نے موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی کہ تم

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ

الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	قَوْمَ	فِرْعَوْنَ	اَلَا	يَتَّقُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	اَخَافُ
قوم	ظالم کے پاس	قوم	فرعون کی	کیا نہیں	ڈرتے تم	بولا	اے میرے رب	بیشک میں	ڈرتا ہوں

ظالم قوم کے پاس جاؤ۔ فرعون کی قوم کے پاس کیا وہ ڈرتے نہیں؟ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! مجھے خوف

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿١٢﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى

اَنْ	يُّكَذِّبُوْنِ	وَ	يَضِيْقُ	صَدْرِيْ	وَ	لَا	يَنْطَلِقُ	لِسَانِيْ	فَاَرْسِلْ	اِلٰى
یہ کہ	مجھے جھٹلائیں	اور	تنگ ہوتا ہے	میرا سینہ	اور	نہیں	چلتی	میری زبان	تو بھیج	طرف

ہے کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے۔ اور میرا سینہ تنگ ہوتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی تو تُو ہارون علیہ السلام کو بھی

هٰرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿١٤﴾ ج قَالَ كَلَّا ج فَاذْهَبَا

هٰرُوْنَ	وَ	لَهُمْ	عَلَيَّ	ذَنْبٌ	فَاَخَافُ	اَنْ	يَّقْتُلُوْنِ	قَالَ	كَلَّا	فَاذْهَبَا
ہارون کی	اور	ان کا	مجھ پر	الزام ہے	تو میں ڈرتا ہوں	یہ کہ	مجھے قتل کریں گے	فرمایا	ہرگز نہیں	جاؤ

رسالت عطا کردے۔ اور ان کا مجھ پر ایک الزام ہے تو میں ڈرتا ہوں کہیں مجھے قتل نہ کردیں۔ فرمایا ہرگز نہیں، تم دونوں ہماری

بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿١٥﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ

بِاٰيٰتِنَآ	اِنَّا	مَعَكُمْ	مُّسْتَمِعُوْنَ	فَاْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُوْلَآ	اِنَّا	رَسُوْلُ	رَبِّ
ہماری آیتیں لے کر	ہم	تمہارے ساتھ ہیں	سنتے ہیں	تو جاؤ	فرعون کے پاس	تو کہو	بیشک ہم	رسول ہیں	رب

نشانیاں لے کر جاؤ، ہم تمہارے ساتھ ہیں اور (سب کچھ) سنتے ہیں۔ پھر تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ۔ پھر تم دونوں کہو: "یقیناً ہم کائنات

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا

الْعٰلَمِيْنَ	اَنْ	اَرْسِلْ	مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	قَالَ	اَلَمْ	نُرَبِّكَ	فِيْنَا
جہانوں کے	یہ کہ	بھیج	ہمارے ساتھ	اولاد اسرائیل کو	بولا	کیا نہیں	پالا تجھ کو	اپنے گھر میں

کے رب کے رسول ہیں۔ کہ بنی اسرائیل کو (آزادی دے کر) ہمارے ساتھ بھیج دے۔ فرعون نے کہا (اے موسیٰ علیہ السلام!) کیا

وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ

وَلِيْدًا	وَ	لَبِثْتَ	فِيْنَا	مِنْ عُمُرِكَ	سِنِيْنَ	وَ	فَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِيْ
بچپن میں	اور	رہا تو	ہمارے اندر	اپنی عمر کے	کئی سال	اور	کیا تو نے	وہ کام	جو

ہم نے تمہارے بچپن میں تمہیں اپنے یہاں پالا نہ تھا اور تم نے ہمارے درمیان اپنی عمر کے کئی سال گزارے۔ پھر تو اپنا وہ کام کر گیا جو کر گیا

فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٢٠﴾

فَعَلْتَ	وَ	اَنْتَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	قَالَ	فَعَلْتُهَآ	اِذًا	وَ	اَنَا	مِنَ الضَّآلِّيْنَ
تو نے کیا	اور	تو ہے	ناشکروں سے	فرمایا	میں نے کیا تھا	اس وقت	اور	مجھے	کہ راہ کی خبر نہیں تھی

اور تو ناشکروں میں ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جب میں نے وہ کام کیا میں بے خبر تھا۔

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ

فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا	خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ	لِيْ	رَبِّيْ	حُكْمًا	وَّجَعَلَنِيْ
تو میں بھاگ گیا	تم میں سے	جب	میں تم سے ڈرا	تو دیدیا	مجھے	میرے رب نے	حکم	اور بنایا مجھے

پھر میں تمہارے دائرہ اختیار سے نکل گیا جب میں تمہارے (ارادوں) سے خوف زدہ ہوا پھر میرے رب نے مجھے (علم و)

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	وَ	تِلْكَ	نِعْمَةٌ	تَمُنُّهَا	عَلَيَّ	اَنْ	عَبَّدْتَّ
پیغمبروں سے	اور	یہ	نعمت ہے	کہ تو احسان رکھتا ہے	مجھ پر	یہ کہ	تو نے غلام بنایا

حکمت دی اور مجھے رسول بنایا۔ مگر یہ ہے وہ نعمت جس کا تو مجھے احسان جتلاتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ﴿ؕ۲۲﴾ قَالَ فِرۡعَوۡنُ وَ مَا رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿ؕ۲۳﴾ قَالَ رَبُّ

بَنِیۡۤ	اِسۡرَآءِیۡلَ	قَالَ	فِرۡعَوۡنُ	وَ	مَا	رَبُّ	الۡعٰلَمِیۡنَ	قَالَ	رَبُّ
اولاد	یعقوب کو	کہا	فرعون نے	اور	کون ہے	رب	جہانوں کا	فرمایا	رب

کو غلام بنا رکھا ہے۔ فرعون نے کہا اور کیا ہے رب العالمین۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا (وہ) رب ہے

السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَہُمَا ؕ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنۡ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ	وَمَا	بَیۡنَہُمَا	اِنۡ	کُنۡتُمۡ	مُّوۡقِنِیۡنَ	قَالَ	لِمَنۡ
آسمانوں	اور	زمین کا	اور جو	انکے درمیان ہے	اگر	ہو تم	یقین کرنے والے	بولا	ان سے

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اپنے آس پاس والوں سے بولا

حَوۡلَہٗۤ اَلَا تَسۡتَمِعُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّکُمۡ وَ رَبُّ اٰبَآئِکُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ

حَوۡلَہٗۤ	اَلَا	تَسۡتَمِعُوۡنَ	قَالَ	رَبُّکُمۡ	وَرَبُّ	اٰبَآئِکُمُ	الۡاَوَّلِیۡنَ	قَالَ	اِنَّ
جو اسکے اردگرد تھے	کیا نہیں	تم سنتے	فرمایا	رب تمہارا	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلوں کا	بولا	بیشک

کیا تم غور سے سنتے نہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (وہی) تمہارا (بھی) رب اور تمہارے پہلے باپ داداؤں کا۔ وہ بولا بے

رَسُوۡلَکُمُ الَّذِیۡۤ اُرۡسِلَ اِلَیۡکُمۡ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ

رَسُوۡلَکُمُ	الَّذِیۡۤ	اُرۡسِلَ	اِلَیۡکُمۡ	لَمَجۡنُوۡنٌ	قَالَ	رَبُّ	الۡمَشۡرِقِ
تمہارا رسول	وہ جو	بھیجا گیا	طرف تمہاری	یقیناً دیوانہ ہے	فرمایا	رب	مشرق کا

شک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے دیوانہ ہے۔ اس نے کہا مشرق اور مغرب اور جو کچھ بھی ان کے

وَ الۡمَغۡرِبِ وَ مَا بَیۡنَہُمَا ؕ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذۡتَ اِلٰـہًا

وَ	الۡمَغۡرِبِ	وَ	مَا	بَیۡنَہُمَا	اِنۡ	کُنۡتُمۡ	تَعۡقِلُوۡنَ	قَالَ	لَئِنِ	اتَّخَذۡتَ	اِلٰـہًا
اور	مغرب کا	اور	جو	انکے درمیان ہے	اگر	ہو تم	سمجھتے	بولا	اگر	پکڑا تو نے	کوئی خدا

درمیان ہے ان کا رب ہے اگر تم عقل رکھتے ہو۔ (فرعون) بولا (اے موسیٰ علیہ السلام!) اگر تم نے میرے سوا کسی دوسرے کو معبود

غَيْرِىْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَیْءٍ

بِشَیْءٍ	جِئْتُكَ	اَوَلَوْ	قَالَ	مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ	لَاَجْعَلَنَّكَ	غَيْرِىْ
کوئی دلیل	لاؤں تیرے پاس	کیا اگرچہ	فرمایا	قیدیوں میں سے	تو کردوں گا میں تجھے	میرے سوا

بنایا تو میں ضرور تمہیں قیدیوں میں شامل کر دوں گا۔ (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا اگرچہ میں تیرے پاس کوئی روشن

مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا

فَاِذَا	عَصَاهُ	فَاَلْقٰى	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ	كُنْتَ	اِنْ	بِهٖۤ	فَاْتِ	قَالَ	مُّبِيْنٍ
تو جبھی	اپنی لاٹھی کو	تو ڈالا	سچے لوگوں سے	ہے تو	اگر	وہ	لا	بولا	روشن

چیز (بھی) لے آؤں؟ کہا تو لاؤ اگر سچے ہو۔ تو آپ نے (اسی وقت) اپنا عصا زمین پر ڈال دیا جو

هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۳۲﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِیَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ

قَالَ	لِلنّٰظِرِيْنَ	بَيْضَآءُ	هِیَ	فَاِذَا	يَدَهٗ	نَزَعَ	وَ	مُّبِيْنٌ	ثُعْبَانٌ	هِیَ
بولا	دیکھنے والوں کیلئے	سفید تھا	وہ	تو اچانک	اپنا ہاتھ	کھینچا	اور	ظاہر	اژدہا تھا	وہ

اچانک کھلم کھلا (زبردست) اژدھا بن گیا۔ اور اپنا ہاتھ نکالا تو وہ دیکھنے والوں کیلئے سفید چمکنے والا ہو گیا۔ فرعون اپنے اردگرد

لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

مِّنْ اَرْضِكُمْ	يُّخْرِجَكُمْ	اَنْ	يُّرِيْدُ	عَلِيْمٌ	لَسٰحِرٌ	هٰذَا	اِنَّ	حَوْلَهٗ	لِلْمَلَاِ
تمہاری زمین سے	نکالے تم کو	یہ کہ	چاہتا ہے	جاننے والا	جادوگر ہے	یہ	بیشک	جو اسکے اردگرد تھے	سرداروں سے

سرداروں سے کہنے لگا یہ تو یقیناً ایک ماہر جادوگر ہے۔ اپنے جادو کے ذریعہ تمہارے ملک سے تمہیں نکالنا

بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِی الْمَدَآئِنِ

فِی الْمَدَآئِنِ	وَابْعَثْ	اَخَاهُ	وَ	اَرْجِهْ	قَالُوْۤا	تَاْمُرُوْنَ	فَمَاذَا	بِسِحْرِهٖ
شہروں میں	اور بھیج	اسکے بھائی کو	اور	مہلت دے اس کو	بولے	فیصلہ کرتے ہو	تو کیا	اپنے جادو سے

چاہتے ہیں تو (اب) تم کیا مشورہ دیتے ہو۔ وہ بولے انہیں اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو روکے رہو اور (اپنے ملک کے) شہروں

حٰشِرِیْنَ ﴿۳۶﴾ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

حٰشِرِیْنَ	یَاْتُوْكَ	بِكُلِّ	سَحَّارٍ	عَلِیْمٍ	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ
اکٹھا کرنے والے	لائیں تیرے پاس	ہر ایک	بڑے جادوگر	دانا کو	تو جمع کیے گئے	جادوگر

میں (جادوگروں کو) جمع کرنے والے (آدمی) بھیج دو۔ وہ ہر ماہر جادوگر کو تیرے پاس لے آئیں۔ تو جمع کیے گئے جادوگر ایک مقرر

لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِیْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا

لِمِیْقَاتِ	یَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَّقِیْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ	لَعَلَّنَا
وقت	دن	مقرر کے	اور کہا گیا	لوگوں کو	کیا	تم	اکٹھے ہو گے	تا کہ ہم

دن کے وعدہ پر۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم بھی جمع ہو گے۔ تا کہ ہم جادوگروں

نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا

نَتَّبِعُ	السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِیْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالُوْا
پیچھے لگیں	جادوگروں کے	اگر	ہوں وہ	وہ	غالب	پھر جب	آئے	جادوگر	بولے

کی پیروی کریں اگر وہی جیت جائیں؟ پھر جادوگر جب آئے تو فرعون سے کہنے لگے

لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا

لِفِرْعَوْنَ	اَئِنَّ	لَنَا	لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِیْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	اِذًا
فرعون سے	کیا بیشک	ہمارے لیے	مزدوری ہو گی	اگر	ہوں	ہم	غالب	کہا	ہاں	اور بیشک تم	اس وقت

کیا ہمیں کچھ مزدوری ملے گی اگر ہم (موسیٰ علیہ السلام پر) غالب آ گئے۔ اس نے کہا ہاں اور اس وقت یقیناً تم ضرور (میرے)

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰى	اَلْقُوْا	مَاۤ	اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ	فَاَلْقَوْا
مقربین میں ہو گے	فرمایا	ان سے	موسیٰ نے	ڈالو	جو	تم	ڈالنے والے ہو	تو ڈالیں انہوں نے

مقربین میں سے ہو جاؤ گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے فرمایا ڈالو جو تمہیں ڈالنا ہے۔ تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں

حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى

فَاَلْقٰى	الْغٰلِبُوْنَ	لَنَحْنُ	اِنَّا	فِرْعَوْنَ	بِعِزَّةِ	قَالُوْا	وَ	وَعِصِيَّهُمْ	حِبَالَهُمْ
تو ڈالا	غالب ہونگے	ہم	بیشک	فرعون کی	قسم عزت	بولے	اور	اور اپنی لاٹھیاں	اپنی رسیاں

ڈالیں اور بولے فرعون کی عزت کی قسم، بیشک ہماری ہی جیت ہے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے

مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ

السَّحَرَةُ	فَاُلْقِىَ	يَاْفِكُوْنَ	مَا	تَلْقَفُ	هِىَ	فَاِذَا	عَصَاهُ	مُوْسٰى
جادوگر	تو ڈالے گئے	وہ بناتے تھے	جو	نگلتا تھا	وہ	تو جبھی	اپنا عصا	موسیٰ نے

اپنا عصا پھینکا تو تب یکایک وہ نگلنے لگا جو جھوٹ وہ گھڑتے تھے۔ اور جادوگر سجدے میں

سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾

هٰرُوْنَ	وَ	مُوْسٰى	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	بِرَبِّ	اٰمَنَّا	قَالُوْٓا	سٰجِدِيْنَ
ہارون کا	اور	موسیٰ	جو رب ہے	جہانوں پر	رب	ہم ایمان لائے	بولے	سجدے میں

گر گئے۔ کہنے لگے ہم رب العٰلمین پر ایمان لائے۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کے رب پر۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِىْ عَلَّمَكُمُ

عَلَّمَكُمُ	الَّذِىْ	لَكَبِيْرُكُمُ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	اٰذَنَ	اَنْ	قَبْلَ	لَهٗ	اٰمَنْتُمْ	قَالَ
سکھایا تمہیں	جس نے	بڑا ہے تمہارا	بیشک وہ	تم کو	اجازت دوں میں	اس کے کہ	پہلے	اس پر	تم ایمان لائے	بولا

فرعون بولا کیا تم اس پر ایمان لائے قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں بے شک وہ تمہارا بڑا ہے

السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

مِّنْ خِلَافٍ	وَاَرْجُلَكُمْ	اَيْدِيَكُمْ	لَاُقَطِّعَنَّ	تَعْلَمُوْنَ	فَلَسَوْفَ	السِّحْرَ
برخلاف	اور تمہارے پاؤں	تمہارے ہاتھ	ضرور کاٹوں گا میں	جانو گے تم	تو جلدی	جادو

جس نے تمہیں جادو سکھایا عنقریب تم جان لو گے مجھے قسم ہے بے شک میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے

وَلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾

وَ	لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قَالُوْا	لَا	ضَيْرَ	اِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ
اور	ضرور سولی دوں گا تم کو	سب کو	بولے	نہیں	کوئی فکر	بیشک ہم	طرف	اپنے رب کی	پھرنے والے ہیں

کٹواؤں گا اور تم سب کو ضرور سولی دوں گا۔ وہ بولے کچھ حرج نہیں ہم اپنے رب کی طرف واپس پلٹنے والے ہیں۔

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾

اِنَّا	نَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَآ	اَنْ	كُنَّآ	اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
بیشک ہم	امید رکھتے ہیں	یہ کہ	بخش دے	ہمیں	ہمارا رب	ہماری خطائیں	یہ کہ	ہوں ہم	پہلے	ایمان والے

ہم خواہش کرتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں ہمارے قصور بخش دے کہ ہم ایمان والوں میں پہلے ہیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ

وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰى	اَنْ	اَسْرِ	بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ	فَاَرْسَلَ
اور وحی کی ہم نے	طرف	موسیٰ کی	یہ کہ	رات کو لے جا	میرے بندوں کو	بیشک تم	تم پیچھا کیے جاؤ گے	تو بھیجے

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ رات کو میرے بندوں کو لے کر چلو یقیناً تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ تو فرعون نے جمع کرنے

فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾

فِرْعَوْنُ	فِى	الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ	قَلِيْلُوْنَ
فرعون نے	میں	شہروں	اکٹھے کرنے والے	بیشک	یہ	جماعت ہے	تھوڑی

والے لوگوں کو شہروں میں بھیج دیا۔ (اس نے کہا) کہ بے شک یہ لوگ (بنی اسرائیل) تھوڑی سی جماعت ہیں۔

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ

وَ	اِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآئِظُوْنَ	وَ	اِنَّا	لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ	فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ جَنّٰتٍ
اور	بیشک وہ	ہمیں	غصہ دلاتے ہیں	اور	ہم	سب	چوکنے ہیں	تو ہم نے انہیں نکالا	باغوں

اور یہ لوگ ہمیں سخت غضبناک کر رہے ہیں۔ اور بے شک ہم سب ساز وسامان کے ساتھ ہیں۔ یوں ہم نے انہیں نکال دیا

وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا

وَّ	عُيُوْنٍ	وَّ	كُنُوْزٍ	وَّ	مَقَامٍ	كَرِيْمٍ	كَذٰلِكَ	وَ	اَوْرَثْنٰهَا
اور	چشموں سے	اور	خزانوں	اور	جگہ	اچھی سے	ایسا ہی ہے	اور	وارث کیلئے اسکا

باغوں اور چشموں سے۔ اور خزانوں اور عمدہ و اعلیٰ مکانوں سے۔ اسی طرح کیا ہم نے اور ان ساز و سامان کا وارث

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ

بَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	فَاَتْبَعُوْهُمْ	مُّشْرِقِيْنَ	فَلَمَّا	تَرَآءَ	الْجَمْعٰنِ	قَالَ
اولاد	یعقوب کو	تو پیچھے لگے ان کے	صبح ہوتے	پھر جب	دیکھ لیا	دونوں نے	کہا

بنی اسرائیل کو کر دیا۔ پھر انہوں نے صبح ہوتے ہی ان کا پیچھا کیا۔ پھر جب دونوں گروہوں کا آمنا سامنا ہوا

اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ

اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى	اِنَّا	لَمُدْرَكُوْنَ	قَالَ	كَلَّا	اِنَّ	مَعِيَ	رَبِّيْ
موسیٰ کے ساتھیوں نے	بیشک ہم	پکڑے گئے	فرمایا موسیٰ نے	ہرگز نہیں	بیشک	میرے ساتھ	میرا رب ہے

موسیٰ علیہ السلام والوں نے کہا یقیناً ہم جکڑ لیے گئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یوں نہیں بے شک میرا رب میرے ساتھ ہے وہ جلد ہی

سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ

سَيَهْدِيْنِ	فَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰٓى	اَنِ	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْبَحْرَ
وہ جلدی راہ دکھائے گا مجھے	تو وحی کی ہم نے	طرف	موسیٰ کی	یہ کہ	مار	اپنا عصا	دریا کو

میری رہنمائی کرے گا۔ سو ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ اپنا عصا سمندر پر مارو

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾

فَانْفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ	فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ	الْعَظِيْمِ	وَاَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْاٰخَرِيْنَ
تو پھٹ گیا	تو ہو گیا	ہر	حصہ	مثل پہاڑ	بڑے کی	اور قریب کیا ہم نے	اس جگہ	دوسروں کو

چنانچہ وہ پھٹ گیا اور ہر حصہ بڑے پہاڑ کی طرح تھا۔ اور دوسروں کو ہم قریب لے آئے۔

وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿٦٦﴾

وَ	اَنْجَیْنَا	مُوْسٰی	وَ	مَنْ	مَّعَهٗۤ	اَجْمَعِیْنَ	ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِیْنَ
اور	نجات دی ہم نے	موسیٰ کو	اور	جو	انکے ساتھ تھے	سب کو	پھر	غرق کیا ہم نے	دوسروں کو

اور ہم نے موسیٰ اور ان کے سب ساتھیوں کو نجات دی۔ پھر دوسروں (فرعون والوں) کو غرق کر دیا۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿٦٧﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِیْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ
بیشک	میں	اس	یقیناً نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	اکثر ان کے	ایمان لانیوالے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہی ہے

بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان والے نہیں تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت

الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِیْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖ

الْعَزِیْزُ	الرَّحِیْمُ	وَاتْلُ	عَلَیْهِمْ	نَبَاَ	اِبْرٰهِیْمَ	اِذْ	قَالَ	لِاَبِیْهِ	وَ	قَوْمِهٖ
عزت والا	رحم کرنے والا	اور پڑھو	ان پر	خبر	ابراہیم کی	جب	کہا اس نے	اپنے باپ	اور	اپنی قوم کو

والا مہربان ہے۔ اور انہیں ابراہیم علیہ السلام کی خبر سناؤ۔ جب اس نے اپنے باپ (چچا آزر) اور اپنی قوم سے کہا

مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِیْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ

مَا	تَعْبُدُوْنَ	قَالُوْا	نَعْبُدُ	اَصْنَامًا	فَنَظَلُّ	لَهَا	عٰكِفِیْنَ	قَالَ	هَلْ
کیا	پوجتے ہو تم	بولے	ہم پوجتے ہیں	بتوں کو	تو ہوتے ہیں	ان پر	دھرنا مارنے والے	فرمایا	کیا

یہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں تو ہم انہی کیلئے (پرستش پر) جم کر بیٹھنے والے ہیں۔ فرمایا کیا وہ تمہاری

یَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾ اَوْ یَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ یَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ

یَسْمَعُوْنَكُمْ	اِذْ تَدْعُوْنَ	اَوْ	یَنْفَعُوْنَكُمْ	اَوْ	یَضُرُّوْنَ	قَالُوْا	بَلْ	وَجَدْنَاۤ
سنتے ہیں وہ تمہاری	جب تم پکارتے ہو	یا	فائدہ دیتے ہیں تم کو	یا	نقصان	بولے	بلکہ	ہم نے پایا

(فریاد) سنتے ہیں؟ جب تم (انہیں) پکارو۔ یا تمہارا کچھ بھلا برا کرتے ہیں۔ وہ بولے اے ابراہیم علیہ السلام ہم نے اپنے

أَبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ

اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	قَالَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَا	كُنْتُمْ	تَعْبُدُوْنَ	اَنْتُمْ
اپنے باپ دادا کو	ایسا ہی	کرتے	فرمایا	کیا دیکھا تم نے	جو	ہو تم	پوجتے	تم

باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیا تم نے غور کیا کہ جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ تم اور تمہارے

وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِيْ

وَ	اٰبَآؤُكُمُ	الْاَقْدَمُوْنَ	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ لِّيْٓ	اِلَّا	رَبَّ	الْعٰلَمِيْنَ	الَّذِيْ
اور	تمہارے باپ دادا	پہلے	تو وہ	دشمن ہیں میرے	مگر	رب	جہانوں کا	وہ جس نے

اگلے آباؤ اجداد۔ تو بلاشبہ وہ میرے دشمن ہیں مگر سب جہانوں کا مالک (وہی میرا کارساز ہے)۔ وہ جس نے مجھے

خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا

خَلَقَنِيْ	فَهُوَ	يَهْدِيْنِ	وَالَّذِيْ	هُوَ	يُطْعِمُنِيْ	وَ	يَسْقِيْنِ	وَ	اِذَا
مجھے پیدا کیا	تو وہی	مجھے راہ دیگا	اور وہ جو	وہ	مجھے کھلاتا ہے	اور	پلاتا ہے	اور	جب

پیدا کیا تو وہ میری رہنمائی فرماتا ہے۔ اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اور جب

مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْٓ

مَرِضْتُ	فَهُوَ	يَشْفِيْنِ	وَ	الَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ	وَ	الَّذِيْٓ
میں بیمار ہوتا ہوں	تو وہ	مجھے شفا دیتا ہے	اور	وہ جو	مجھے وفات دے گا	پھر	زندہ کرے گا	اور	وہ کہ

میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔ اور وہی مجھے موت دے گا پھر مجھے زندہ کرے گا۔ اور وہی ہے جس سے

اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۸۲﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا

اَطْمَعُ	اَنْ	يَّغْفِرَ لِيْ	خَطِيْٓـَٔتِيْ	يَوْمَ	الدِّيْنِ	رَبِّ	هَبْ	لِيْ	حُكْمًا
میں امید رکھتا ہوں	یہ کہ	بخشے گا مجھے	میرے گناہ	دن	قیامت کے	اے میرے رب	دیدے	مجھے	حکم

میں آرزو کرتا ہوں کہ روزِ جزاء کو میری خطائیں بخش دے گا۔ اے میرے رب مجھے دانائی اور حکمت عطا فرما

وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ﴿۸۳﴾ وَ اجۡعَلۡ لِّیۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۸۴﴾

الۡاٰخِرِیۡنَ	فِی	صِدۡقٍ	لِسَانَ	لِّیۡ	وَ اجۡعَلۡ	بِالصّٰلِحِیۡنَ	اَلۡحِقۡنِیۡ	وَّ
پچھلوں کے	میں	سچی	زبان	میرے لیے	اور بنا	نیکوں سے	ملا مجھ کو	اور

اور مجھے صالحین کے ساتھ ملا دے۔ اور میرے لئے میرے بعد آنے والوں میں ذکر جمیل جاری رکھ۔

وَ اجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ وَّرَثَۃِ جَنَّۃِ النَّعِیۡمِ ﴿۸۵﴾ وَ اغۡفِرۡ لِاَبِیۡۤ اِنَّہٗ کَانَ مِنَ الضَّآلِّیۡنَ ﴿۸۶﴾

مِنَ الضَّآلِّیۡنَ	کَانَ	اِنَّہٗ	لِاَبِیۡ	وَ اغۡفِرۡ	النَّعِیۡمِ	جَنَّۃِ	مِنۡ وَّرَثَۃِ	اجۡعَلۡنِیۡ	وَ
گمراہوں سے	ہے	بیشک وہ	میرے باپ کو	اور بخش	نعمتوں والی	جنت کے	وارثوں سے	بنا مجھے	اور

اور مجھے بہشت کی نعمتوں کے وارثوں میں سے کردے۔ اور میرے باپ (چچا آزر) کو بخش دے وہ گمراہ ہے۔

وَ لَا تُخۡزِنِیۡ یَوۡمَ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۸۷﴾ یَوۡمَ لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوۡنَ ﴿۸۸﴾

بَنُوۡنَ	لَا	وَّ	مَالٌ	یَنۡفَعُ	لَا	یَوۡمَ	یُبۡعَثُوۡنَ	یَوۡمَ	تُخۡزِنِیۡ	وَلَا
بیٹے	نہ	اور	مال	نفع دے گا	نہ	جس دن	اٹھائے جائیں گے	جس دن	ذلیل کرنا مجھے	اور نہ

اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جب لوگ زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے۔ جس دن نہ مال نفع دے گا اور نہ بیٹے۔

اِلَّا مَنۡ اَتَی اللّٰہَ بِقَلۡبٍ سَلِیۡمٍ ﴿۸۹﴾ وَ اُزۡلِفَتِ الۡجَنَّۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۹۰﴾ وَ بُرِّزَتِ

بُرِّزَتِ	وَ	لِلۡمُتَّقِیۡنَ	الۡجَنَّۃُ	وَ اُزۡلِفَتِ	سَلِیۡمٍ	بِقَلۡبٍ	اللّٰہَ	اَتَی	مَنۡ	اِلَّا
ظاہر کی جائے گی	اور	پرہیزگاروں کیلئے	جنت	اور قریب کی جائے گی	سلامتی والا	دل	اللہ کے پاس	لایا	جو	مگر

مگر جو اللہ کی بارگاہ میں قلب سلیم لے کر حاضر ہوا۔ اور پرہیزگاروں کیلئے جنت قریب کی جائے گی۔ اور ظاہر کی جائے گی

الۡجَحِیۡمُ لِلۡغٰوِیۡنَ ﴿۹۱﴾ وَ قِیۡلَ لَہُمۡ اَیۡنَمَا کُنۡتُمۡ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۹۲﴾ مِنۡ دُوۡنِ

مِنۡ دُوۡنِ	تَعۡبُدُوۡنَ	کُنۡتُمۡ	اَیۡنَمَا	لَہُمۡ	قِیۡلَ	وَ	لِلۡغٰوِیۡنَ	الۡجَحِیۡمُ
سوا	پوجتے	تھے تم	کہاں ہے جو	ان کو	کہا جائے گا	اور	گمراہوں کیلئے	دوزخ

دوزخ گمراہوں کیلئے۔ اور ان سے کہا جائے گا کہاں ہیں وہ جن کو تم پوجتے تھے۔ جو اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارے معبود تھے، کیا وہ

اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝٩٣ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝٩٤

اللّٰهِ	هَلْ	يَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ	يَنْتَصِرُوْنَ	فَكُبْكِبُوْا	فِيْهَا	هُمْ	وَ	الْغَاوٗنَ
اللہ کے	کیا	وہ مدد کرتے ہیں تمہاری	اور یا	بدلہ لیتے ہیں	تو اوندھے ہوں	اس میں	وہ	اور	گمراہ

تمہاری مدد کرتے ہیں؟ یا کوئی بدلہ لے سکتے ہیں۔ پس وہ سب بت اور سارے گمراہ لوگ جہنم میں اوندھے منہ ڈال دیے جائیں گے۔

وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝٩٥ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ۝٩٦ تَاللّٰهِ

وَ	جُنُوْدُ	اِبْلِيْسَ	اَجْمَعُوْنَ	قَالُوْا	وَ	هُمْ	فِيْهَا	يَخْتَصِمُوْنَ	تَاللّٰهِ
اور	لشکر	ابلیس کا	سارا	کہیں گے	اور	وہ	اس میں	جھگڑیں گے	اللہ کی قسم

اور ابلیس کی ساری فوجیں (بھی)۔ وہ (مشرک) دوزخ میں آپس میں جھگڑتے ہوئے کہیں گے۔ خدا کی قسم بے شک ہم

اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٩٧ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٩٨ وَمَآ اَضَلَّنَآ

اِنْ	كُنَّا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اِذْ	نُسَوِّيْكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	مَآ	اَضَلَّنَآ
بیشک	ہم تھے	گمراہی میں	کھلی	جب	ہم برابر کرتے تھے تم کو	رب	جہانوں کے ساتھ	اور	نہ	گمراہ کیا ہم کو

کھلی گمراہی میں تھے۔ جب کہ (اے بتو! ہم) تمہیں رب العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے۔ اور ہمیں تو صرف

اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ۝٩٩ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۝١٠٠ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ۝١٠١

اِلَّا	الْمُجْرِمُوْنَ	فَمَا	لَنَا	مِنْ شَافِعِيْنَ	وَ	لَا	صَدِيْقٍ	حَمِيْمٍ
مگر	مجرموں نے	تو نہیں	ہمارے لیے کوئی	سفارش کرنے والا	اور	نہ	دوست	غمخوار

مجرموں نے گمراہ کیا۔ اب ہمارا کوئی سفارشی نہیں۔ اور نہ کوئی سچا و غم خوار دوست۔

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٢ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا

فَلَوْ	اَنَّ	لَنَا	كَرَّةً	فَنَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا
اگر	ہو	ہمارے لیے	دوبارہ جانا	تو ہوں ہم	ایمان لانے والے	بیشک	اس میں	نشانی ہے	اور	نہیں

تو کاش اگر دنیا میں واپس جانا ہمارے لئے ہوتا تو ہم مؤمن ہو جاتے۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے

ع ۵ ۲۶ ۹

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ ع

كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ
ہے	اکثر ان کے	ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہی ہے	عزت والا	رحم کرنے والا

اور ان میں اکثر ایمان والے نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب وہی عزت والا مہربان ہے۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ ۚ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ

كَذَّبَتْ	قَوْمُ	نُوْحِ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	نُوْحٌ
جھٹلایا	قوم	نوح نے	پیغمبروں کو	جب	کہا	ان کو	ان کے بھائی	نوح نے

نوح علیہ السلام کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب انہیں ان کے (قومی) بھائی نوح علیہ السلام نے فرمایا

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ ج اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ لا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ ج وَمَا

اَلَا	تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَا
کیوں نہیں	ڈرتے تم	بیشک میں	تمہارے لیے	رسول ہوں	امانت دار	تو ڈرو	اللہ سے	اور پیروی کرو میری	اور نہیں

کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں اس

اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ج اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ ج

اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰى	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر	اوپر	رب	جہانوں کے

پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾ ط قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ط

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ	قَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	لَكَ	وَ	اتَّبَعَكَ	الْاَرْذَلُوْنَ
تو ڈرو	اللہ سے	اور	حکم مانو میرا	بولے	کیا ایمان لائیں ہم	تجھ پر	اور	پیرو ہوئے تیرے	کمینے لوگ

تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔ وہ کہنے لگے کیا ہم تیری بات مان لیں جب کہ تمہارے پیروکار تو بہت معمولی قسم کے لوگ ہیں۔

قَالَ وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰی رَبِّیْ

قَالَ	وَ	مَا	عِلْمِیْ	بِمَا	كَانُوْا	یَعْمَلُوْنَ	اِنْ	حِسَابُهُمْ	اِلَّا	عَلٰی	رَبِّیْ
فرمایا	اور	نہیں	مجھے معلوم	جو	ہیں وہ	کرتے	نہیں	ان کا حساب	مگر	اوپر	میرے رب کے

نوح علیہ السلام نے فرمایا مگر مجھے کیا معلوم کہ وہ کیا کام کرتے ہیں؟ ان کا حساب تو صرف میرے رب ہی کے ذمہ ہے اگر

لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۱۵﴾

لَوْ	تَشْعُرُوْنَ	وَ	مَاۤ	اَنَا	بِطَارِدِ	الْمُؤْمِنِیْنَ	اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِیْرٌ	مُّبِیْنٌ
کاش	تم سمجھو	اور	نہیں	میں	چھوڑنے والا	مومنوں کو	نہیں	میں	مگر	ڈرانے والا	کھلا

تمہیں شعور ہو۔ اور میں ایمان والوں کو (اپنے سے) دور کرنے والا نہیں۔ میں تو ایک کھلا ڈرانے والا ہوں۔

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِیْنَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ

قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ	تَنْتَهِ	یٰنُوْحُ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمَرْجُوْمِیْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنَّ
بولے	اگر	نہ	باز آئے	اے نوح	تو ہو گے تم	سنگسار ہونے والوں میں سے	عرض کی	اے میرے رب	بیشک

بولے اے نوح علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے تو ضرور سنگسار کئے جاؤ گے۔ نوح علیہ السلام نے عرض کی میرے رب!

قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ

قَوْمِیْ	كَذَّبُوْنِ	فَافْتَحْ	بَیْنِیْ	وَ	بَیْنَهُمْ	فَتْحًا	وَّنَجِّنِیْ	وَ	مَنْ	مَّعِیَ
میری قوم نے	مجھے جھٹلایا	تو فیصلہ کر دے	میرے	اور	انکے درمیان	آخری فیصلہ	اور نجات دے مجھے	اور	ان کو جو	میرے ساتھ ہیں

میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ اب میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور مجھے اور مؤمنوں کو

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾ ثُمَّ

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ	فَاَنْجَیْنٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ	فِی الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ	ثُمَّ
ایمان والے لوگ	تو ہم نے اسے نجات دی	اور	ان کو	جو اسکے ساتھ تھے	کشتی میں	بھری ہوئی	پھر

جو میرے ساتھ ہیں بچالے۔ تو ہم نے انہیں نجات دی اور ان لوگوں کو جو بھری ہوئی کشتی میں ان کے ساتھ تھے۔ پھر اس

النصف

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

اَكْثَرُهُمْ	كَانَ	مَا	وَ	لَاٰيَةً	فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ	الْبٰقِيْنَ	بَعْدُ	اَغْرَقْنَا
اکثر ان کے	تھے	نہیں	اور	نشانی ہے	اس میں	بیشک	باقی لوگوں کو	اسکے بعد	ہم نے غرق کیا

کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾ كَذَّبَتْ عَادُ

عَادُ	كَذَّبَتْ	الرَّحِيْمُ	الْعَزِيْزُ	لَهُوَ	رَبَّكَ	وَاِنَّ	مُّؤْمِنِيْنَ
عاد نے	جھٹلایا	رحم کرنے والا	عزت والا ہے	وہ	تمہارا رب	اور بیشک	ایمان والے

مسلمان نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا مہربان ہے۔ (قوم) عاد نے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

لَكُمْ	اِنِّيْ	تَتَّقُوْنَ	اَلَا	هُوْدٌ	اَخُوْهُمْ	لَهُمْ	قَالَ	اِذْ	الْمُرْسَلِيْنَ
تمہارے لیے	بیشک میں	ڈرتے تم	کیا نہیں	ہود نے	ان کے بھائی	ان کو	فرمایا	جب	رسولوں کو

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے (قومی) بھائی ہود علیہ السلام نے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

مِنْ اَجْرٍ	عَلَيْهِ	اَسْئَلُكُمْ	مَآ	وَ	وَاَطِيْعُوْنِ	اللّٰهَ	فَاتَّقُوا	اَمِيْنٌ	رَسُوْلٌ
کوئی اجر	اس پر	مانگتا میں تم سے	نہیں	اور	اور پیروی کرو میری	اللہ سے	تو ڈرو	امانت دار	رسول ہوں

امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کچھ اُجرت نہیں مانگتا

اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً

اٰيَةً	رِيْعٍ	بِكُلِّ	اَتَبْنُوْنَ	الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ	عَلٰى	اِلَّا	اَجْرِيَ	اِنْ
نشان	بلندی پر	ہر	کیا بناتے ہو تم	جہانوں کے	رب	اوپر	مگر	میرا اجر	نہیں

میرا اُجر تو اس پر ہے جو سارے جہان کا رب۔ کیا تم ہر اونچے ٹیلے پر ایک یادگار تعمیر کرتے ہو تفاخر اور

تَعْبَثُوْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿١٢٩﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ

تَعْبَثُوْنَ	وَ	تَتَّخِذُوْنَ	مَصَانِعَ	لَعَلَّكُمْ	تَخْلُدُوْنَ	وَ	اِذَا	بَطَشْتُمْ
کھیل کیلئے	اور	بناتے ہو	محل	تاکہ تم	ہمیشہ رہو	اور	جب	تم پکڑتے ہو

فضول مشغلوں کے لیے۔ اور بڑی بڑی عمارتیں کھڑی کرتے ہو کہ شاید تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم کسی پر ہاتھ

بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿١٣١﴾ وَاتَّقُوا الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ

بَطَشْتُمْ	جَبَّارِیْنَ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِیْعُوْنِ	وَ	اتَّقُوا	الَّذِیْٓ	اَمَدَّكُمْ
پکڑتے ہو	جابرانہ	تو ڈرو	اللہ سے	اور	حکم مانو میرا	اور	ڈرو	اس سے جس نے	مدد دی تم کو

ڈالتے ہو تو سختی اور ظلم سے پکڑتے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور اس سے ڈرو جس نے تمہاری ایسی چیزوں

بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِیْنَ ﴿١٣٣﴾ وَجَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿١٣٤﴾ اِنِّیْٓ

بِمَا	تَعْلَمُوْنَ	اَمَدَّكُمْ	بِاَنْعَامٍ	وَّ	بَنِیْنَ	وَ	جَنّٰتٍ	وَّعُیُوْنٍ	اِنِّیْٓ
جو	تم جانتے ہو	مدد دی تم کو	چوپایوں	اور	بیٹوں	اور	باغوں	اور چشموں سے	بیشک میں

سے مدد کی جو تم جانتے ہو۔ اور تمہاری مدد کی جانوروں اور بیٹوں سے۔ اور باغوں اور چشموں سے۔ میں تم پر

اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَیْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ

اَخَافُ	عَلَیْكُمْ	عَذَابَ	یَوْمٍ	عَظِیْمٍ	قَالُوْا	سَوَآءٌ	عَلَیْنَآ	اَوَعَظْتَ	اَمْ
ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	دن	بڑے سے	بولے	برابر ہے	ہم پر	کیا وعظ کرے تو	یا

ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ کہنے لگے ہمارے لئے برابر ہے کہ تو ہمیں نصیحت کرے یا

لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ ﴿١٣٦﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿١٣٧﴾ وَمَا نَحْنُ

لَمْ	تَكُنْ	مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ	الْاَوَّلِیْنَ	وَ	مَا	نَحْنُ
نہ	ہوتو	وعظ کرنے والوں سے	نہیں	یہ	مگر	عادت ہے	پہلوں کی	اور	نہیں	ہم

نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ یہ تو بس پہلے لوگوں کی عادت ہے۔ اور ہمیں

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ

بِمُعَذَّبِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ
عذاب کیے جائینگے	توجھٹلایا انہوں نے اسکو	تو ہلاک کیا ہم نے انکو	بیشک	اس میں	نشانی ہے	اور	نہیں	تھے

عذاب نہیں دیا جائے گا۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاک کیا بے شک ضرور نشانی ہے اور ان میں

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ

ع ١٨ / ١١

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ
اکثر ان کے	ایمان لانے والے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہی ہے	عزت والا	رحم والا	جھٹلایا

اکثر مسلمان نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا مہربان ہے۔ (قوم) ثمود نے

ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ

ثَمُوْدُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	صٰلِحٌ	اَلَا	تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ
ثمود نے	پیغمبروں کو	جب	فرمایا	ان کو	بھائی ان کے	صالح نے	کیا نہیں	ڈرتے تم	بیشک میں

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان کے (قومی) بھائی صالح علیہ السلام نے ان سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ

لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَ	مَآ	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ
تمہارے لیے	رسول ہوں	امانتدار	تو ڈرو	اللہ سے	اور حکم مانو میرا	اور	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر

تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر

مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا

مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰى	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	اَتُتْرَكُوْنَ	فِيْ مَا
کوئی اجر	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	اوپر	رب	جہانوں کے	کیا چھوڑے جاؤ گے	اس میں

کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اُجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ کیا تم یہاں کی نعمتوں میں چین سے

هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا

طَلْعُهَا	نَخْلٍ	وَّ	زُرُوْعٍ	وَّ	عُيُوْنٍ	وَّ	جَنّٰتٍ	فِيْ	اٰمِنِيْنَ	هٰهُنَآ
جن کے خوشے	کھجوروں میں	اور	کھیتوں	اور	چشموں کے	اور	باغوں	میں	چین سے	اس جگہ

چھوڑ دیئے جاؤ گے۔ باغوں اور چشموں میں۔ کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے

هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

اللّٰهَ	فَاتَّقُوا	فٰرِهِيْنَ	بُيُوْتًا	مِنَ الْجِبَالِ	تَنْحِتُوْنَ	وَ	هَضِيْمٌ
اللہ سے	تو ڈرو	اکڑتے ہوئے	گھر	پہاڑوں سے	تراشتے ہو تم	اور	نرم و نازک ہیں

نرم و نازک ہوتے ہیں۔ اور تم پہاڑوں کو تراش تراش کر پر تکلف مکانات بنا رہے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي

فِي	يُفْسِدُوْنَ	الَّذِيْنَ	الْمُسْرِفِيْنَ	اَمْرَ	تُطِيْعُوْٓا	لَا	وَ	اَطِيْعُوْنِ	وَ
میں	فساد کرتے ہیں	وہ جو	حد سے بڑھنے والوں کی	حکم	اطاعت کرو	نہ	اور	اطاعت کرو میری	اور

اور میری اطاعت کرو۔ اور حد سے بڑھنے والوں کے کہنے پر نہ چلو۔ وہ زمین میں فساد پھیلاتے

الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ

مَآ	مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ	اَنْتَ	اِنَّمَآ	قَالُوْٓا	يُصْلِحُوْنَ	لَا	وَ	الْاَرْضِ
نہیں	جادو کیے گیوں سے	تو ہے	اسکے سوا نہیں	بولے	درستی کرتے	نہیں	اور	زمین

ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔ وہ کہنے لگے تم تو ان میں سے ہو جن پر جادو کر دیا گیا ہے۔ تم

اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ

هٰذِهٖ	قَالَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ	كُنْتَ	اِنْ	بِاٰيَةٍ	فَاْتِ	مِّثْلُنَا	بَشَرٌ	اِلَّا	اَنْتَ
یہ	فرمایا	سچے لوگوں سے	ہو تم	اگر	کوئی نشانی	تو لے آؤ	ہمارے جیسا	بشر	مگر	تو

تو محض ہماری طرح کے بشر ہو پس تم کوئی معجزہ لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ صالح علیہ السلام نے فرمایا: "یہ

نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

نَاقَةٌ	لَّهَا	شِرْبٌ	وَّ	لَكُمْ	شِرْبُ	يَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَ	لَا	تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ
اونٹنی ہے	اسکے لیے	پینا ہے	اور	تمہارے لیے	پینا ہے	دن	مقرر کا	اور	نہ	چھوؤ اس کو	برائی سے

ایک اونٹنی ہے۔ایک اس کے پینے کا دن ہے اور ایک مقرر دن تمہارے پینے کا۔ اور اسے برائی کے ساتھ نہ

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾

فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابُ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ	فَعَقَرُوْهَا	فَاَصْبَحُوْا	نٰدِمِيْنَ
تو پکڑ یگا تم کو	عذاب	دن	بڑے کا	تو کونچیں کاٹیں انہوں نے اسکی	تو ہو گئے	نادم

چھوؤ کہ بڑے دن کا عذاب تمہیں پکڑ لے گا۔ اس پر انہوں نے اس کی کوچیں کاٹ ڈالیں پھر صبح کو پچھتاتے رہ گئے۔

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ
تو پکڑا ان کو	عذاب نے	بیشک	اس میں	نشانی ہے	اور	نہیں	ہیں	اکثر ان کے

تو انہیں عذاب نے آلیا بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ

مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	قَوْمُ	لُوْطِ
ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہ ہے	عزت والا	رحم کرنے والا	جھٹلایا	قوم	لوط نے

مسلمان نہ تھے۔ اور بیشک تمہارا رب ہی غالب اور رحم فرمانے والا ہے۔ قوم لوط نے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	لُوْطٌ	اَلَا	تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ
رسولوں کو	جب	فرمایا	ان کو	ان کے بھائی	لوط نے	کیا نہیں	ڈرتے تم	بیشک میں	تمہارے لیے

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب اُن کے قومی بھائی لوط علیہ السلام نے اُن سے فرمایا: "کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟ بیشک میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَ مَاۤ اَسْــٴَـلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ

مِنْ اَجْرٍ	عَلَیْهِ	اَسْــٴَـلُكُمْ	مَاۤ	وَ	اَطِیْعُوْنِ	وَ	اللّٰهَ	فَاتَّقُوا	اَمِیْنٌ	رَسُوْلٌ
کوئی اجرت	اس پر	مانگتا میں تم سے	نہیں	اور	حکم مانو میرا	اور	اللہ سے	تو ڈرو	امانتدار	رسول ہوں

امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔ اور میں اس پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اجر تو

اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۵﴾

مِنَ الْعٰلَمِیْنَ	الذُّكْرَانَ	اَتَاْتُوْنَ	الْعٰلَمِیْنَ	رَبِّ	عَلٰی	اِلَّا	اَجْرِیَ	اِنْ
جہانوں والوں سے	مردوں کے پاس	کیا آتے ہو تم	جہانوں کے	رب	اوپر	مگر	میرا اجر	نہیں

اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ کیا جہان والوں میں سے تم ہی (شہوت پرستی کے لیے) مردوں کے پاس جاتے ہو۔

وَ تَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

اَنْتُمْ	بَلْ	مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ	رَبُّكُمْ	لَكُمْ	خَلَقَ	مَا	تَذَرُوْنَ	وَ
تم	بلکہ	تمہاری بیویاں	تمہارے رب نے	تمہارے لیے	پیدا کیں	جو	چھوڑتے ہو تم	اور

اور تمہارے رب نے جو بیویاں تمہارے لئے پیدا کی ہیں انہیں چھوڑ دیتے ہو؟ نہیں بلکہ تم حد سے نکلنے

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَىٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ ﴿۱۶۷﴾

مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ	لَتَكُوْنَنَّ	یٰلُوْطُ	تَنْتَهِ	لَّمْ	لَىٕنْ	قَالُوْا	عٰدُوْنَ	قَوْمٌ
نکالے گیوں سے	تو ہوگا	اے لوط	باز آیا تو	نہ	اگر	بولے	حد سے گزرنے والی	قوم ہو

والے لوگ ہو۔ انہوں نے کہا اے لوط علیہ السلام! اگر آپ (ان باتوں سے) باز نہ آئے تو ضرور آپ (بھی) بستی سے نکالے ہوئے لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔

قَالَ اِنِّیْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِیْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

یَعْمَلُوْنَ	مِمَّا	اَهْلِیْ	وَ	نَجِّنِیْ	رَبِّ	مِّنَ الْقَالِیْنَ	لِعَمَلِكُمْ	اِنِّیْ	قَالَ
جو یہ کرتے ہیں	اس سے	میرے گھروالوں کو	اور	مجھے نجات دے	اے میرے رب	برا سمجھتا ہوں	تمہارے کام کو	بیشک میں	فرمایا

(لوط علیہ السلام نے) فرمایا بے شک میں تمہارے عمل سے بیزار ہونے والوں میں سے ہوں۔ اے میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے کاموں کی آفت سے بچا۔

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا

فَنَجَّيْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا
تو نجات دی ہم نے اسکو	اور	اسکے گھر والوں کو	سب کو	مگر	بڑھیا کو	پچھلوں میں	پھر	کچل دیا ہم نے

تو ہم نے اسے اور اس کے سب گھر والوں کو نجات بخشی۔ سوائے ایک بوڑھی عورت کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی۔ پھر

الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾

الْاٰخَرِيْنَ	وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الْمُنْذَرِيْنَ
پچھلوں کو	اور	برسایا ہم نے	ان پر	ایک برسانا	تو برا تھا	برساؤ	ڈرائے گیوں کا

ہم نے باقی سب کو ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) بارش کی تو کیا ہی بری بارش تھی ان لوگوں کی جنہیں ڈرایا گیا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ
بیشک	اس میں	نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	اکثر ان کے	ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہ ہے

بے شک اس میں ضروری نشانی ہے اور ان کے اکثر (لوگ) مسلمان نہ تھے۔ بے شک تمہارا رب ہی

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾ ع كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ

الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَ	اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	قَالَ
عزت والا	رحم کرنے والا	جھٹلایا	بَن والوں نے	رسولوں کو	جب	فرمایا

عزت والا مہربان ہے۔ ایکہ والوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب انہیں

لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

لَهُمْ	شُعَيْبٌ	اَلَا	تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ
ان کو	شعیب نے	کیوں نہیں	تم ڈرتے	بیشک میں	تمہارے لیے	رسول ہوں	امانتدار	تو ڈرو	اللہ سے

شعیب علیہ السلام نے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہاری طرف (بھیجا گیا) ایک امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى

وَاَطِيْعُوْنِ	وَ	مَآ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰى
اور حکم مانو میرا	اور	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی اجرت	نہیں	میرا اجر	مگر	اوپر

اطاعت کرو۔ اور میں اس پر تم سے کوئی اُجرت طلب نہیں کرتا میری اُجرت صرف سارے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	اَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَ	لَا	تَكُوْنُوْا	مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ	وَزِنُوْا
رب	جہانوں کے	پورا کرو	ماپ	اور	نہ	ہوؤ	خسارہ دینے والوں سے	اور تولو

جہانوں کے رب پر ہے۔ ناپ پورا کرو اور کم دینے والوں میں نہ ہو جاؤ۔ اور سیدھی

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا

بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيْمِ	وَ	لَا	تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَ	لَا	تَعْثَوْا
ترازو	سیدھی سے	اور	نہ	کم دو	لوگوں کو	چیزیں ان کی	اور	نہ	پھرو

ترازو سے تولو۔ اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ

فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	وَ	اتَّقُوا	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	وَ	الْجِبِلَّةَ
زمین میں	فساد کرنے والے	اور	ڈرو	اس سے جس نے	تمہیں پیدا کیا	اور	مخلوق

زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اور اس (اللہ) سے ڈرو جس نے تم کو اور تم سے پہلے مخلوق

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ

الْاَوَّلِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ	وَ	مَآ	اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ
پہلی کو	بولے	نہیں سوائے اسکے کہ	ہے تو	جادو کیے گیوں سے	اور	نہیں	تم	مگر	آدمی

کو پیدا کیا۔ وہ بولے آپ تو درحقیقت جادو کیے ہوئے لوگوں میں سے ہیں۔ اور تم فقط ہمارے جیسے بشر ہی ہو اور یقیناً ہم

مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ

مِّثْلُنَا	وَ	اِنْ	نَّظُنُّكَ	لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ	فَاَسْقِطْ	عَلَيْنَا	كِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ
ہمارے جیسا	اور	بیشک	خیال کرتے ہیں تجھ کو	جھوٹے لوگوں سے	تو گرادو	ہم پر	ٹکڑا	آسمان سے

آپ کو ضرور جھوٹوں میں سے سمجھتے ہیں۔ تو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دو

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ

اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّيْٓ	اَعْلَمُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُ
اگر	ہوتم	سچے لوگوں سے	فرمایا	میرا رب	خوب جانتا ہے	جو	تم عمل کرتے ہو	تو جھٹلایا انہوں نے اسکو

اگر تم سچے ہو۔ فرمایا میرا رب خوب جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو! چنانچہ انہوں نے

فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ

فَاَخَذَهُمْ	عَذَابُ	يَوْمِ	الظُّلَّةِ	اِنَّهٗ	كَانَ	عَذَابَ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ	اِنَّ
تو پکڑا ان کو	عذاب	دن	سائبان کے	بیشک وہ	تھا	عذاب	دن	بڑے کا	بیشک

اسے جھٹلا دیا اور انہیں سائبان والے دن کے عذاب نے آ پکڑا بے شک وہ ایک بڑے دن کا عذاب تھا۔ بے شک اس میں

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ
اس میں	نشانی ہے	اور	نہیں	تھے	اکثر ان کے	ایمان والے	اور	بیشک	تمہارا رب	وہی	عزت والا ہے

ایک نشانی ہے مگر ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں۔ اور بے شک آپ کا رب ہی ضرور غالب بے حد

الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾ ع وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾

ع ۱۰ / ۱۶

الرَّحِيْمُ	وَ	اِنَّهٗ	لَتَنْزِيْلُ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	نَزَلَ	بِهِ	الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ
مہربان ہے	اور	بیشک وہ	اتارا گیا ہے	پروردگار	جہانوں سے	اترا	اسکو لے کر	روح الامین

رحم فرمانے والا ہے۔ اور بے شک یہ (قرآن) اللہ تعالیٰ رب العالمین کا نازل کیا ہوا ہے۔ اسے روح الامین لے کر آیا ہے۔

عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾

مُّبِيْنٍ	عَرَبِيٍّ	بِلِسَانٍ	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	لِتَكُوْنَ	عَلٰى قَلْبِكَ
روشن میں	عربی	زبان	ڈرانے والوں سے	تاکہ ہو تم	آپ کے قلب پر

آپ کے قلب (انور) پر تاکہ آپ ڈر بنانے والوں میں سے ہو جائیں۔ اس کا نزول واضح عربی زبان میں ہوا ہے۔

وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا

عُلَمٰٓؤُا	يَّعْلَمَهٗ	اَنْ	اٰيَةً	لَّهُمْ	يَكُنْ	اَوَلَمْ	الْاَوَّلِيْنَ	لَفِيْ زُبُرِ	اِنَّهٗ	وَ
عالم	جانیں اس کو	یہ کہ	نشانی	ان کیلئے	تھی	کیا نہیں	پہلی میں ہے	کتابوں میں ہے	بیشک وہ	اور

اور یہی (پیغام) اگلے لوگوں کی کتابوں میں بھی ہے۔ کیا ان (قریشِ مکہ) کیلئے (صدقِ نبوت کی) یہ کوئی نشانی نہیں ہے کہ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	فَقَرَاَهٗ	الْاَعْجَمِيْنَ	بَعْضِ	عَلٰى	نَزَّلْنٰهُ	لَوْ	وَ	اِسْرَآءِيْلَ	بَنِيْٓ
ان پر	تو وہ پڑھتا اسکو	عجمی کے	بعض	اوپر	اتارتے ہم اسکو	اگر	اور	اسرائیل کے	بنی

اسے بنی اسرائیل کے علماء بھی جانتے ہیں۔ اور اگر ہم اس قرآن کو عجمیوں میں سے کسی پر نازل کرتے۔ پس وہ ان کے سامنے

مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾

الْمُجْرِمِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِ	سَلَكْنٰهُ	كَذٰلِكَ	مُؤْمِنِيْنَ	بِهٖ	كَانُوْا	مَّا
مجرموں کے	دلوں میں	چلایا ہم نے اسکو	اسی طرح	ایمان لانیوالے	اس پر	تھے	نہیں

اس کی تلاوت کرتا جب بھی اس پر ایمان نہ لاتے۔ اسی طرح ہم نے مجرموں کے دلوں میں اس کے انکار کو داخل کر دیا ہے۔

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً

بَغْتَةً	فَيَاْتِيَهُمْ	الْاَلِيْمَ	الْعَذَابَ	يَرَوُا	حَتّٰى	بِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ	لَا
اچانک	تو آئے انکے پاس	دردناک	عذاب	دیکھیں	یہاں تک کہ	ساتھ اسکے	ایمان لائینگے	نہیں

وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب کو دیکھ نہ لیں گے۔ اور وہ ان پر اچانک آ جائے گا جس کا انہیں

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ اَفَبِعَذَابِنَا

اَفَبِعَذَابِنَا	مُنْظَرُوْنَ	نَحْنُ	هَلْ	فَيَقُوْلُوْا	يَشْعُرُوْنَ	لَا	هُمْ	وَّ
کیا ہمارے عذاب کی	مہلت دیے جائینگے	ہم	کیا	تو کہیں	سمجھتے	نہیں	وہ	اور

شعور بھی نہ ہو گا۔ تو وہ کہیں گے کیا ہمیں مہلت دی جائے گی۔ کیا ہمارے عذاب کو وہ

يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا

يَسْتَعْجِلُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	اِنْ	مَّتَّعْنٰهُمْ	سِنِيْنَ	ثُمَّ	جَآءَهُمْ	مَّا
جلدی کرتے ہیں	کیا دیکھا آپ نے	اگر	فائدہ دیں ان کو	کئی سال	پھر	آئے انکے پاس	جو

جلدی طلب کرتے ہیں۔ کیا پھر آپ نے نہیں دیکھا کہ اگر ہم انہیں کئی سالوں تک سازوسامان دیں؟ پھر انہیں وہ عذاب آ

كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾ وَمَآ

كَانُوْا	يُوْعَدُوْنَ	مَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	يُمَتَّعُوْنَ	وَ	مَآ
وہ تھے	وعدہ دیے جاتے	نہ	کام آتا	ان کے	جو	وہ تھے	فائدہ دیے جاتے	اور	نہیں

پہنچے جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ تو سازوسامان جوان کو دیا گیا ہوگا ان کے کس کام آئے گا؟ اور ہم نے جس بستی کو بھی

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿٢٠٨﴾ ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	لَهَا	مُنْذِرُوْنَ	ذِكْرٰى	وَمَا	كُنَّا
ہلاک کی ہم نے	کوئی بستی	مگر	اس کیلئے تھے	ڈرانے والے	نصیحت ہے	اور نہیں	ہم

ہلاک کیا اس کیلئے ڈرانے والے (رسول) بھی (آچکے) تھے۔ (انہیں) نصیحت کیلئے اور ہم

ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهُمْ وَمَا

ظٰلِمِيْنَ	وَ	مَا	تَنَزَّلَتْ بِهِ	الشَّيٰطِيْنُ	وَ	مَا	يَنْۢبَغِىْ	لَهُمْ	وَ	مَا
ظالم	اور	نہیں	لائے اس کو	شیطان	اور	نہیں	لائق	ان کو	اور	نہیں

ظلم کرنے والے نہیں۔ اور شیاطین اس قرآن کو لے کر نہیں اُترے۔ اور وہ اس قابل نہیں نہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ؕ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ؕ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

اللّٰهِ	مَعَ	تَدْعُ	فَلَا	لَمَعْزُوْلُوْنَ	عَنِ السَّمْعِ	اِنَّهُمْ	يَسْتَطِيْعُوْنَ
اللہ کے	ساتھ	پکار	تو نہ	الگ کیے گئے ہیں	سننے سے	بیشک وہ	طاقت رکھتے

وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ وہ تو سننے کی جگہ سے دور کر دیئے گئے ہیں۔ اے مخاطب پس اللہ کے ساتھ کسی دوسرے

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾ج وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ

عَشِيْرَتَكَ	اَنْذِرْ	وَ	مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ	فَتَكُوْنَ	اٰخَرَ	اِلٰهًا
اپنے قبیلے کو	ڈرا	اور	عذاب پانے والوں سے	تو ہوگا تو	دوسرا	معبود

خدا کو نہ پکار ورنہ تو عذاب پانے والوں میں ہو جائے گا۔ اور اپنے قریبی رشتہ داروں

الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾لا وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ج

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	اتَّبَعَكَ	لِمَنِ	جَنَاحَكَ	وَاخْفِضْ	الْاَقْرَبِيْنَ
مومنوں میں سے	تیرے پیرو ہیں	ان کے لیے جو	اپنے بازو	اور جھکاؤ	قریبی کو

کو ڈراؤ۔ اور اپنے (رحم و کرم کے) بازو ان لوگوں کیلئے جھکا دیجئے جنہوں نے آپ کی پیروی کی مسلمانوں میں سے۔

فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ج

تَعْمَلُوْنَ	مِّمَّا	بَرِیْٓءٌ	اِنِّیْ	فَقُلْ	عَصَوْكَ	فَاِنْ
جو تم کرتے ہو	اس سے	بیزار ہوں	بیشک میں	تو فرما دو	نافرمانی کریں تمہاری	پھر اگر

پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو فرما دیجئے بے شک میں اس سے بیزار ہوں جو تم کرتے ہو۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾لا الَّذِیْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾لا

تَقُوْمُ	حِيْنَ	يَرٰىكَ	الَّذِیْ	الرَّحِيْمِ	الْعَزِيْزِ	عَلَى	تَوَكَّلْ	وَ
آپ کھڑا ہوتے ہیں	جبکہ	دیکھتا ہے تجھ کو	وہ جو	مہربان کے	عزت والے	اوپر	بھروسہ کرو	اور

اور اس پر بھروسہ کرو جو عزت والا مہربان ہے۔ وہ جو تم کو جب تم تہجد کے لیے کھڑے ہوتے ہو دیکھتا ہے۔

وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ

وَتَقَلُّبَكَ	فِيْ	السّٰجِدِيْنَ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ
اور آپ کے دوروں کو	میں	سجدہ کرنے والوں	بیشک ہے	وہ	سننے والا	جاننے والا	کیا	بتاؤں میں تم کو

اور سجدہ کرنے والوں میں بھی آپ کا پلٹنا دیکھتا رہتا ہے۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ کیا میں تمہیں خبر دوں کہ

عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ

عَلٰى	مَنْ	تَنَزَّلُ	الشَّيٰطِيْنُ	تَنَزَّلُ	عَلٰى	كُلِّ	اَفَّاكٍ	اَثِيْمٍ	يُّلْقُوْنَ
اوپر	کس کے	اترتے ہیں	شیطان	اترتے ہیں	اوپر	ہر ایک	بہتان لگانیوالے	گنہگار کے	ڈالتے ہیں

شیاطین کس پر اُترتے ہیں۔ وہ ہر (جھوٹے) تہمت لگانے والے گنہگار پر اُترتے ہیں۔ شیطان اپنی سنی ہوئی ان کے کانوں

السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾ اَلَمْ تَرَ

السَّمْعَ	وَاَكْثَرُهُمْ	كٰذِبُوْنَ	وَ	الشُّعَرَآءُ	يَتَّبِعُهُمُ	الْغَاوٗنَ	اَلَمْ	تَرَ
کان	اور اکثر ان کے	جھوٹے ہیں	اور	شاعر لوگ	پیروی کرتے ہیں انکی	گمراہ لوگ	کیا نہیں	دیکھا تم نے

میں ڈالتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں۔ اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ وہ

اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۲۲۶﴾

اَنَّهُمْ	فِيْ	كُلِّ	وَادٍ	يَّهِيْمُوْنَ	وَاَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا	يَفْعَلُوْنَ
کہ وہ	میں	ہر	وادی	پریشان پھرتے ہیں	اور بیشک وہ	کہتے ہیں	جو	نہیں	کرتے

ہر وادی میں سر مارتے وہموں میں پڑے رہتے ہیں۔ اور یہ کہ وہ ایسی باتیں کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	ذَكَرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَّانْتَصَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ
مگر	وہ جو	ایمان لائے	اور عمل کیے	اچھے	اور	ذکر کیا	اللہ کا	بہت	اور بدلہ لیا	بعد اس کے

مگر جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور انہوں نے کثرت سے اللہ کو یاد کیا اور بدلہ لیا

مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع

يَّنْقَلِبُوْنَ	مُنْقَلَبٍ	اَيَّ	ظَلَمُوْۤا	الَّذِيْنَ	سَيَعْلَمُ	وَ	ظُلِمُوْا	مَا
پھریں گے	کروٹ	کونسی	ظالم ہیں	وہ جو	جلدی جان لیں گے	اور	ظلم کیے گئے	جو

اپنے اوپر ظلم ہونے کا اور عنقریب جان لیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا کہ وہ کیسی پلٹنے کی جگہ پلٹ کر جاتے ہیں۔

ایاتھا ۹۳ — ٢٧ سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ ٤٨ — رکوعاتھا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ لا هُدًى وَّبُشْرٰى

وَّبُشْرٰى	هُدًى	مُّبِيْنٍ	كِتَابٍ	وَ	الْقُرْاٰنِ	اٰيٰتُ	تِلْكَ	طٰسٓ
اور خوشخبری	ہدایت	روشن کی	کتاب	اور	قرآن	آیتیں ہیں	یہ	طٰسٓ

یہ قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ ہدایت اور خوشخبری ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ لا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

هُمْ	وَ	الزَّكٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الصَّلٰوةَ	يُقِيْمُوْنَ	الَّذِيْنَ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
وہ	اور	زکوٰۃ	اور دیتے ہیں	نماز	قائم کرتے ہیں	وہ جو	مومنوں کیلئے

ایمان والوں کے لیے۔ جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ

لَهُمْ	زَيَّنَّا	بِالْاٰخِرَةِ	يُؤْمِنُوْنَ	لَا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	يُوْقِنُوْنَ	هُمْ	بِالْاٰخِرَةِ
ان کیلئے	ہم نے خوشنما بنایا	قیامت پر	ایمان لاتے	نہیں	وہ جو	بیشک	یقین کرتے ہیں	وہ	قیامت پر

آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ ہاں جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لئے ہم نے ان کے

أَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُونَ ﴿٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَهُمْ سُوءُ الْعَذَابِ وَهُمْ

هُمْ	وَ	الْعَذَابِ	سُوْءُ	لَهُمْ	الَّذِيْنَ	أُولَٰئِكَ	يَعْمَهُوْنَ	فَهُمْ	أَعْمَالَهُمْ
وہ	اور	عذاب ہے	برا	ان کیلئے	وہ ہیں کہ	یہی	بھٹکتے پھرتے ہیں	تو وہ	ان کے عملوں کو

عمل خوش نما بنا دیئے ہیں سو وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کیلئے بہت برا عذاب ہے اور آخرت میں

فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ﴿٥﴾ وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ

حَكِيْمٍ	مِنْ لَّدُنْ	الْقُرْاٰنَ	لَتُلَقَّى	اِنَّكَ	وَ	الْاَخْسَرُوْنَ	هُمُ	فِي الْاٰخِرَةِ
حکمت والے	نزدیک	قرآن	سکھایا جاتا ہے	بیشک تو	اور	سب سے زیادہ خسارہ والے ہیں	وہ	آخرت میں

وہی سب سے زیادہ نقصان میں رہیں گے۔ اور بے شک آپ کو قرآن دیا جا رہا ہے حکمت والے علم والے کی

عَلِيمٍ ﴿٦﴾ إِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِأَهْلِهِ إِنِّي آنَسْتُ نَارًا سَآتِيكُم مِّنْهَا بِخَبَرٍ

بِخَبَرٍ	مِّنْهَا	سَاٰتِيْكُمْ	نَارًا	اٰنَسْتُ	اِنِّيْ	لِاَهْلِهٖ	مُوْسٰى	قَالَ	اِذْ	عَلِيْمٍ
کوئی خبر	اس سے	جلدی لاؤنگا میں تمہارے لیے	آگ	دیکھی ہے	بیشک میں نے	اپنی بیوی سے	موسیٰ نے	کہا	جب	جاننے والے سے

طرف سے۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے گھر والوں سے کہا: یقیناً میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ جلد ہی میں تمہارے لیے وہاں سے کوئی

أَوْ آتِيكُم بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿٧﴾ فَلَمَّا جَاءَهَا نُودِيَ أَن

اَنْ	نُوْدِيَ	جَآءَهَا	فَلَمَّا	تَصْطَلُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	قَبَسٍ	بِشِهَابٍ	اٰتِيْكُمْ	اَوْ
یہ کہ	آواز دی گئی	آیا اسکے پاس	پھر جب	تاپو	تاکہ تم	روشن	انگارا	لاؤنگا تمہارے لیے	یا

خبر لاتا ہوں یا تمہارے پاس کوئی سلگتا ہوا انگارہ لاتا ہوں تاکہ تم اس کی حرارت پا سکو۔ پھر جب آگ کے پاس آئے ندا کی گئی کہ برکت

بُورِكَ مَن فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨﴾

الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ	اللّٰهِ	سُبْحٰنَ	وَ	حَوْلَهَا	مَنْ	وَ	النَّارِ	فِيْ	مَنْ	بُوْرِكَ
جہانوں کا	رب	اللہ	پاک ہے	اور	اسکے ارد گرد ہے	جو	اور	آگ ہے	میں	جو	برکت دیا گیا

دیا گیا وہ جو اس آگ کی جلوہ گاہ میں ہے یعنی موسیٰ علیہ السلام اور جو اس کے آس پاس ہیں یعنی فرشتے اور پاک ہے اللہ جو رب ہے سارے جہان کا۔

يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿۹﴾ وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا

يٰمُوْسٰى	اِنَّهٗ	اَنَا	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَاَلْقِ	عَصَاكَ	فَلَمَّا	رَاٰهَا
اے موسیٰ	بیشک	میں	اللہ	عزت	حکمت والا ہوں	اور ڈال	اپنا عصا	پھر جب	دیکھا اسکو

اے موسیٰ علیہ السلام! بیشک میں اللہ ہوں غالب حکمت والا۔ اور تو اپنا عصا ڈال دے پھر جب انہوں نے

تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ

تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَ	لَمْ	يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰى	لَا	تَخَفْ	اِنِّىْ
لہراتا	گویا کہ وہ	سانپ ہے	پھر گیا	پیٹھ دے کر	اور	نہ	پیچھے دیکھا	اے موسیٰ	نہ	ڈر	بیشک

اسے بل کھاتے دیکھا جیسے وہ سانپ ہو تو پیٹھ پھیر کر مڑ گئے اور پیچھے نہ دیکھتے تھے فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام!

لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ

لَا	يَخَافُ	لَدَيَّ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِلَّا	مَنْ	ظَلَمَ	ثُمَّ	بَدَّلَ	حُسْنًا	بَعْدَ	سُوْٓءٍ
نہیں	ڈرتے	میرے پاس	پیغمبر	مگر	جو	ظلم کرے	پھر	بدل دے	بعد اسکے نیکی	بعد	برائی کے

ڈرو مت میرے حضور رسول ڈرا نہیں کرتے۔ مگر جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد (اس کے) بدلے میں نیکی کی تو بے شک

فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِىْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۣ

فَاِنِّىْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	اَدْخِلْ	يَدَكَ	فِىْ	جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ
تو میں	بخشنے والا	مہربان ہوں	اور	داخل کرو	اپنا ہاتھ	میں	اپنے گریبان	نکلے گا	سفید	بغیر کسی

میں بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہوں۔ اور آپ اپنا ہاتھ اپنے کرتے کی جیب

فِىْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

سُوْٓءٍ	فِىْ	تِسْعِ	اٰيٰتٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَ	قَوْمِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا
برائی کے	میں	نو	نشانیوں کے	طرف	فرعون کی	اور	اسکی قوم کی	بیشک وہ	تھے	قوم

میں ڈالیں آپ کا ہاتھ بغیر کسی عیب کے چمکتا ہوا نکلے گا۔

فٰسِقِيْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ج

فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ	اٰيٰتُنَا	مُبْصِرَةً	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ
بے حکم	پھر جب	آئیں انکے پاس	ہماری نشانیاں	آنکھ کھولنے والی	بولے	یہ	جادو ہے	کھلا ہوا

پھر جب ہماری نشانیاں واضح اور کھلی دلیلیں ان کے پاس آئیں بولے یہ تو کھلا جادو ہے۔

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ط فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

وَجَحَدُوْا	بِهَا	وَ	اسْتَيْقَنَتْهَآ	اَنْفُسُهُمْ	ظُلْمًا	وَّ	عُلُوًّا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اور انکار کیا انہوں نے	اس کا	اور	یقین کرلیا تھا اس کا	انکے دلوں نے	ظلم	اور	سرکشی سے	تو دیکھ	کیسا	ہوا

اور ان کے منکر ہوئے اور ان کے دلوں میں ان کا یقین تھا ظلم اور تکبر سے تو دیکھو کیسا

عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ج وَقَالَا الْحَمْدُ

عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	وَ	سُلَيْمٰنَ	عِلْمًا	وَ	قَالَا	الْحَمْدُ
انجام	فسادیوں کا	اور	بیشک	دیا ہم نے	داؤد	اور	سلیمان کو	علم	اور	کہا دونوں نے	سب خوبیاں

انجام ہوا فسادیوں کا۔ اور ہم نے داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو علم دیا اور انہوں نے کہا تعریف

لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ

لِلّٰهِ	الَّذِيْ	فَضَّلَنَا	عَلٰي	كَثِيْرٍ	مِّنْ عِبَادِهِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	وَرِثَ
اللہ کو ہیں	جس نے	بزرگی دی ہم کو	اوپر	بہت سے	اپنے بندوں کے	مومنوں پر	اور	جانشین ہوا

اللہ کی جس نے ہمیں اپنے بہت سے بندوں پر فضیلت عطا کی ہے۔ اور سلیمان

سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ

سُلَيْمٰنُ	دَاوٗدَ	وَ	قَالَ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	عُلِّمْنَا	مَنْطِقَ	الطَّيْرِ	وَ	اُوْتِيْنَا	مِنْ كُلِّ
سلیمن	داؤد کا	اور	کہا	اے	لوگو	ہم سکھائے گئے	بولی	پرندوں کی	اور	دیئے گئے ہم	ہر ایک

داؤد کا وارث ہوا اور اس نے فرمایا اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر

شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ

شَيْءٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَضْلُ	الْمُبِيْنُ	وَ	حُشِرَ	لِسُلَيْمٰنَ
چیز	بیشک	یہ	وہ ہے	فضل	ظاہر	اور	جمع کیا گیا	سلیمان کیلئے

چیز دی گئی ہے بے شک یہی بہت بڑا فضل ہے۔ اور سلیمان علیہ السلام کے لیے

جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا

جُنُوْدُهٗ	مِنَ الْجِنِّ	وَ	الْاِنْسِ	وَ	الطَّيْرِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَتَوْا
اس کا لشکر	جنوں	اور	انسانوں	اور	پرندوں سے	تو وہ	روکے جاتے تھے	یہاں تک کہ	جب	آئے

اُس کا لشکر جنوں انسانوں اور پرندوں میں سے جمع کیا گیا۔ پھر اُن کی جماعتیں بنائی گئیں۔ یہاں تک کہ جب

عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ

عَلٰى	وَادِ	النَّمْلِ	قَالَتْ	نَمْلَةٌ	يّٰٓاَيُّهَا	النَّمْلُ	ادْخُلُوْا	مَسٰكِنَكُمْ
اوپر	وادی	چیونٹیوں کے	بولی	ایک چیونٹی	اے	چیونٹیو	داخل ہو جاؤ	اپنے گھروں میں

وہ چیونٹیوں کے میدان پر آئے تو ایک چیونٹی بولی اے چیونٹیو! تم اپنی رہائش گاہوں میں داخل

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ	سُلَيْمٰنُ	وَ	جُنُوْدُهٗ	وَ	هُمْ	لَا	يَشْعُرُوْنَ	فَتَبَسَّمَ
نہ کچل دے تم کو	سلیمان	اور	اس کا لشکر	اور	وہ	نہ	جانتے ہوں	تو تبسم کیا

ہو جاؤ (کہیں) بے خبری میں سلیمان علیہ السلام اور ان کے لشکر کہیں کچل نہ ڈالیں۔ سلیمان علیہ السلام اس کی

ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

ضَاحِكًا	مِّنْ قَوْلِهَا	وَ	قَالَ	رَبِّ	اَوْزِعْنِيْٓ	اَنْ	اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْٓ
ہنستے ہوئے	اسکی بات سے	اور	عرض کی	اے میرے رب	مجھے توفیق دے	یہ کہ	میں شکر کروں	تیری نعمت کا	وہ جو

بات سے مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور عرض کی اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں شکر کروں

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَأَدْخِلْنِيْ

أَنْعَمْتَ	عَلَيَّ	وَ	عَلٰى	وَالِدَيَّ	وَ	أَنْ	أَعْمَلَ	صَالِحًا	تَرْضٰهُ	وَ	أَدْخِلْنِيْ
تونے انعام کیا	مجھ پر	اور	اوپر	میرے ماں باپ کے	اور	یہ کہ	میں کام کروں	بھلا	جسے تو پسند کرے	اور	داخل کر مجھے

تیرے احسانات کا جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے اور یہ کہ میں وہ بھلا کام کروں جو تجھے پسند آئے

بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ

بِرَحْمَتِكَ	فِيْ	عِبَادِكَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَ	تَفَقَّدَ	الطَّيْرَ	فَقَالَ	مَالِيَ
اپنی رحمت سے	میں	اپنے بندوں	نیکوں کے	اور	جائزہ لیا	پرندوں کا	تو کہا	کیا ہے مجھے کہ

اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرمالے۔ سلیمان علیہ السلام نے اور پرندوں کا جائزہ لیا تو فرمایا مجھے کیا ہوا کہ

لَآ أَرَى الْهُدْهُدَ ۖ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿٢٠﴾ لَأُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا

لَآ	أَرَى	الْهُدْهُدَ	أَمْ	كَانَ	مِنَ الْغَآئِبِيْنَ	لَأُعَذِّبَنَّهٗ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
نہیں	دیکھتا میں	ہدہد کو	یا	ہے وہ	غیر حاضروں میں سے	ضرور سزا دونگا میں اسے	سزا	سخت

میں ہدہد کو نہیں دیکھتا کیا وہ واقعی غیر حاضر ہے؟۔ میں ضرور اسے سخت سزا دوں گا یا اسے ذبح کر ڈالوں گا

أَوْ لَأَاذْبَحَنَّهٗٓ أَوْ لَيَأْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢١﴾ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ

أَوْ	لَأَاذْبَحَنَّهٗ	أَوْ	لَيَأْتِيَنِّيْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	فَمَكَثَ	غَيْرَ بَعِيْدٍ	فَقَالَ
یا	ذبح کردوں گا میں اسے	یا	وہ لائیگا میرے پاس	کوئی سند	روشن	تو ٹھہرا	وہ تھوڑا سا	تو عرض کی

یا وہ میرے پاس اپنے غائب رہنے کی کوئی دلیل پیش کرے گا۔ کچھ زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ ہدہد آکر بولا میں نے وہ بات

أَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾ إِنِّيْ

أَحَطْتُّ	بِمَا	لَمْ	تُحِطْ	بِهٖ	وَجِئْتُكَ	مِنْ سَبَاٍ	بِنَبَاٍ	يَّقِيْنٍ	إِنِّيْ
میں نے معلوم کیا	وہ جو	نہ	جانا آپ نے	اس کو	اور لایا میں آپ کے پاس	سبا سے	خبر	یقینی	بیشک میں نے

معلوم کی ہے جو آپ کو معلوم نہیں اور میں سبا سے آپ کے پاس ایک سچی خبر لایا ہوں۔ میں نے (وہاں)

وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ

عَرْشٌ	لَهَا	وَّ	شَيْءٍ	مِنْ كُلِّ	اُوْتِيَتْ	وَ	تَمْلِكُهُمْ	امْرَاَةً	وَجَدْتُّ
تخت ہے	اس کا	اور	چیز	ہر ایک	دی گئی ہے	اور	جوان پر حکومت کرتی ہے	ایک عورت	دیکھی

ایک عورت کو پایا جو ان پر حکمرانی کر رہی ہے اور (اس کے حال کے لائق) اسے ہر چیز میں سے کچھ نہ کچھ دیا گیا ہے اور

عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اللّٰهِ	مِنْ دُوْنِ	لِلشَّمْسِ	يَسْجُدُوْنَ	قَوْمَهَا	وَ	وَجَدْتُّهَا	عَظِيْمٌ
اللہ کے	سوائے	سورج کو	سجدہ کرتے ہیں	اسکی قوم کو	اور	میں نے پایا اس کا	بہت بڑا

اس کا بہت بڑا تخت ہے۔ میں نے اسے اور اس کی قوم کو پایا کہ وہ سب اللہ کے بجائے سورج کو سجدہ کرتے ہیں

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ

فَهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ	فَصَدَّهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	الشَّيْطٰنُ	لَهُمُ	زَيَّنَ	وَ
تو وہ	راہ سے	تو روک دیا اس نے انکو	ان کے عملوں کو	شیطان نے	ان کیلئے	خوشنما بنایا	اور

اور شیطان نے ان کے اعمال کو ان کیلئے مزین کر دیا ہے پس انہیں راہ ہدایت سے روک دیا گیا ہے بس وہ

لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ

فِي السَّمٰوٰتِ	الْخَبْءَ	يُخْرِجُ	الَّذِيْ	لِلّٰهِ	يَسْجُدُوْا	اَلَّا	يَهْتَدُوْنَ	لَا
آسمانوں میں	پوشیدہ چیزوں کو	نکالتا ہے	جو	اللہ کو	سجدہ کرتے	کیوں نہیں	راہ پاتے	نہیں

راہ ہدایت پر نہیں آتے۔ کیوں نہیں سجدہ کرتے اللہ کو جو نکالتا ہے آسمان

وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ

رَبُّ	هُوَ	اِلَّا	اِلٰهَ	لَآ	اَللّٰهُ	تُعْلِنُوْنَ	مَا	وَ	تُخْفُوْنَ	مَا	يَعْلَمُ	وَ	الْاَرْضِ	وَ
رب ہے	وہی	مگر	کوئی معبود	نہیں	اللہ ہے	ظاہر کرتے ہو	جو	اور	تم چھپاتے ہو	جو	جانتا ہے	اور	زمین میں	اور

اور زمین کی چھپی چیزیں اور جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہو۔ اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، وہ عرش

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۩ ﴿٢٦﴾ قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾

الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ	قَالَ	سَنَنْظُرُ	اَصَدَقْتَ	اَمْ	كُنْتَ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ
عرش	بڑے کا	فرمایا	ہم ابھی دیکھتے ہیں کہ	کیا تو نے سچ کہا	یا	ہے تو	جھوٹوں میں سے

عظیم کا مالک ہے۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا ہم دیکھیں گے کہ تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹوں میں سے ہے۔

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ

اِذْهَبْ	بِّكِتٰبِيْ	هٰذَا	فَاَلْقِهْ	اِلَيْهِمْ	ثُمَّ	تَوَلَّ	عَنْهُمْ	فَانْظُرْ
لے جا	میرا خط	یہ	تو ڈال اس کو	ان کی طرف	پھر	الگ ہو	ان سے	تو دیکھ

میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر ان سے ہٹ جانا پھر دیکھ

مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾

مَاذَا	يَرْجِعُوْنَ	قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا	الْمَلَؤُا	اِنِّيْۤ	اُلْقِيَ	اِلَيَّ	كِتٰبٌ	كَرِيْمٌ
کیا	جواب دیتے ہیں	بولی	اے	سردارو	بیشک	ڈالا گیا ہے	میری طرف	ایک خط	عزت والا

کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔ وہ (ملکہ سبا) بولی اے درباریو! یقیناً میری طرف ایک عزت والا خط ڈالا گیا ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ

اِنَّهٗ	مِنْ سُلَيْمٰنَ	وَ	اِنَّهٗ	بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	اَلَّا	تَعْلُوْا	عَلَيَّ
بیشک وہ	سلیمان کی طرف سے ہے	اور	بیشک وہ	ساتھ نام	اللہ	مہربان	رحم والے کے ہے	یہ کہ نہ	سرکشی کرو	مجھ پر

بے شک وہ سلیمان علیہ السلام کی طرف سے ہے اور بے شک وہ (خط) اللہ کے نام سے ہے جو نہایت رحمت والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ یہ کہ تم میرے

وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ

وَاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ	قَالَتْ	يٰۤاَيُّهَا	الْمَلَؤُا	اَفْتُوْنِيْ	فِيْۤ اَمْرِيْ	مَا	كُنْتُ
اور آجاؤ میرے پاس	فرمانبردار ہو کر	بولی	اے	سردارو	جواب دو مجھے	میرے کام میں	نہیں	ہوں میں

سامنے سرکشی نہ کرو۔ اور مسلمان بن کر میرے سامنے آجاؤ۔ بولی اے سردارو! میرے اس معاملہ میں مجھے رائے دو میں کسی

قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ

قَاطِعَةً	اَمْرًا	حَتّٰى	تَشْهَدُوْنِ	قَالُوْا	نَحْنُ	اُولُوْا	قُوَّةٍ	وَ	اُولُوْا	بَاْسٍ
طے کرنیوالی	کوئی کام	جب تک	تم حاضر نہ ہو	بولے	ہم	صاحب	قوت	اور	صاحب	لڑائی

معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک کہ تم میرے پاس حاضر نہ ہو۔ انہوں نے کہا ہم بڑے طاقتور اور جنگجو ہیں مگر معاملہ

شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَتْ اِنَّ

شَدِيْدٍ	وَ	الْاَمْرُ	اِلَيْكِ	فَانْظُرِيْ	مَاذَا	تَاْمُرِيْنَ	قَالَتْ	اِنَّ
سخت کے ہیں	اور	فیصلہ	تیرے پاس ہے	سو تو دیکھ	کیا	حکم دیتی ہے	بولی	بیشک

تیرے ہاتھ میں ہے سو تو دیکھ کہ تو کیا حکم دیتی ہے؟ وہ کہنے لگی بادشاہ جب کسی

الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ

الْمُلُوْكَ	اِذَا	دَخَلُوْا	قَرْيَةً	اَفْسَدُوْهَا	وَ	جَعَلُوْٓا	اَعِزَّةَ
بادشاہ	جب	داخل ہوتے ہیں	کسی بستی میں	برباد کردیتے ہیں اسکو	اور	بناتے ہیں	عزت والوں کو

بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تہس نہس کر دیتے ہیں اور اس کی عزت والے لوگوں

اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ

اَهْلِهَآ	اَذِلَّةً	وَ	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	وَ	اِنِّيْ	مُرْسِلَةٌ	اِلَيْهِمْ
اس کے رہنے والوں کو	ذلیل	اور	ایسا ہی	کرتے ہیں	اور	بیشک میں	بھیجنے والی ہوں	انکی طرف

کو ذلیل کر دیتے ہیں اور یہ ہی حال یہ بھی کرینگے۔ اور میں ان کی طرف ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں

بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ ۢبِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ

بِهَدِيَّةٍ	فَنٰظِرَةٌ	بِمَ	يَرْجِعُ	الْمُرْسَلُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ
تحفے	تو دیکھتی ہوں	کیسے	لوٹتے ہیں	بھیجے ہوئے	توجب	آیا

پھر دیکھوں کی (میرے) قاصد کیا جواب لے کر واپس آتے ہیں۔ تو جب (اس کا قاصد تحفہ لے کر)

سُلَیْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَیْرٌ مِّمَّآ

سُلَیْمٰنَ	قَالَ	اَتُمِدُّوْنَنِ	بِمَالٍ	فَمَآ	اٰتٰىنِۦَ	اللّٰهُ	خَیْرٌ	مِّمَّآ
سلیمان کے پاس	فرمایا	کیا مدد دینا چاہتے ہو مجھے	مال کی	تو جو	دیا ہے مجھے	اللہ نے	بہتر ہے	اس سے جو

سلیمان علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا کہ مال سے تم میری مدد کرتے ہو تو (یاد رکھو) اللہ نے جو کچھ مجھے

اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِیَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِرْجِعْ اِلَیْهِمْ

اٰتٰىكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بِهَدِیَّتِكُمْ	تَفْرَحُوْنَ	اِرْجِعْ	اِلَیْهِمْ
دیا ہے تم کو	بلکہ	تم	اپنے تحفے پر	خوش ہوتے ہو	لوٹ جا	ان کی طرف

عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تمہیں دیا گیا ہے بلکہ تم ہی اپنے تحفہ پر خوش ہو رہے ہو۔ پلٹ جا ان کی طرف تو

فَلَنَاْتِیَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ

فَلَنَاْتِیَنَّهُمْ	بِجُنُوْدٍ	لَّا	قِبَلَ	لَهُمْ	بِهَا	وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ	مِّنْهَآ
ہم ضرور لائیںگے انکے مقابل	لشکر	نہیں	مقابلہ	ان کا	ان سے	اور نکالیں گے ہم ان کو	اس سے

ضرور ہم ان پر وہ لشکر لائیں گے جن کی انہیں طاقت نہ ہو گی اور ضرور ہم ان کو اس شہر سے ذلیل کر کے

اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ

اَذِلَّةً	وَّ	هُمْ	صٰغِرُوْنَ	قَالَ	یٰۤاَیُّهَا	الْمَلَؤُا	اَیُّكُمْ	یَاْتِیْنِیْ
ذلیل کر کے	اور	وہ	پست ہونگے	فرمایا	اے	درباریو	کون تم میں سے	لائیگا میرے پاس

نکال دیں گے یوں کہ وہ بہت خوار ہوں گے۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا اے درباریو! تم میں کون ہے کہ وہ اس کا

بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ

بِعَرْشِهَا	قَبْلَ	اَنْ	یَّاْتُوْنِیْ	مُسْلِمِیْنَ	قَالَ	عِفْرِیْتٌ	مِّنَ الْجِنِّ
اس کا تخت	پہلے	اس سے کہ	آئیں میرے پاس	مسلمان ہو کر	بولا	ایک خبیث	جن

تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں۔ ایک خبیث جن بولا میں اسے تمہارے پاس

اَنَا اٰتِیۡكَ بِهٖ قَبۡلَ اَنۡ تَقُوۡمَ مِنۡ مَّقَامِكَ ۚ وَ اِنِّیۡ

اِنِّیۡ	وَ	مِنۡ مَّقَامِكَ	تَقُوۡمَ	اَنۡ	قَبۡلَ	بِهٖ	اٰتِیۡكَ	اَنَا
بیشک میں	اور	اپنی جگہ سے	آپ اٹھیں	اس سے کہ	پہلے	وہ تخت	لاؤنگا آپکے پاس	میں

میں اس کو آپ کے پاس لے آؤں گا اس سے پہلے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھو گے اور میں اس کی

عَلَیۡهِ لَقَوِیٌّ اَمِیۡنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِیۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمٌ مِّنَ الۡكِتٰبِ

مِّنَ الۡكِتٰبِ	عِلۡمٌ	عِنۡدَهٗ	الَّذِیۡ	قَالَ	اَمِیۡنٌ	لَقَوِیٌّ	عَلَیۡهِ
کتاب کا	علم تھا	جس کے پاس	اس نے	کہا	امانتدار	طاقتور ہوں	اس پر

طاقت رکھتا ہوں اور امانت دار ہوں۔ وہ جس کے پاس کتاب کا علم تھا یعنی اللہ کا ولی بولا

اَنَا اٰتِیۡكَ بِهٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّرۡتَدَّ اِلَیۡكَ طَرۡفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ

رَاٰهُ	فَلَمَّا	طَرۡفُكَ	اِلَیۡكَ	یَّرۡتَدَّ	اَنۡ	قَبۡلَ	بِهٖ	اٰتِیۡكَ	اَنَا
اسے دیکھا	پھر جب	تمہاری نظر	تمہاری طرف	واپس آئے	اس سے کہ	پہلے	وہ تخت	لاؤنگا تمہارے پاس	میں

میں اسے تمہارے پاس اس سے پہلے کہ آپ آنکھ جھپکیں لے آؤں گا، چنانچہ جب انہوں

مُسۡتَقِرًّا عِنۡدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّیۡ ۖ لِیَبۡلُوَنِیۡ

لِیَبۡلُوَنِیۡ	رَبِّیۡ	مِنۡ فَضۡلِ	هٰذَا	قَالَ	عِنۡدَهٗ	مُسۡتَقِرًّا
تاکہ مجھے آزمائے	میرے رب کا	فضل	یہ ہے	کہا	اپنے پاس	پڑا ہوا

نے اسے اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو فرمایا یہ میرے رب کا فضل ہے تاکہ مجھے آزمائے

ءَاَشۡكُرُ اَمۡ اَكۡفُرُ ؕ وَمَنۡ شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشۡكُرُ لِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ

وَمَنۡ	لِنَفۡسِهٖ	یَشۡكُرُ	فَاِنَّمَا	شَكَرَ	وَمَنۡ	اَكۡفُرُ	اَمۡ	ءَاَشۡكُرُ
اور جو	اپنی جان کیلئے	شکر کریگا	تو اسکے سوانہیں کہ	شکر کرے	اور جو	ناشکری	یا	کیا میں شکر کرتا ہوں

کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری اور جس نے شکر کیا وہ اپنے لئے ہی شکر کرتا ہے اور جس کسی نے

كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ

نَنْظُرْ	عَرْشَهَا	لَهَا	نَكِّرُوْا	قَالَ	كَرِيْمٌ	غَنِيٌّ	رَبِّيْ	فَاِنَّ	كَفَرَ
ہم دیکھتے ہیں	اس کا تخت	اس کے لیے	تبدیل کردو	فرمایا	بزرگ	بے پرواہ ہے	میرا رب	تو بیشک	ناشکری کرے

ناشکری کی تو میرا رب بے نیاز اور عزت والا ہے۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا اس عورت (کی آزمائش) کیلئے اس کے تخت کی

اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا

فَلَمَّا	يَهْتَدُوْنَ	لَا	مِنَ الَّذِيْنَ	تَكُوْنُ	اَمْ	اَتَهْتَدِيْٓ
پھر جب	راہ پاتے	نہیں	ان سے جو	ہوتی ہے	یا	کیا پہچانتی ہے

صورت بدل دو ہم دیکھیں کہ وہ (اسے پہچاننے کی طرف) راہ پاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جو راہ نہیں پاتے۔ پھر

جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا

اُوْتِيْنَا	وَ	هُوَ	كَاَنَّهٗ	قَالَتْ	عَرْشُكِ	اَهٰكَذَا	قِيْلَ	جَآءَتْ
دیے گئے ہم	اور	وہی ہے	گویا کہ وہ	بولی	تیرا تخت	کیا اسی طرح ہے	پوچھا گیا	آئی

جب وہ آئی تو اس سے کہا گیا کہ اسی طرح ہے تیرا تخت؟ کہنے لگی گویا یہ وہی ہے اور ہمیں اس واقعہ سے پہلے علم

الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ

تَّعْبُدُ	كَانَتْ	مَا	صَدَّهَا	وَ	مُسْلِمِيْنَ	كُنَّا	وَ	مِنْ قَبْلِهَا	الْعِلْمَ
عبادت کرتی	تھی وہ	جو	روکا اس کو	اور	فرمانبردار	تھے ہم	اور	اس سے قبل	علم

دے دیا گیا تھا اور (اسی وقت) ہم فرمانبردار ہو گئے تھے۔ اور اسے روکا اس چیز نے جسے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا

لَهَا	قِيْلَ	كٰفِرِيْنَ	مِنْ قَوْمٍ	كَانَتْ	اِنَّهَا	اللّٰهِ	مِنْ دُوْنِ
اس کو	کہا گیا	کافر سے	قوم	تھی	بیشک وہ	اللہ کے	سوا

وہ اللہ کے سوا پوجتی تھی بے شک وہ کافر لوگوں میں سے تھی۔ اُس سے کہا گیا کہ محل میں

ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۚ

عَنْ سَاقَيْهَا	كَشَفَتْ	وَ	لُجَّةً	حَسِبَتْهُ	رَأَتْهُ	فَلَمَّا	الصَّرْحَ	ادْخُلِي
اپنی پنڈلیاں	کھول دیں اس نے	اور	گہرا پانی	خیال کیا اس کو	دیکھا اس کو	پھر جب	صحن میں	داخل ہو جا

داخل ہو جاؤ! پھر جب اُس نے دیکھا تو اُس کو گہرا پانی خیال کیا۔ اور اُس نے اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں۔

قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ رَبِّ

رَبِّ	قَالَتْ	مِنْ قَوَارِيرَ	مُّمَرَّدٌ	صَرْحٌ	إِنَّهُ	قَالَ
اے میرے رب	بولی	شیشے کا	چکنا صاف	صحن ہے	بیشک وہ	کہا

سلیمان علیہ السلام نے کہا: "یقیناً یہ ایک محل ہے شیشوں سے بنایا گیا ہے۔" ملکہ نے کہا: "اے میرے رب! یقیناً

إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ

رَبِّ	لِلَّهِ	سُلَيْمَانَ	مَعَ	أَسْلَمْتُ	وَ	نَفْسِي	ظَلَمْتُ	إِنِّي
رب ہے	اللہ کیلئے جو	سلیمان کے	ساتھ	میں اسلام لائی	اور	اپنی جان پر	ظلم کیا	بیشک میں نے

میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ اور میں سلیمان علیہ السلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ رب کائنات پر اسلام لے آئی ہوں۔

الْعٰلَمِينَ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صٰلِحًا أَنِ

أَنِ	صٰلِحًا	أَخَاهُمْ	ثَمُودَ	إِلَىٰ	أَرْسَلْنَا	وَلَقَدْ	الْعٰلَمِينَ
یہ کہ	صالح کو	بھائی ان کے	ثمود کی	طرف	ہم نے بھیجا	اور بیشک	سارے جہانوں کا

اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے قومی بھائی صالح علیہ السلام کو بھیجا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ

لِمَ	يٰقَوْمِ	قَالَ	يَخْتَصِمُونَ	فَرِيقَانِ	هُمْ	فَإِذَا	اللّٰهَ	اعْبُدُوا
کیوں	اے میری قوم	فرمایا	جھگڑتے	دو گروہ تھے	وہ	تو جبھی	اللہ کی	عبادت کرو

اللہ کی عبادت کرو پھر وہ دو گروہ ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے۔ صالح علیہ السلام نے فرمایا اے میری قوم!

تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ بِالسَّیِّئَةِ قَبۡلَ الۡحَسَنَةِ ۚ لَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرُوۡنَ

تَسۡتَغۡفِرُوۡنَ	لَا	لَوۡ	الۡحَسَنَةِ	قَبۡلَ	بِالسَّیِّئَةِ	تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ
بخشش مانگتے	نہیں	کیوں	بھلائی سے	پہلے	برائی کی	جلدی کرتے ہو

تم کیوں بھلائی سے پہلے برائی کو جلدی مانگتے ہو؟ تم کیوں اللہ سے بخشش نہیں مانگتے

اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّیَّرۡنَا بِكَ وَ بِمَنۡ مَّعَكَ ؕ

مَّعَكَ	بِمَنۡ	وَ	بِكَ	اطَّیَّرۡنَا	قَالُوا	تُرۡحَمُوۡنَ	لَعَلَّكُمۡ	اللّٰهَ
تمہارے ساتھ ہیں	ان سے جو	اور	تجھ سے	براشگون لیا ہم نے	بولے	رحم کیے جاؤ	تاکہ تم	اللہ سے

تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ انہوں نے کہا ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔ صالح علیہ السلام نے فرمایا

قَالَ طٰٓئِرُكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ تُفۡتَنُوۡنَ ﴿۴۷﴾ وَ كَانَ

كَانَ	وَ	تُفۡتَنُوۡنَ	قَوۡمٌ	اَنۡتُمۡ	بَلۡ	اللّٰهِ	عِنۡدَ	طٰٓئِرُكُمۡ	قَالَ
تھے	اور	فتنہ میں پڑی ہوئی	قوم ہو	تم	بلکہ	اللہ کے ہے	پاس	تمہارا بدشگون تو	فرمایا

تمہاری نحوست تو اللہ تعالیٰ کے پاس سے ہے بلکہ تم لوگ آزمائے جارہے ہو۔ اُس شہر میں

فِی الۡمَدِیۡنَةِ تِسۡعَةُ رَهۡطٍ یُّفۡسِدُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا

لَا	وَ	فِی الۡاَرۡضِ	یُّفۡسِدُوۡنَ	رَهۡطٍ	تِسۡعَةُ	فِی الۡمَدِیۡنَةِ
نہیں	اور	زمین میں	فساد کرتے تھے	آدمی	نو	شہر میں

نو سرکردہ لیڈر تھے جو زمین میں فساد پھیلاتے تھے اور کوئی اصلاح کا

یُصۡلِحُوۡنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوۡا تَقَاسَمُوۡا بِاللّٰهِ لَنُبَیِّتَنَّهٗ وَ اَهۡلَهٗ ثُمَّ

ثُمَّ	اَهۡلَهٗ	وَ	لَنُبَیِّتَنَّهٗ	بِاللّٰهِ	تَقَاسَمُوۡا	قَالُوۡا	یُصۡلِحُوۡنَ
پھر	اسکے گھر والوں پر	اور	ضرور ہم شبخون مارینگے اس پر	اللہ کی	قسمیں کھا کر	بولے	اصلاح کرتے تھے

کام نہ کرتے تھے۔ آپس میں اللہ کی قسمیں کھا کر بولے ہم ضرور ان کے اُوپر چھاپا ماریں گے صالح علیہ السلام

لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِیِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

لَنَقُوْلَنَّ	لِوَلِیِّهٖ	مَا	شَهِدْنَا	مَهْلِكَ	اَهْلِهٖ	وَاِنَّا
ہم کہیں گے	اس کے وارث کو	نہیں	حاضر تھے ہم	وقت ہلاک ہونے کے	اسکے اہل کے	اور یقیناً ہم

اور اس کے گھر والوں پر پھر اس کے وارث سے کہیں گے اس گھر والوں کے قتل کے وقت ہم حاضر نہ تھے

لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا

لَصٰدِقُوْنَ	وَ	مَكَرُوْا	مَكْرًا	وَّ	مَكَرْنَا	مَكْرًا	وَّ	هُمْ	لَا
سچے ہیں	اور	مکر کیا انہوں نے	ایک مکر	اور	ہم نے تدبیر کی	ایک تدبیر	اور	وہ	نہیں

اور بے شک ہم سچے ہیں۔ اور انہوں نے اپنا مکر کیا اور ہم نے اپنی خفیہ تدبیر فرمائی اور ہماری خفیہ تدبیر کا

یَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا

یَشْعُرُوْنَ	فَانْظُرْ	كَیْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	مَكْرِهِمْ	اَنَّا
سمجھتے تھے	تو دیکھ	کیسا	ہوا	انجام	ان کے مکر کا	کہ ہم نے

انہیں پتا بھی نہیں چلا۔ پھر دیکھو کہ ان کے مکر کا انجام کیسا ہوا ہم نے انہیں

دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُیُوْتُهُمْ

دَمَّرْنٰهُمْ	وَ	قَوْمَهُمْ	اَجْمَعِیْنَ	فَتِلْكَ	بُیُوْتُهُمْ
ان کو برباد کر دیا	اور	ان کی قوم کو	سب کو	تو یہ	ان کے گھر ہیں

اور ان کی قوم سب کو تباہ کر دیا۔ اب ان کے گھر ویران اور

خَاوِیَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ

خَاوِیَةً	بِمَا	ظَلَمُوْا	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	لِّقَوْمٍ
ویران	بدلہ	ان کے ظلم کا	بیشک	اس میں	نشان	اس قوم کیلئے

برباد پڑے ہیں ان کے ظلم کے سبب اس میں نشانی

يَّعۡلَمُوۡنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنۡجَيۡنَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ كَانُوۡا

كَانُوۡا	وَ	اٰمَنُوۡا	الَّذِيۡنَ	وَاَنۡجَيۡنَا	يَّعۡلَمُوۡنَ
تھے	اور	ایمان لائے	ان کو جو	اور نجات دی ہم نے	جانیں

عقلمندوں کے لئے ہے۔ اور ہم نے نجات دی ان لوگوں کو جو ایمان لائے

يَتَّقُوۡنَ ﴿۵۳﴾ وَلُوۡطًا اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهٖۤ اَتَاۡتُوۡنَ

اَتَاۡتُوۡنَ	لِقَوۡمِهٖۤ	قَالَ	اِذۡ	وَلُوۡطًا	يَتَّقُوۡنَ
کیا آتے ہو تم	اپنی قوم کو	کہا اس نے	جب	اور لوط کو	پرہیزگار

اور متقی تھے۔ اور (یاد کیجئے) لوط علیہ السلام کو جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے فرمایا کیا

الۡفَاحِشَةَ وَ اَنۡتُمۡ تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۵۴﴾ اَٮِٕنَّكُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ

لَتَاۡتُوۡنَ	اَٮِٕنَّكُمۡ	تُبۡصِرُوۡنَ	اَنۡتُمۡ	وَ	الۡفَاحِشَةَ
آتے ہو تم	کیا تم	دیکھتے ہو	تم	اور	بے حیائی کو

تم بے حیائی کرتے ہو حالانکہ تم دیکھتے بھی ہو۔ کیا تم عورتوں کے

الرِّجَالَ شَهۡوَةً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ

قَوۡمٌ	اَنۡتُمۡ	بَلۡ	النِّسَآءِ	مِّنۡ دُوۡنِ	شَهۡوَةً	الرِّجَالَ
قوم ہو	تم	بلکہ	عورتوں کے	سوائے	شہوت سے	مردوں کے پاس

علاوہ مردوں کے پاس شہوت سے آتے ہو؟ بلکہ تم لوگ نادانی

تَجۡهَلُوۡنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا

قَالُوۡۤا	اَنۡ	اِلَّاۤ	قَوۡمِهٖۤ	جَوَابَ	كَانَ	فَمَا	تَجۡهَلُوۡنَ
بولے	یہ کہ	مگر	اس کی قوم کا	جواب	تھا	تو نہیں	جاہلوں کی

کا کام کرتے ہو۔ تو اس کی قوم کا اس کا سوا کچھ جواب نہ تھا بولے

اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

اُنَاسٌ	اِنَّهُمْ	مِّنْ قَرْيَتِكُمْ	لُوْطٍ	اٰلَ	اَخْرِجُوْٓا
لوگ ہیں	بیشک وہ	اپنی بستی سے	لوط کو	آل	نکال دو

لوط علیہ السلام کے گھرانے کو اپنی بستی سے نکال دو یہ لوگ تو بڑے

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا

قَدَّرْنٰهَا	امْرَاَتَهٗ	اِلَّا	اَهْلَهٗٓ	وَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	يَّتَطَهَّرُوْنَ
ہم نے چھوڑا اس کو	اسکی عورت کو	مگر	اسکے گھر والوں کو	اور	تو ہم نے نجات دی اس کو	پاک رہنا چاہتے ہیں

پاک بنتے ہیں۔ پھر ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو بچا لیا سوائے اس کی بیوی کے جس کیلئے

مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ

مَطَرُ	فَسَآءَ	مَّطَرًا	عَلَيْهِمْ	اَمْطَرْنَا	وَ	مِنَ الْغٰبِرِيْنَ
بارش	تو بری ہوئی	ایک بارش	ان پر	بارش کی ہم نے	اور	پیچھے رہنے والوں میں

ہم نے پیچھے رہنا ٹھہرا دیا تھا۔ اور ہم نے ان پر خوب بارش برسائی تو کیا بری تھی بارش

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ

ع ۱۹

عِبَادِهِ	عَلٰى	سَلٰمٌ	وَ	لِلّٰهِ	الْحَمْدُ	قُلِ	الْمُنْذَرِيْنَ
اسکے بندوں کے	اوپر	سلام	اور	اللہ کو ہے	سب تعریف	فرمادو	ڈرائے ہوؤں کی

ڈرائے ہوئے لوگوں پر۔ (اے حبیب ﷺ!) آپ فرمائیں سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں اور سلام اس کے

الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

يُشْرِكُوْنَ	اَمَّا	خَيْرٌ	آٰللّٰهُ	اصْطَفٰى	الَّذِيْنَ
شریک ٹھہراتے ہیں	یا وہ جو	بہتر ہے	کیا اللہ	برگزیدہ ہیں	جو

برگزیدہ بندوں پر کیا اللہ واحد بہتر ہے یا جنہیں وہ (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہیں؟

الجزء ٢٠

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

اَمَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	اَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	مَآءً
یا وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین کو	اور	اتارا	تمہارے لیے	آسمان سے	پانی

بلکہ (ذرا بتاؤ) کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اُتارا پھر ہم نے اس سے

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا

فَاَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	حَدَآئِقَ	ذَاتَ بَهْجَةٍ	مَا	كَانَ	لَكُمْ	اَنْ	تُنْۢبِتُوْا
تو اگائے ہم نے	اسکے سے	باغ	بارونق	نہیں	تھا	تمہارے لیے	یہ کہ	اگاؤ تم

ہرے بھرے باغ اُگائے تمہاری یہ طاقت نہ تھی کہ تم ان (باغوں) کے درخت اُگاتے کیا اللہ کے ساتھ کوئی

شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ ﴿۶۰﴾ اَمَّنْ جَعَلَ

شَجَرَهَا	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	يَّعْدِلُوْنَ	اَمَّنْ	جَعَلَ
اس کا درخت	کیا کوئی اللہ ہے	اللہ کے ساتھ	بلکہ	وہ	قوم ہیں	بے انصاف	یا وہ جس نے	بنایا

اور معبود ہے؟ بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہِ راست سے الگ جا رہے ہیں۔ بلکہ وہ کون ہے جس نے زمین

الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ

الْاَرْضَ	قَرَارًا	وَّ	جَعَلَ	خِلٰلَهَآ	اَنْهٰرًا	وَّ	جَعَلَ	لَهَا	رَوَاسِيَ
زمین کو	بسنے کی جگہ	اور	نکالیں	اسکے درمیان	نہریں	اور	بنائے	اسکے لیے	لنگر

کو ٹھہرنے کی جگہ بنایا؟ اور اس کے درمیان دریا بنائے۔ اور اُس کے لیے پہاڑ بنائے۔

وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

وَ	جَعَلَ	بَيْنَ	الْبَحْرَيْنِ	حَاجِزًا	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
اور	بنایا	درمیان	دو سمندروں کے	پردہ	کیا کوئی اللہ ہے	اللہ کے ساتھ	بلکہ	اکثر ان کے

اور دو سمندروں کے درمیان حدِ فاصل رکھی۔ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ ان میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

السُّوْٓءَ	وَيَكْشِفُ	دَعَاهُ	اِذَا	الْمُضْطَرَّ	يُّجِيْبُ	اَمَّنْ	يَعْلَمُوْنَ	لَا
برائی	اور دور کرتا ہے	پکارتا ہے اسکو	جب	لاچار کی	سنتا ہے	یا وہ جو	جانتے	نہیں

لوگ نہیں جانتے۔ بلکہ کون ہے وہ جو بے قرار شخص کی دعا سنتا ہے جب وہ اسے پکارے اور دور کر دیتا ہے

وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا

مَّا	قَلِيْلًا	مَّعَ اللّٰهِ	ءَاِلٰهٌ	الْاَرْضِ	خُلَفَآءَ	يَجْعَلُكُمْ	وَ
جو	تھوڑا ہے	اللہ کے ساتھ	کیا کوئی اللہ ہے	زمین کا	وارث	بناتا ہے تم کو	اور

برائی اور مصیبت تمہیں زمین کا وارث بناتا ہے کیا اللہ کے ساتھ اور خدا ہے بہت ہی کم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ

مَنْ	وَ	الْبَحْرِ	وَ	الْبَرِّ	فِيْ ظُلُمٰتِ	يَّهْدِيْكُمْ	اَمَّنْ	تَذَكَّرُوْنَ
کون	اور	تری	اور	خشکی	اندھیریوں میں	راہ دکھاتا ہے تم کو	کیا وہ جو	نصیحت لیتے ہو

نصیحت حاصل کرتے ہو۔ بلکہ کون ہے وہ جو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں تمہیں راستہ دکھاتا ہے

يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى

تَعٰلَى	مَّعَ اللّٰهِ	ءَاِلٰهٌ	رَحْمَتِهٖ	بَيْنَ يَدَيْ	بُشْرًا	الرِّيٰحَ	يُّرْسِلُ
بلند ہے	اللہ کے ساتھ	کیا کوئی اللہ ہے	اسکی رحمت کے	آگے	خوشخبری دیتی	ہواؤں کو	بھیجتا ہے

اور جو ہواؤں کو اپنی باران رحمت سے پہلے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اس اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا بھی ہے؟ بہت بلند ہے اللہ ان

اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٣﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ

مَنْ	وَ	يُعِيْدُهٗ	ثُمَّ	الْخَلْقَ	يَّبْدَؤُا	اَمَّنْ	يُشْرِكُوْنَ	عَمَّا	اللّٰهُ
کون	اور	لوٹائے گا اس کو	پھر	مخلوق	پہلی بار پیدا کرتا ہے	کون ہے وہ جو	جو وہ شریک بناتے ہیں	اس سے	اللہ

سے جنہیں وہ اس کا شریک کرتے ہیں۔ بلکہ وہ کون ہے مخلوق کی تخلیق کی ابتداء کرتا ہے پھر اس کا اعادہ کرتا ہے

يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا

يَرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	قُلْ	هَاتُوْا
رزق دیتا ہے تم کو	آسمان سے	اور	زمین سے	کیا کوئی اللہ ہے	اللہ کے ساتھ	فرمادو	لاؤ

اور جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ کیا اس اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا بھی ہے؟

بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

بُرْهَانَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَّا	يَعْلَمُ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ
اپنی دلیل	اگر	ہو تم	سچے	فرماؤ	نہیں	جانتا	جو	آسمانوں میں

فرما دیجئے لاؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے (بذاتِ خود)

وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ

وَ	الْاَرْضِ	الْغَيْبَ	اِلَّا	اللّٰهُ	وَ	مَا	يَشْعُرُوْنَ	اَيَّانَ	يُبْعَثُوْنَ	بَلِ
اور	زمین ہے	غیب	مگر	اللہ	اور	نہیں	سمجھتے کہ	کب	اٹھائے جائینگے	بلکہ

غیب نہیں جانتا اللہ کے سوا اور انہیں خبر نہیں کہ وہ کب اٹھائے جائیں گے۔ کیا قیامت کے

ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ قف بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ قف بَلْ هُمْ

ادّٰرَكَ	عِلْمُهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	بَلْ	هُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْهَا	بَلْ	هُمْ
ختم ہوگیا	ان کا علم	آخرت میں	بلکہ	وہ	شک میں ہیں	اس سے	بلکہ	وہ

بارے میں ان کا علم کامل ہو گیا (کہ وہ ضرور آئے گی؟ نہیں) بلکہ وہ اس کی طرف سے شک میں ہیں

مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا

مِّنْهَا	عَمُوْنَ	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	وَّ	اٰبَآؤُنَآ	اَئِنَّا
اس سے	اندھے ہیں	اور	بولے	وہ جو	کافر ہیں	کیا جب	ہو جائینگے ہم	مٹی	اور	ہمارے باپ دادا	کیا ہم

بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں۔ اور کافر بولے کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے کیا ہم

ع ۵/۸

لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ إِنْ

لَمُخْرَجُوْنَ	لَقَدْ	وُعِدْنَا	هٰذَا	نَحْنُ	وَ	اٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	إِنْ
نکالے جائینگے	بیشک	وعدہ دیئے گئے ہم	یہ	ہم	اور	ہمارے باپ دادا	پہلے سے	نہیں

پھر زندہ کیئے جائیں گے۔ بے شک اس کا وعدہ دیا گیا ہم کو اور ہم سے پہلے ہمارے باپ داداؤں کو

هٰذَآ إِلَّآ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوْا

هٰذَآ	إِلَّآ	أَسَاطِيْرُ	الْأَوَّلِيْنَ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِي الْأَرْضِ	فَانْظُرُوْا
یہ	مگر	کہانیاں	پہلوں کی	فرماؤ	چلو	زمین میں	تو دیکھو

یہ تو محض پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ فرمادیجئے زمین میں پھرو اور دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَ	لَا	تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا تَكُنْ	فِيْ ضَيْقٍ
کیسا	ہوا	انجام	مجرموں کا	اور	نہ	غم کھاؤ	ان پر	اور	آپ نہ ہوں	تنگی میں

کہ مجرموں کا انجام کیسا ہوا۔ اور (اے رسول ﷺ!) آپ ان کیلئے غمگین نہ ہوں اور جو چالیں

مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ

مِمَّا	يَمْكُرُوْنَ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	إِنْ	كُنْتُمْ
اس سے جو	مکر کرتے ہیں	اور	کہتے ہیں	کب ہوگا	یہ	وعدہ	اگر	ہو تم

وہ چلتے ہیں ان سے تنگ نہ ہوں۔ اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہو گا

صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ عَسٰٓى أَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ

صٰدِقِيْنَ	قُلْ	عَسٰى	أَنْ	يَّكُوْنَ	رَدِفَ	لَكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ
سچے	فرماؤ	قریب ہے	یہ کہ	ہو	پیچھے	تمہارے	بعض	اس کا جو

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے کہ شاید بعض وہ چیزیں جن کی تم جلدی مچارہے ہو تم سے

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

لٰكِنَّ	وَ	النَّاسِ	عَلَى	فَضْلٍ	لَذُوْ	رَبَّكَ	اِنَّ	وَ	تَسْتَعْجِلُوْنَ
لیکن	اور	لوگوں کے	اوپر	فضل ہے	صاحب	تمہارا رب	بیشک	اور	جلدی کرتے ہو تم

بہت ہی قریب ہوں گی۔ اور بے شک تمہارا رب لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ

صُدُوْرُهُمْ	تُكِنُّ	مَا	لَيَعْلَمُ	رَبَّكَ	اِنَّ	وَ	يَشْكُرُوْنَ	لَا	اَكْثَرَهُمْ
سینے ان کے	چھپاتے ہیں	جو	جانتا ہے	تمہارا رب	بیشک	اور	شکر کرتے	نہیں	اکثر ان کے

ان میں اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔ اور بے شک تمہارا رب جانتا ہے جو ان کے سینے چھپائے ہوئے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ

فِيْ كِتٰبٍ	اِلَّا	الْاَرْضِ	وَ	فِي السَّمَآءِ	مِنْ غَآئِبَةٍ	مَا	وَ	يُعْلِنُوْنَ	مَا	وَ
کتاب میں	مگر	زمین میں	اور	میں آسمان	کچھ چھپا ہوا	نہیں	اور	ظاہر کرتے ہیں	جو	اور

اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور آسمان اور زمین میں کوئی چھپی چیز نہیں مگر وہ ایک

مُّبِيْنٍ ﴿۷۵﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

اِسْرَآءِيْلَ	بَنِيْٓ	عَلٰى	يَقُصُّ	الْقُرْاٰنَ	هٰذَا	اِنَّ	مُّبِيْنٍ
یعقوب کے	اولاد	اوپر	بیان کرتا ہے	قرآن	یہ	بیشک	روشن ہے

روشن کتاب میں لکھی ہے۔ یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے ان باتوں میں سے

اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾ وَ اِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

رَحْمَةٌ	وَّ	لَهُدًى	اِنَّهٗ	وَ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	هُمْ	الَّذِيْ	اَكْثَرَ
رحمت ہے	اور	ہدایت	بیشک وہ	اور	اختلاف کرتے ہیں	اس میں	وہ	وہ باتیں جو	اکثر

اکثر کو بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور بے شک وہ ایمان والوں کیلئے ہدایت

لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۷۷﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ بِحُكۡمِهٖ‌ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ

الۡعَزِيۡزُ	هُوَ	وَ	بِحُكۡمِهٖ	بَيۡنَهُمۡ	يَقۡضِىۡ	رَبَّكَ	اِنَّ	لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ
عزت والا	وہ	اور	اپنے حکم سے	انکے درمیان	فیصلہ فرمائے گا	تمہارا رب	بیشک	ایمان والوں کیلئے

اور رحمت ہے۔ بے شک آپ کا رب ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا اپنے حکم سے اور وہی بہت عزت والا

الۡعَلِيۡمُ ﴿۷۸﴾ ۚ فَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ‌ ؕ اِنَّكَ عَلَى الۡحَـقِّ الۡمُبِيۡنِ ﴿۷۹﴾ اِنَّكَ

اِنَّكَ	الۡمُبِيۡنِ	الۡحَقِّ	عَلَى	اِنَّكَ	اللّٰهِ	عَلَى	فَتَوَكَّلۡ	الۡعَلِيۡمُ
بیشک تم	روشن کے ہو	حق	اوپر	بیشک آپ	اللہ کے	اوپر	تو بھروسہ کرو	علم والا ہے

بہت علم والا ہے۔ آپ اللہ پر بھروسہ کریں بے شک آپ روشن حق پر ہیں۔ بیشک

لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰى وَلَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوۡا مُدۡبِرِيۡنَ ﴿۸۰﴾

مُدۡبِرِيۡنَ	وَلَّوۡا	اِذَا	الدُّعَآءَ	الصُّمَّ	تُسۡمِعُ	لَا	وَ	الۡمَوۡتٰى	تُسۡمِعُ	لَا
پیٹھ دے کر	پھریں وہ	جب	پکار	بہروں کو	سنا سکتے	نہیں	اور	مُردوں کو	سنا سکتے	نہیں

تمہارے سنائے مردے نہیں سنتے اور نہ تمہارے سنائے بہرے پکار سنیں جب وہ پیٹھ پھیر کر جانے والے ہوں۔

وَمَاۤ اَنۡتَ بِهٰدِى الۡعُمۡىِ عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ‌ ؕ اِنۡ تُسۡمِعُ اِلَّا مَنۡ

مَنۡ	اِلَّا	تُسۡمِعُ	اِنۡ	عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ	الۡعُمۡىِ	بِهٰدِى	اَنۡتَ	مَاۤ	وَ
اسے جو	مگر	سنا سکتے تم	نہیں	ان کی گمراہی سے	اندھوں کو	راہ دکھانے والے	تم	نہیں	اور

اور تم اندھوں کو ان کی گمراہی میں راہ دکھانے والے بھی نہیں تمہارے بنائے تو وہی سنتے ہیں جو ہماری

يُّؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۱﴾ وَاِذَا وَقَعَ الۡقَوۡلُ عَلَيۡهِمۡ

عَلَيۡهِمۡ	الۡقَوۡلُ	وَقَعَ	اِذَا	وَ	مُّسۡلِمُوۡنَ	فَهُمۡ	بِاٰيٰتِنَا	يُّؤۡمِنُ
ان پر	بات	واقع ہوگی	جب	اور	فرمانبردار ہیں	تو وہ	ہماری آیتوں پر	ایمان لاتا ہے

آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں پھر وہ فرمانبردار بھی ہیں۔ اور جب ان پر (عذاب کا) فرمان پورا ہونے کا وقت آجائے گا

اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا

اَخْرَجْنَا	لَهُمْ	دَآبَّةً	مِّنَ الْاَرْضِ	تُكَلِّمُهُمْ	اَنَّ	النَّاسَ	كَانُوْا
نکالیں گے ہم	ان کے لیے	چوپایہ	زمین سے	بولے گا ان سے	بیشک	لوگ	تھے

تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جاندار نکالیں گے جو ان سے گفتگو کرے گا کیونکہ لوگ ہماری نشانیوں

بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ

بِاٰيٰتِنَا	لَا	يُوْقِنُوْنَ	وَ	يَوْمَ	نَحْشُرُ	مِنْ كُلِّ	اُمَّةٍ	فَوْجًا	مِّمَّنْ
ہماری آیتوں کی	نہ	یقین کرتے	اور	جس دن	اکٹھا کرینگے ہم	ہر ایک	گروہ سے	فوج	ان سے جو

پر یقین نہیں کرتے تھے۔ اور جس دن ہم جمع کریں گے ہر امت کے گروہ ان لوگوں میں سے جو ہماری آیتوں کو

يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ

يُّكَذِّبُ	بِاٰيٰتِنَا	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ	حَتّٰى	اِذَا	جَآءُوْ	قَالَ	اَكَذَّبْتُمْ
جھٹلاتے ہیں	ہماری آیتیں	تو وہ	الگ الگ جماعتیں بنائی جائینگی	یہاں تک کہ	جب	آئیں گے	فرمائے گا	کیا تم نے جھٹلایا

جھٹلاتے ہیں تو وہ (ترتیب وار صف بندی کیلئے) روکے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ سب آجائیں گے (رب) فرمائے

بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَوَقَعَ

بِاٰيٰتِىْ	وَ	لَمْ	تُحِيْطُوْا	بِهَا	عِلْمًا	اَمَّاذَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	وَ	وَقَعَ
میری آیتوں کو	اور	نہ	گھیرا تم نے	ان کو	علم سے	یا کیا	تھے تم	عمل کرتے	اور	واقع ہوئی

